www.mashriqquetta.com.pk

ABC CERTIFIED

کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 55 | اتوار 14 ربیع الثانی 1448ھ 27 ستمبر 2026ء صفحات 24 | شمارہ 76

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 50 روپے

سعودی عرب پر حملوں کا ملکر دفاع کرینگے فیلڈ مارشل عاصم منیر کی سعودی وزیر دفاع کو یقین دہانی

سعودی وزیر دفاع کی فیلڈ مارشل عاصم منیر سے ملاقات، باہمی دفاعی تعاون کو مزید فروغ دینے اور مکہ مکرمہ اور سعودی عرب کی اہم تنصیبات پر ہونے والے حملوں کے حوالے سے بات چیت

مکہ معاہدے کے تحت دشمن کے کسی بھی خطرے یا حملے کا موثر طریقے سے مقابلہ کرنے کے لیے فوری طور پر مشترکہ کوششیں اور اقدامات کئے جائیں گے، رہنماؤں کی جانب سے عزم کا اعادہ

پاکستان سعودی عرب اور ترکی کے فوجی سربراہان کا اجلاس، فوجی و دفاعی تعاون بڑھانے، موثر رابطہ کاری اور دشمن کے حملوں کا مل کر فوری اور موثر جواب دینے پر بات چیت کی گئی، اعلامیہ

مکہ معاہدے کے عہد و پیمان کو موثر عسکری تعاون میں تبدیل کرنے کا عزم، اجلاس کے شرکا نے مکہ مکرمہ، شہری آبادی اور اقتصادی تنصیبات پر حملوں کی مذمت کی، آئی ایس پی آر

اسلام آباد (زاہد احمد خان) سعودی وزیر دفاع شہزادہ خالد بن سلمان نے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات کی جس میں خطے کی سیکیورٹی صورتحال اور دفاعی تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ سعودی وزارت دفاع کی جانب سے جاری کردہ پیغام کے مطابق ملاقات میں پاک سعودی عرب باہمی دفاعی تعاون کو مزید فروغ دینے اور دو طرفہ عسکری تعلقات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران مکہ معاہدے کے تحت دفاعی کوششیں بھرپور طریقے سے جاری رکھنے پر مکمل اتفاق کیا گیا جبکہ مکہ معاہدے کے رکن ممالک کے عسکری سربراہان کے حالیہ اجلاس کا بھی خیر مقدم کیا گیا۔ ملاقات میں مکہ مکرمہ اور سعودی عرب کی اہم تنصیبات پر ہونے والے حملوں کے حوالے سے بھی خصوصی بات چیت کی گئی اور مکہ معاہدے کے تحت ایسے کسی بھی خطرے یا حملے کا موثر طریقے سے مقابلہ کرنے کے لیے مشترکہ کوششیں اور اقدامات جاری رکھنے پر زور دیا گیا۔ مکہ دفاعی معاہدے کے عہد و پیمان کو موثر عسکری تعاون میں تبدیل کرنے کا عزم کیا گیا۔ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے میں شامل ممالک کے چیف آف ڈیفنس فورسز اور چیفس آف جنرل اسٹاف کا اجلاس ریاض میں ہوا۔ ترک آرمڈ فورسز کے مطابق اجلاس میں...... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

امن کیلئے دی جانیوالی قربانیاں رائیگاں نہیں جائینگی، وزیر خزانہ

محمد اورنگزیب کا درازندہ میں شہید اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے ڈیرہ اسماعیل خان کے امن میلہ میں کسٹمز کی مشترکہ چیک پوسٹ پر دہشتگرد حملے اور کسٹمز سمیت دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔...... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

سہیل آفریدی خیبر پختونخوا میں اپنی انتظامی ساکھ کھو چکے، عطاء تارڑ



وزیر اعلیٰ انتظامی سطح پر اب سیاسی طور پر بھی فارغ ہیں، پی ٹی آئی کی لانگ مارچ کی کوئی تیاری ہی نہیں تھی، وزیر اطلاعات

یو این میں وزیراعظم نے امت مسلمہ کا مقدمہ لڑا، فلسطینی نمائندوں نے دل کھول کر وزیراعظم کی تقریر کو داد دی، پریس کانفرنس

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر اطلاعات عطا تارڑ کا کہنا ہے کہ وزیر اعلیٰ کے پی سہیل آفریدی اپنی انتظامی ساکھ کھو چکے ہیں، ان کی اپنی پارٹی پر "رٹ" ختم ہو چکی ہے۔ اسلام آباد میں وزیر اعظم کے کوآرڈینیٹر اختیار ولی کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا کہ سہیل آفریدی انتظامی سطح پر فارغ تھے اب سیاسی طور پر...... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے فوجی سربراہان کے مشترکہ اجلاس میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر و دیگر شریک ہیں

ڈکی: مسلح افراد کا کنسٹرکشن کمپنی کے کیمپ پر حملہ، 1 گارڈ شہید، 12 مزدور اغوا

دو افراد زخمی، مسلح افراد شناختی کارڈ چیک کرنے کے بعد 12 مزدوروں کو اپنے ہمراہ لے گئے، 10 کا تعلق پنجاب سے تھا

کیمپ میں موجود بھاری مشینری اور 4 گاڑیوں کو بھی جلا دیا گیا، فورسز نے ملزمان کی تلاش کیلئے سرچ آپریشن شروع کر دیا

کوئٹہ (آن لائن + یو این اے) بلوچستان کے علاقے دکی میں نامعلوم ملزمان کی جانب سے پلازی کے مقام پر کنسٹرکشن کمپنی کے کیمپ پر حملے کے نتیجے میں ایک سیکیورٹی گارڈ شہید اور 2 افراد زخمی ہو گئے۔ مسلح افراد شناختی کارڈ چیک کرنے کے بعد 12 افراد کو اغوا کر کے لے گئے۔ ذرائع کے مطابق گزشتہ روز دکی میں نانا صاحب زیارت کے علاقے پلازی میں کنسٹرکشن کمپنی کے قریب مسلح افراد نے مزدوروں کو اغوا کر لیا، بھاری...... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

بارود سے بھری گاڑی چیک پوسٹ سے ٹکرائی گئی، زخمیوں کی حالت تشویشناک، ہلاکتوں میں مزید اضافے کا خدشہ، حکومت دہشتگردی کے مکمل خاتمے کیلئے پرعزم اور دہشتگرد عناصر کیخلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی، وزیراعظم

ڈیرہ بگٹی: گھر پر حملہ، 16 دہشتگرد ہلاک، ایک جوان شہید، ڈی آئی خان: چیک پوسٹ پر خودکش حملہ، اہلکاروں سمیت 12 شہید، 35 زخمی

شہدائیں 2 بچے اور 2 خواتین شامل

ڈیرہ بگٹی کے علاقے پیہ لوٹی میں چیئرمین ضلع کونسل وڈیرہ غلام نبی شمبانی کے گھر پر مسلح افراد کے حملے کے بعد امن فورس کی کارروائی 16 مسلح افراد ہلاک متعدد زخمی ہوئے، دیگر حملہ آور فرار

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے خصوصی احکامات پر ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد امن فورس کے زخمی جوانوں کو حکومت بلوچستان کے ایئر ایمبولینس کے ذریعے کراچی منتقل کر دیا گیا

ڈی آئی خان کے علاقے امن میلہ چیک پوسٹ پر بارود سے بھری گاڑی ٹکرائی، شہداء میں ایک کسٹمز اہلکار بھی شامل، سیکورٹی فورسز نے علاقے کا گھیراؤ کر کے دہشت گردوں کی تلاش شروع کر دی

ملک کے امن و استحکام کیلئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء پوری قوم کا فخر ہیں، شہباز شریف، خوارج کی بزدلانہ کارروائیاں دہشتگردی کیخلاف قوم کا عزم کمزور نہیں کر سکتیں، محسن نقوی

کوئٹہ، ڈی آئی خان (آن لائن، م ڈ) ضلع ڈیرہ بگٹی کے علاقے پیہ لوٹی میں چیئرمین ضلع کونسل ڈیرہ بگٹی وڈیرہ غلام نبی شمبانی کے گھر پر مسلح افراد کی جانب سے حملے کے بعد سیکورٹی کی صورتحال کشیدہ ہو گئی قبائلی ذرائع کے مطابق حملہ گزشتہ شب کیا گیا جس کے فوراً بعد...... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

ڈی آئی خان درازندہ کسٹم چیک پوسٹ پر خودکش حملے کے بعد علاقے کے لوگ جائے وقوعہ پر جمع ہیں جبکہ زخمیوں کو ہسپتال منتقل کیا جا رہا ہے

افغان سرزمین سے دہشتگردی روکنا ناگزیر ہے، نائب وزیراعظم

مشرق وسطیٰ اور خطے کی بدلتی سیکیورٹی صورتحال پر پاکستان کو گہری تشویش

موسمیاتی تبدیلی خطے کی زرعی اور آبی سلامتی کے لیے سنگین خطرہ بن چکی ہے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے واضح کیا ہے کہ جب تک افغان سرزمین سے دہشت گردی کا خاتمہ نہیں ہوتا، پورے خطے میں امن اور خوشحالی کا قیام ممکن نہیں۔ انہوں نے کہا کہ علاقائی تعاون کو مستحکم کرنے کے لیے محض بات چیت کافی نہیں بلکہ عملی اقدامات کی ضرورت ہے۔ ای سی او ممالک کے...... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

قوم اپنے شہداء کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کرے گی، ایاز صادق

اسلام آباد (آن لائن) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے ڈیرہ اسماعیل خان کے علاقے درازندہ میں انسداد اسمگلنگ "امن میلہ پولیس چیک پوسٹ" پر ہونے والے خودکش حملے کی شدید مذمت کی ہے۔ سردار ایاز صادق نے دھماکے کے نتیجے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے شہداء کے اہلخانہ سے دلی ہمدردی اور...... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

دہشتگردوں کیخلاف کارروائیاں مزید موثر بنائی جائیں، صدر مملکت

آصف علی زرداری کی ڈیرہ اسماعیل خان میں دہشت گرد حملے کی شدید مذمت

اسلام آباد (زاہد احمد خان) صدر مملکت آصف علی زرداری نے ڈیرہ اسماعیل خان میں پولیس چیک پوسٹ پر ہونے والے بم دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہوئے قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ صدر مملکت نے دہشت گرد حملے میں شہید ہونے والے افراد کے اہلخانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کے درجات بلند فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ آصف علی زرداری نے دھماکے میں زخمی ہونے والے افراد کی جلد صحتیابی کے لیے بھی دعا کی۔ انہوں نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں اور امدادی کارروائیاں...... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

ڈونلڈ ٹرمپ کا ٹروتھ سوشل پر نقشہ شیئر، مزکو آبنائے ٹرمپ ظاہر کر دیا

آئندہ اسے سٹیٹ آف ٹرمپ کے نام سے لکھا اور پکارا جائے، وائٹ ہاؤس، وزیراعظم شہباز شریف کا بیان بھی شیئر کر دیا

امریکی صدر نے پاکستان کیخلاف بھارتی اشتعال انگیز اقدام کو مسترد کر دیا، بھارتی فالس فلیگ ڈرامہ ایک بار پھر بے نقاب

واشنگٹن (م ڈ) بھارتی فالس فلیگ ڈرامہ بے نقاب، صدر ٹرمپ نے پاکستان کیخلاف بھارتی اشتعال انگیز اقدام کو مسترد کر دیا۔ امریکی صدر ٹرمپ نے بھارتی اشتعال انگیزی اور پاکستان کے منہ توڑ جواب پر وزیراعظم شہباز شریف کے بیان کو سوشل میڈیا پر شیئر کر دیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81ویں اجلاس سے خطاب میں کہا کہ بھارت نے من گھڑت بہانے کے تحت جارحیت کی جس پر فیلڈ...... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

مجتبیٰ خامنہ ای مکمل صحتمند ہیں، ان کے زخم بھی ٹھیک ہو چکے، ایرانی صدر

سپریم لیڈر سے موجودہ صورتحال پر 2 مرتبہ ملاقات ہوئی، مسعود پزشکیان

تہران (م ڈ) ایران کے صدر مسعود پزشکیان کا کہنا ہے کہ سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای طبی طور پر مکمل صحتمند ہیں اور ان کے زخم بھی ٹھیک ہو چکے ہیں۔ امریکی نشریاتی ادارے...... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

آئی جی بلوچستان محمد طاہر پولیس لائن کوئٹہ میں پولیس دربار سے خطاب کر رہے ہیں

جعلی سرٹیفکیٹس پر بیرون ملک بھیجنے والے ملزمان گرفتار

اسلام آباد (زاہد احمد خان) اسپیشل کورٹ (سنٹرل) راولپنڈی کے جج عبدالرحمن محمد عارف نے مقدمہ نمبر 103/2024 (پولیس اسٹیشن ایف آئی اے سی سی اسلام آباد) میں دو ملزمان کو پاکستان پینل کوڈ، امیگریشن آرڈیننس 1979 اور پریونشن آف کرپشن ایکٹ 1947 کی متعلقہ دفعات کے تحت مجموعی طور...... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

یمن کے حوثیوں کے 2 ڈرون حملے ناکام بنا دیئے، سعودی اتحادی افواج

ریاض (این این آئی) سعودی اتحادی افواج نے کہا ہے کہ یمن کے حوثیوں کے 2 ڈرون حملے ناکام بنا دیئے۔ سعودی اتحادی افواج کے مطابق ڈرونز سعودی دارالحکومت ریاض کی طرف بھیجے گئے تھے، دونوں ڈرونز کو فضا میں ہی تباہ کر دیا گیا۔ اتحادی افواج کا کہنا تھا کہ خمیس مشیط کی جانب داغا گیا حوثیوں کا بیلسٹک...... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

درازندہ: ریسکیو 1122 ایمبولینس پر فائرنگ، 2 اہلکار شہید

دھماکہ کے زخمیوں کی منتقلی کے دوران ایمبولینس نشانہ بن گئی، ذرائع

ڈیرہ اسماعیل خان (آن لائن) درازندہ سے ڈیرہ اسماعیل خان جانے والی ریسکیو 1122 کی ایمبولینس پر فائرنگ کے نتیجے میں دو ریسکیو اہلکار جاں بحق ہو گئے۔ سیکیورٹی فورسز کی جانب سے کارروائی اور مبینہ حملہ آوروں کے خلاف آپریشن جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق ریسکیو 1122 کی ایمبولینس دھماکے...... واقعے کے بعد علاقے میں...... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

ایمان مزاری و شوہر کی عدم پیشی، اڈیالہ جیل حکام کو شوکاز جاری

سپرنٹنڈنٹ جیل جواب دیں کیوں نہ 6 ماہ کی سزا دی جائے؟، اے ٹی سی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) انسداد دہشت گردی کی عدالت نے ایمان مزاری اور ان کے شوہر ہادی علی کے وکالت نامے پیش نہ کرنے اور انہیں ویڈیو لنک کے ذریعے عدالت...... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

ایران کی سعودی عرب اور حوثیوں کا تنازعہ حل کرنے کیلئے مدد کی پیشکش

یمن کے حوثیوں اور سعودی عرب کو اپنے اختلافات بات چیت سے حل کرنے چاہئیں، ایران نے صرف امریکی اڈوں کو نشانہ بنایا

امریکا کا منصوبہ مسلم ممالک کو آپس میں لڑوا کر خطے کے وسائل پر قبضہ کرنا ہے، ایرانی صدر مسعود پزشکیان کا قطری میڈیا کو انٹرویو

دوحہ (م ڈ) قطری نشریاتی ادارے کو انٹرویو میں ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا کہ سعودی عرب اور یمن کے حوثیوں کو اپنے اختلافات بات چیت سے حل کرنے چاہئیں۔ ایرانی صدر کا مزید کہنا تھا کہ امریکا اور اسرائیل نے مسلم ممالک کی فضائی حدود سے ایران پر حملہ کیا پھر ایران نے خطے میں امریکی اڈوں کو نشانہ بنایا کیونکہ وہاں سے ایران پر حملے ہوئے، امریکا کا منصوبہ مسلم ممالک کو آپس میں لڑوا کر خطے کے وسائل پر قبضہ کرنا ہے۔ ایرانی صدر کا کہنا تھا کہ...... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کی ڈیجیٹل فنانس اور اے آئی میں اہم پیش رفت

گلوبل ساؤتھ کو عالمی مالیاتی نظام کے نئے قواعد میں شریک ہونا ہوگا

نیویارک (آن لائن) پاکستان نے ڈیجیٹل فنانس اور ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز کے شعبے میں عالمی سطح پر اپنی شمولیت بڑھاتے ہوئے اقوام متحدہ میں ٹوکنائزیشن سے...... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

بلاول سے پرویز اشرف اور چوہدری یاسین کی ملاقاتیں

زرداری ہاؤس میں ملاقات میں ملکی و سیاسی امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے پیپلز پارٹی پنجاب کے صدر اور سابق وزیراعظم راجہ پرویز اشرف نے زرداری ہاؤس...... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی احتجاج، انسداد دہشتگردی عدالت، فیصلہ پیر کو سنائے گی

تمام بقیہ ملزمان کے 342 کے بیانات جمع کروائے جائیں، عدالت

اسلام آباد (آئی این پی) انسداد دہشتگردی عدالت اسلام آباد نے پاکستان تحریک انصاف کے 26 نومبر احتجاج پر درج مقدمے کا فیصلہ 28 ستمبر کو سنانے کا اعلان...... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

سعودیہ کے نئے سفیر ڈاکٹر راجح تامی البغامی اسلام آباد پہنچ گئے

پاکستان پہنچنے پر سفارتی مشن کے حکام نے نئے سفیر کا استقبال کیا

اسلام آباد (آن لائن) سعودی عرب کے پاکستان میں نئے مقرر ہونے والے سفیر ڈاکٹر راجح تامی البغامی ہفتے کے روز اسلام آباد پہنچ گئے، جہاں وہ جلد اپنی سفارتی...... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر جعفر مندوخیل، سابق وزیر خلیل جارج کے اعزاز میں منعقدہ اقلیتی برادری کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

جنگ مسلط کی گئی تو پچھلے سال کی طرح حشر کرینگے، خواجہ آصف کی بھارت کو دھمکی

پاکستان اور عالمی سطح پر درپیش تمام مسائل کو وزیراعظم شہباز شریف نے اقوام متحدہ میں اجاگر کیا ہے، وزیر دفاع

ماضی کی حکومت نے اپنے اقتدار کے دوام کیلئے افغان پالیسی اپنائی تھی، ہمارا اس پالیسی کے ساتھ کوئی تعلق نہیں

افغان پالیسی نے ہمارے راستے میں کانٹے بچھائے جو ہم اپنی آنکھوں سے چن رہے ہیں، میڈیا سے بات چیت

اسلام آباد (شاکر رحمان سے) وزیر دفاع خواجہ آصف کا کہنا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف نے بھارت کو خبردار کیا ہے کہ اگر ہم پر جنگ مسلط کی گئی تو پچھلے سال کی طرح حشر کریں گے۔ نیویارک میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے وزیر دفاع نے کہا کہ ماضی کی حکومت نے اپنے اقتدار کے دوام کیلئے افغان پالیسی اپنائی تھی، ہمارا اس پالیسی کے ساتھ کوئی تعلق نہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ افغان پالیسی نے ہمارے راستے میں کانٹے بچھائے جو ہم اپنی آنکھوں سے چن...... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

سریاب: فائرنگ تبادلہ کے بعد 2 ڈاکو ہلاک، 1 گرفتار

3 پسٹل بمعہ راؤنڈ اور 3 موٹر سائیکلیں برآمد کر لی گئیں، پولیس حکام

کوئٹہ (آن لائن) سریاب پولیس اور ڈاکوؤں کے درمیان فائرنگ کے تبادلے میں 2 ملزمان ہلاک اور 1 کو زخمی حالت میں گرفتار کر کے ان کے قبضے سے اسلحہ اور موٹر...... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

محسن نقوی نے رکن اسمبلی کی گرفتاری کی اجازت پر سوال اٹھا دیا

اگر کوئی رکن کسی کو قتل کر دے تو کیا پولیس پہلے اسپیکر سے اجازت لیگی؟، بیان

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے خیبر پختونخوا میں اب مبینہ طور پر کسی رکن اسمبلی کی گرفتاری سے پہلے اسپیکر سے اجازت لینے کے معاملے پر سوال اٹھا دیا۔ محسن نقوی نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ پر اپنے بیان میں کہا کہ خیبر پختونخوا میں ارکان صوبائی اسمبلی کی فوجداری مقدمہ ہو تو گرفتاری سے پہلے اسپیکر...... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

یاسمین راشد کی دوران قید تکیوں و صوفے کشنز پر کشیدہ کاری

67 سالہ اسیر رہنما کی مہارت و فن نے لوگوں کو حیرت میں مبتلا کر دیا

لاہور (بیورو رپورٹ) پنجاب کی سابق وزیر صحت اور رہنما پی ٹی آئی ڈاکٹر یاسمین راشد نے قید کے دوران تکیوں اور صوفے کے کشنز پر ہاتھ سے خوبصورت کشیدہ...... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

موثر سفارتکاری سے عالمی سطح پر ملکی وقار میں اضافہ ہوا، گورنر بلوچستان

موجودہ قیادت نے ملک کو مشکل معاشی حالات سے نکالنے اور ڈیفالٹ کے خطرے سے بچانے کیلئے اہم اقدامات کئے

وزیراعظم، فیلڈ مارشل اور دیگر قیادت نے کامیاب خارجہ پالیسی کے ذریعے امن کیلئے اہم کردار ادا کیا، جلسے سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کرسچن کمیونٹی کا نمائندہ اور سابق وفاقی وزیر خلیل جارج کے شمولیتی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج کا شمولیتی جلسہ پاکستان مسلم لیگ (ن) کیلئے ایک اہم سنگ میل ہے جس سے پارٹی کو دوبارہ متحد اور...... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد: سیف سٹی پراپرٹیز کو نقصان پہنچانے پر جرمانے ہونگے

صدر نے آرڈیننس کی منظوری دیدی، مقصد نظام کو نقصان سے بچانا ہے

کیمروں یا انفرا اسٹرکچر کو نقصان پہنچانے پر 20 لاکھ جرمانہ عائد ہو سکتا ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد میں سیف سٹی کیمروں اور سیف سٹی انفرا اسٹرکچر کو نقصان پہنچانے پر 20 لاکھ روپے تک جرمانہ عائد ہوگا، صدر نے آرڈیننس...... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی دہشتگردی کے خاتمے کیلئے سنجیدہ نہیں، امیر مقام

پشاور (م ڈ) وفاقی وزیر امیر مقام کا کہنا ہے کہ دہشت گردی سب سے بڑا مسئلہ ہے اور پی ٹی آئی دہشت گردی کے خاتمے کے لیے سنجیدہ نہیں، خیبر پختونخوا حکومت...... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

سیلز ٹیکس ریٹرنز کی الیکٹرانک جانچ پڑتال کا نظام متعارف

کمپیوٹرائزڈ نظام سے حقائق، قانونی غلطیوں یا تضادات کی نشاندہی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے سیلز ٹیکس ریٹرنز کی الیکٹرانک جانچ پڑتال کا طریقہ کار متعارف کرا دیا ہے۔ نئے نظام...... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

متاثرہ ٹھیکیدار سید محمد ایاز آغا، مرکزی انجمن تاجران کے صدر عبدالرحیم کاکڑ و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

آئی ایم ایف مشن کا اسٹیٹ بینک کی معاشی بریفنگ پر اظہار اطمینان

چوتھے اقتصادی جائزے پر پالیسی سطح مذاکرات پیر سے اسلام آباد میں ہوں

مشن گزشتہ 3 روز سے کراچی میں قیام پذیر تھا، اسٹیٹ بینک بارے سندھ حکومت کی بریفنگ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) آئی ایم ایف مشن نے اسٹیٹ بینک حکام کی معاشی بریفنگ پر اظہار اطمینان کیا ہے۔ پاکستان اور بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف...... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

خضدار: سردار اسلم بزنجو کی رہائشگاہ پر فائرنگ، 1 گارڈ زخمی

صوبائی وزیر واقعہ کے وقت اپنے گھر میں موجود نہیں تھے، ذرائع

خضدار (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما سابق صوبائی وزیر سردار محمد اسلم بزنجو کی رہائشگاہ پر فائرنگ سے ایک گارڈ زخمی۔ تفصیلات کے مطابق ہفتے کی رات کو...... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان کی کاوشوں سے صوبے میں 28 ڈائیلاسز مراکز قائم

مراکز کے قیام کا مقصد گردوں کے امراض میں مبتلا مریضوں کو اپنے ہی علاقوں میں بہتر علاج کی سہولت فراہم کرنا ہے، بخت محمد کاکڑ

باقی ماندہ اضلاع میں بھی ڈائیلاسز مراکز کے قیام کا عمل جاری جنہیں رواں سال کے اختتام تک مکمل کرنے کا ہدف مقرر ہے، صوبائی وزیر صحت

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق بلوچستان کے دور دراز علاقوں میں امراض گردہ کے مریضوں کو علاج معالجے اور طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے محکمہ صحت بلوچستان نے صوبے میں 28 ڈائیلاسز مراکز قائم کر دیئے گئے، جبکہ باقی...... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

جنگ آمیز مواد، کیپٹن صفدر کی میاں داؤد کے خلاف درخواست

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما کیپٹن (ر) محمد صفدر نے صحافی و وکیل میاں داؤد کے خلاف نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی...... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

کچھی: مسلح افراد کا تھانہ اور دیگر سرکاری عمارتوں پر حملہ

حاجی شہر تھانہ دھماکے سے اڑا دیا، عمارت کا بیشتر حصہ زمین بوس

تھانہ و عمارت خالی ہونے کی وجہ سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، پولیس

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) کچھی کے علاقے حاجی شہر میں مسلح افراد کا پولیس تھانے سمیت دیگر سرکاری عمارتوں پر حملہ، عوام میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ پولیس کے...... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

لاہور: پی ٹی آئی دھرنے کیلئے جتھہ تیار کرنے پر 1 شخص گرفتار

ابتدائی بیان پر خاتون سمیت 2 افراد کے خلاف بغاوت کا مقدمہ درج

لاہور (بیورو رپورٹ) لاہور پولیس نے اسلام آباد میں پی ٹی آئی دھرنے کے لیے جتھہ تیار کرنے کے الزام میں ایک شخص کو گرفتار کر لیا، ملزم کے ابتدائی بیان کی بنیاد پر...... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کی وفاقی حکومت کو مذاکرات کی پیشکش

مارچ کے بعد مذاکرات کرنے ہیں تو پہلے کیوں نہیں، 7 دن میں وفاق مسئلہ حل کرنا چاہے تو افہام و تفہیم سے کر لے

سیاسی کمیٹی کا فیصلہ تھا کہ وقت دیا جائے، لانگ مارچ میں تاخیر بھی حکمت عملی کا حصہ ہے، 4 اکتوبر کا فیصلہ اٹل ہے، گفتگو

پشاور (م ڈ) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے وفاقی حکومت کو مذاکرات کی پیشکش کر دی۔ پشاور میں سینئر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا کہ لانگ مارچ کے بعد مذاکرات کرنے ہیں تو پہلے کیوں نہیں...... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

دکی، مسلح افراد کی جانب سے کنسٹرکشن کمپنی کے کیمپ پر حملے کے بعد گاڑیوں کو نذر آتش کر دیا گیا

پولیس قیام امن کیلئے ہر اول دستے کا کردار ادا کر رہی ہے، آئی جی

فرائض کی انجام دہی کے دوران پولیس افسران اور جوانوں کی لازوال قربانیوں کو ہمیشہ قدر کی نگاہ سے دیکھا جائیگا

افسران اور جوانوں کی پیشہ ورانہ استعداد میں اضافے اور جدید خطوط پر تربیت پر بھرپور توجہ دی جا رہی ہے، محمد طاہر

کوئٹہ (آن لائن) انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان محمد طاہر نے کہا ہے کہ پولیس ایک منظم اور نظم و ضبط کی پابند فورس ہے جو عوام کے جان و مال کے تحفظ، قیام امن اور دہشت گردی و جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر کارروائیوں میں ہر اول دستے کا کردار...... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ میں پہلی ادبی ورکشاپ اور عہد جون ایلیا مشاعرہ

ادبی سرگرمی میں مختلف بوائز و گرلز کالجز کے طلبہ و طالبات نے شرکت کی، جبکہ ادب کے مختلف اصناف سے وابستہ معروف اہلِ قلم نے نوجوانوں کو تحریر، تخلیق اور مطالعے کی اہمیت سے روشناس کرایا۔ تقریب کا بنیادی مقصد نوجوان نسل کو ادب کی طرف راغب کرنا، ان کی تخلیقی صلاحیتوں کو اجاگر کرنا اور انہیں لکھنے، پڑھنے اور اظہارِ خیال کے مواقع فراہم کرنا تھا۔ اس موقع پر مقررین نے اس امر پر زور دیا کہ ادب محض الفاظ کو خوبصورت انداز میں ترتیب دینے کا نام نہیں بلکہ یہ معاشرے کے فکری، اخلاقی اور تہذیبی مزاج کی تشکیل میں بھی اہم کردار ادا کرتا ہے۔ ایسے میں نوجوانوں کو ادب سے جوڑنا دراصل ایک بہتر، باشعور اور حساس معاشرے کی تشکیل کی کوشش ہے۔

ادبی ورکشاپ کے مختلف سیشنز میں ادب کی متعدد اصناف کو موضوع بنایا گیا۔ پہلے سیشن میں ادبِ اطفال کے حوالے سے راقم الحروف (شیخ فرید) نے گفتگو کی اور بچوں کے لیے تخلیق کیے جانے والے ادب کی اہمیت، اس کے تقاضوں اور اس کے ذریعے نئی نسل کی فکری تربیت کے پہلوؤں پر روشنی ڈالی۔ ورکشاپ کے دوسرے سیشن میں افسانہ اور ناول زیرِ بحث آئے، جس میں معروف ادیب آغا گل نے اظہارِ خیال کیا۔ انہوں نے افسانے اور ناول کی فنی ساخت، کردار نگاری، موضوعات اور معاشرتی حقیقتوں کے ادبی اظہار کے حوالے سے شرکاء کو آگاہ کیا۔ اس سیشن میں نوجوانوں کو اس جانب متوجہ کیا گیا کہ ایک اچھا افسانہ یا ناول محض ایک کہانی نہیں ہوتا بلکہ اس کے پسِ پردہ انسانی نفسیات، معاشرتی رویوں اور زندگی کے مختلف تجربات بھی کارفرما ہوتے ہیں۔ تیسرے سیشن میں سفرنامہ موضوعِ گفتگو رہا۔ معروف قلم کار شفقت عاصمی نے سفرنامہ نگاری کے مختلف پہلوؤں پر گفتگو کرتے ہوئے

موقع ملا۔ تقریب کی نظامت کے فرائض فاریہ بتول نے انجام دیے، جبکہ عکس بندی کی ذمہ داری ڈاکٹر رضا نے نبھائی۔ پوری ورکشاپ ملک ارسلان قیاش، بی بی او کی نگرانی میں منعقد ہوئی۔ اس موقع پر عجب سائل، اکبر ساسولی اور ظفر خان نے معاونت کی۔ تقریب کی مہمانِ گرامی ریڈیو پاکستان کوئٹہ کی اسٹیشن ڈائریکٹر صدیقہ ملائی تھیں، جبکہ محکمہ ثقافت کے ڈائریکٹر داؤد خان ترین نے بطور مہمانِ اعزاز شرکت کی۔ ادبی ورکشاپ کے اختتام پر طلبہ و طالبات کو اپنی تخلیقی صلاحیتوں کے اظہار کا موقع بھی فراہم کیا گیا۔ نثر سے دلچسپی رکھنے والے منتخب شرکاء میں سے ایک لکھاری کو اپنی تحریر پیش کرنے کی دعوت دی گئی، جبکہ شاعری سے وابستہ نوجوانوں کے لیے مشاعرے کا اہتمام بھی کیا گیا۔ اس طرح ورکشاپ محض لیکچرز اور گفتگو تک محدود نہیں رہی بلکہ نوجوانوں کو عملی طور پر اپنے ادبی ذوق اور تخلیقی صلاحیتوں کے اظہار کا موقع بھی ملا۔

نوجوان شاعر اور عالمی سطح کے شہرت یافتہ شاعر جون ایلیا کے عقیدت مند غلام علی جون نے ادبی دنیا میں بہت کم وقت، بہت زیادہ نام اور مقام بنالیا ہے۔ موصوف جون ایلیا کی محبت اور عقیدت میں عہدِ جون ایلیا کے نام سے پاکستان بھر میں مشاعرے کرانے کا اعلان کیا ہے۔ کوئٹہ میں مشاعرہ معروف شاعر سرور جاوید کی صدارت میں ہوا مہمانانِ گرامی میں محترمہ تسنیم صنم، محترمہ قمیدہ گل، اور محترمہ جہاں آراء تھیں۔ مہمانِ خاص کے طور پر ڈاکٹر جمیل قزلباش، عظمیٰ جون اور محسن چنگیزی شامل تھے۔ مشاعرے میں کوئٹہ کے مقامی شعراء کرام کی بڑی تعداد نے اپنا خیال افروز کلام پیش کر کے سامعین سے دادِ تحسین حاصل کی۔ پشتون ثقافتی دن کی مناسبت سے پشتو اکیڈمی سمیت مختلف ادبی و سماجی تنظیموں نے تقاریب کا انعقاد کیا گیا۔

بلوچستان کا کلیفٹ پیلیٹ پروجیکٹ کے تحت 41 بچوں کے کامیاب آپریشن

عوام کی شمولیت پارٹی سیاست پر کھلی اعتماد کا مظہر ہے، پشتونخوامیپ

صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کالونی نواں کلی میں حاجی جعفر کے انتقال پر انکے لواحقین سے تعزیت اور فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

محکمہ صحت کے ریٹائرمنٹ ملازمین دفتروں کے دھکے کھانے پر مجبور ہیں

پنشن، جی پی فنڈ اور دیگر واجبات کی فائلیں مختلف دفاتر میں مہینوں سے پڑی ہیں

تمام نظام کو کمپیوٹرائزڈ اور آن لائن کیا جائے، پینڈنگ فائلوں کو ایک ہفتے میں کلیئر کیا جائے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان الائیڈ ہیلتھ پروفیشنل ایسوسی ایشن بلوچستان اس امر پر شدید تشویش کا اظہار کرتی ہے کہ ہمارے محکمہ صحت کے وہ ملازمین جنہوں نے اپنی زندگی کے 30 سے 35 قیمتی سال عوام کی خدمت میں گزارے، آج ریٹائرمنٹ کے بعد دفتروں کے دھکے کھانے پر مجبور ہیں۔ محکمہ صحت بلوچستان میں سینکڑوں کی تعداد میں ہمارے الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز، پیرامیڈیکس اور دیگر ملازمین کی پنشن، جی پی فنڈ اور دیگر واجبات کی فائلیں MS کی میزوں پر اور مختلف دفاتر میں مہینوں سے پینڈنگ پڑی ہیں۔ ایک غریب ملازم جو ساری زندگی مریضوں کی خدمت کرتا ہے، اسے اپنی ہی جمع پونجی کے حصول کے لیے دربدر ہونا پڑتا ہے، جو کہ سراسر ناانصافی ہے۔ آج دنیا آرٹیفشل اور ڈیجیٹل گورننس کے دور میں داخل ہو چکی ہے، دنیا بھر میں نظام ایک کلک پر ہو چکے ہیں، مگر بلوچستان میں آج بھی سو سالہ پرانا فرسودہ نظام رائج ہے۔ بنڈلوں کی صورت میں فائلیں، فوٹو کاپیوں کا انبار، ڈی ڈی او کے دستخط، اکاؤنٹ آفس اور اے جی آفس کے چکر، یہ وہ اذیت ناک مراحل ہیں جن سے ایک ضعیف العمر ملازم کو گزرنا پڑتا ہے۔ پاکستان الائیڈ ہیلتھ پروفیشنل ایسوسی ایشن بلوچستان حکومت بلوچستان، وزیر اعلیٰ، چیف سیکرٹری، سیکرٹری صحت اور سیکرٹری خزانہ سے پرزور مطالبہ کرتی ہے کہ پنشن کے تمام نظام کو فوری طور پر مکمل کمپیوٹرائزڈ اور آن لائن کیا جائے۔ محکمہ صحت کے تمام ایم ایس ایز کو پابند کیا جائے کہ وہ الائیڈ ہیلتھ ملازمین کی پینڈنگ فائلوں کو ایک ہفتے کے اندر کلیئر کریں۔ ریٹائرمنٹ سے 6 ماہ قبل ہی پنشن کیس کی تیاری خودکار نظام کے تحت شروع کی جائے تاکہ ملازم کو ریٹائرمنٹ والے دن ہی تمام واجبات مل سکیں۔ پنشنرز کو دفتروں کے دھکوں سے نجات دلائی جائے اور ان کی عزتِ نفس کا خیال رکھا جائے۔ پنشن کوئی خیرات نہیں، یہ ہمارے ملازمین کی ساری زندگی کی خدمت کا حق ہے۔ اگر ہمارے مطالبات پر فوری عمل درآمد نہ کیا گیا تو ایسوسی ایشن بھرپور احتجاج کا حق محفوظ رکھتی ہے۔

پشتونخوامیپ ضلع کوئٹہ کے ایگزیکٹیوز کا اجلاس 28 ستمبر کو منعقد ہوگا

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ کے ضلعی ایگزیکٹیوز کا اجلاس 28 ستمبر بروز سوموار شام 4 بجے پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ میں منعقد ہوگا۔ اجلاس کے تمام اراکین کو بروقت شرکت کی ہدایت کی گئی ہے۔

ساجد ہسپتال کے سامنے گندے پانی کے نکاسی کو جلد بہتر کیا جائے

کوئٹہ (اے این این) کوئٹہ کے معروف علاقے کی مشہور ساجد ہسپتال زرغون روڈ کوئٹہ کچرہ اور نالے کے گندہ پانی سے شہری اور مریض پریشان ہوگئے ہیں، گندگی نے آس پاس کے علاقوں میں ڈیرہ ڈال دیا ہے، مریضوں کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، ہسپتال حکام کا کہنا ہے صفائی والوں سے بھی رابطہ کیا گیا ہے، تاہم کوئی شنوائی نہیں ہوئی ہے۔ نالی کا گندا پانی اور کچرہ مین سڑک پر پڑا ہے، آنے جانے سے نمازی شہریوں کے کپڑے بھی گندے ہو جاتے ہیں۔ کوئی پرسانِ حال نہیں شہریوں نے حکام بالا سے التجا کی ہے کہ خدارا ساجد ہسپتال کے سامنے مین شاہراہ زرغون روڈ پر گندے پانی اور ابلتے ہوئے گٹرز کو بند کر کے مذکورہ علاقے میں صفائی کا انتظام جلد از جلد درست کیا جائے۔

عمران خان سمیت تمام سیاسی قیدیوں کو فوری رہا کیا جائے، سابق میئر کوئٹہ

امن و امان کے مسائل کے حل کے لیے سیاسی انداز میں بات چیت کا آغاز کیا جائے

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے رہنما سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ نے ریاست پاکستان کے ذمہ داروں سے کہا ہے کہ اب وقت آچکا ہے کہ عمران خان سمیت تمام سیاسی قیدیوں کو فوری طور سے باعزت طور سے رہا کریں اور تمام کے خود ساختہ بنائے گئے بوگس کیسوں کو فوری طور سے ختم کیا جائے اس کے علاوہ امن وامان کا مسئلہ پیدا کرنے والے گروہوں سے فوری طور سے سیاسی انداز میں انکے حل کے لیے بات چیت کا آغاز کریں اس طرح کے حالات میں عوام ریاست کے ذمہ داروں کے ساتھ ہر صورت کام کرنے کو ترجیح دے سکتی ہے بشرطیکہ سب عمل ایمانداری سے سرانجام دیا جائے اب مزید تباہی بربادی وطن عزیز مزید برداشت نہیں کرسکتا ہے اور ساتھ ہی الیکشن کا اعلان کیا جائے اس وقت تک ایک غیر جانبدار سسٹم کے ذریعے ذمہ داری پوری کی جائے تحریک انصاف اور عمران خان پاکستان کے لیے سب کچھ معاف کرسکتا ہے۔

دھاڑ قومی شاہراہ پر ڈاکوؤں کے ہاتھوں خاتون کا قتل ظلم کی انتہا ہے، آغا محمد رحیم

کوئٹہ (این این آئی) شہری ایکشن کمیٹی ڈھاڈر کے صدر آغا محمد رحیم احمدزئی نے ڈھاڈر بائی پاس قومی شاہراہ پر گزشتہ شب ڈاکوؤں کی فائرنگ سے خاتون کے جاں بحق ہونے کے واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ نہتے شہریوں پر فائرنگ اور ایک بے گناہ خاتون کا قتل سفاکیت اور ظلم کی انتہا ہے یہ واقعہ نہ صرف انسانی اقدار اسلامی روایات بلکہ بلوچی رسم و رواج پر بھی کھلا حملہ ہے انہوں نے کہا کہ ڈھاڈر اور گردونواح میں پولیس کے ناک کے نیچے بدامنی کے واقعات میں مسلسل اضافہ باعث تشویش ہے پے در پے وارداتوں سے شہری خود کو غیر محفوظ سمجھنے لگے ہیں

کسی بھی صحافی یا سوشل میڈیا ورکر کے ساتھ ناانصافی برداشت نہیں کی جائے گی

بلوچستان میڈیا فورم صحافیوں، ادیبوں کے حقوق کی محافظ آواز ہے، کے اراکین مرکزی کمیٹی

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان میڈیا فورم کے اراکین سینٹرل کمیٹی ڈاکٹر وزیر خان مہر، لیاقت علی ذوبی، حضور بخش کھوکھر، مشتاق احمد کلواڑ، عمران مرغزانی، خرم شہزاد، رمضان ذیب، نادر خان رند اور نعیم بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان میڈیا فورم اپنی منظم جدوجہد، اتحاد اور باہمی تعاون کے باعث ایک مضبوط اور توانا آواز بن چکا ہے، ان شاءاللہ فورم کی موجودگی میں کسی صحافی، سوشل میڈیا ورکر، شاعر، ادیب یا مصنف کے ساتھ ناانصافی اور زیادتی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں صحافت اور ادب سے وابستہ افراد مختلف مشکلات اور مسائل کا سامنا کر رہے ہیں، ایسے حالات میں ان کے حقوق، عزت و وقار اور آزادی کے تحفظ کیلئے ایک مضبوط پلیٹ فارم کی ضرورت تھی، بلوچستان میڈیا فورم اس ضرورت کو پورا کرنے کیلئے عملی جدوجہد کر رہا ہے۔ فورم کے عہدیداران اور اراکین ہر اس معاملے پر آواز بلند کریں گے جہاں کسی صحافی یا قلم کار کے ساتھ ناانصافی ہوگی۔

غلام نبی مری کا سید عابد شاہ بخاری کی ناگہانی انتقال پر دکھ اور غم کا اظہار

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے ممبر سنٹرل ایگزیکٹیو کمیٹی غلام نبی مری نے سینئر صحافی سید عابد شاہ بخاری کے ناگہانی انتقال پر گہرے دکھ اور غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ صحافت کے شعبے میں عابد شاہ کی گرانقدر خدمات کو برسوں تک یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا ہے کہ وہ نہایت ہی مخلص صحافی، ملنسار شخصیت اور انسان دوست قلمکار تھے جنہوں نے ہمیشہ سماجی ناانصافی، نابرابری اور ظلم و ناانصافی کے خلاف لکھتے رہے وہ بلاشبہ آئین و قانون کی بالادستی پر یقین رکھتے تھے اور مظلوموں اور محروموں کی حقیقی آواز تھے۔ انہوں نے صحافت کے میدان میں مرحوم کی خدمات کو زبردست الفاظ میں خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کی رحلت سے صحافت کے میدان میں جو خلا پیدا ہوا ہے وہ برسوں تک پر نہیں ہو سکے گا۔ انہوں نے مرحوم کے پسماندگان سے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ غم اور دکھ کی اس گھڑی میں ہم ان کے پسماندگان کے ساتھ برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کے درجات کو بلند فرمائے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرتے اور پسماندگان کو صبرِ جمیل عنایت فرمائے۔

بلوچستان کے نوجوان صوبے کا قیمتی سرمایہ، مستقبل کی حقیقی قیادت ہے، امجد لاشاری

نوجوان ریاستی و سرکاری اداروں کے ساتھ مثبت اور تعمیری تعاون کریں، روشن خورشید بروچہ

نوجوانوں کو مثبت سوچ اور تعمیری مکالمے کے ذریعے صلاحیتیں اجاگر کرنا ہوں گی، مقررین کا خطاب

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان جنرل اسمبلی کے چیئر کے تحت خیر یار اور نعمت اللہ کی جانب سے ویلفیئر اینڈ ایمپاورمنٹ بلوچستان (WEB) کے تعاون اور ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر بلوچستان امجد لاشاری کی خصوصی معاونت و سماجی سرپرستی میں نوجوانوں کے لیے ایک خصوصی آگاہی سیشن کا انعقاد کیا گیا۔ اس اہم سیشن کا بنیادی مقصد بلوچستان کے نوجوانوں میں آئینی حقوق و ذمہ داریوں، امن سازی، سماجی ہم آہنگی اور مثبت شہری کردار کے حوالے سے شعور اجاگر کرنا، نوجوانوں کی موثر شرکت کو فروغ دینا اور بلوچستان کے بہتر مستقبل کے لیے قابلِ عمل راستوں پر غور کرنا تھا۔ تقریب کے مہمانِ خصوصی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر بلوچستان امجد لاشاری تھے، جبکہ روشن خورشید بروچہ نے خصوصی مہمان کی حیثیت سے شرکت کی۔ اس موقع پر معروف سماجی و سیاسی شخصیات اور معزز مہمانان میں رابعہ خواجہ خیل، ماجبین جمالی اور نازیہ درانی بھی شریک ہوئیں۔ اپنے خطاب میں ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر امجد لاشاری نے نوجوانوں کو آئینِ پاکستان کے تحت حاصل حقوق کے ساتھ ساتھ ان کی قومی، سماجی اور شہری ذمہ داریوں سے آگاہ کیا۔ انہوں نے حکومت بلوچستان کے مختلف محکموں کے تحت جاری سماجی بہبود، نوجوانوں کی ترقی، فنی و پیشہ ورانہ تربیت، خواتین کی بااختیاری اور دیگر ترقیاتی اقدامات پر بھی تفصیلی روشنی ڈالی۔ انہوں نے زور دیا کہ بلوچستان کے نوجوان صوبے کا قیمتی سرمایہ اور مستقبل کی حقیقی قیادت ہیں۔

اکاؤنٹنٹ جنرل بلوچستان کے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا جا رہا ہے

کھلی کچہری 5 اکتوبر بروز پیر صبح 11:00 بجے اے جی آفس کے دفتر میں منعقد ہوگی

ڈرائنگ اینڈ ڈسبرسنگ آفیسرز ملازمین اور پنشنرز کے مسائل اور شکایات براہ راست سنیں گے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعظم پاکستان کے عوامی رابطے اور مسائل کے فوری حل کے وژن کے تحت اکاؤنٹنٹ جنرل بلوچستان کے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ اکاؤنٹنٹ جنرل بلوچستان کے ایک اعلامیہ کے مطابق کھلی کچہری 5 اکتوبر 2026 بروز پیر صبح 11:00 بجے اکاؤنٹنٹ جنرل بلوچستان کے دفتر میں منعقد ہوگی۔ کھلی کچہری کے دوران اکاؤنٹنٹ جنرل بلوچستان صوبائی سرکاری محکموں کے ڈرائنگ اینڈ ڈسبرسنگ آفیسرز (DDOs)، سرکاری ملازمین اور پنشنرز کے مسائل اور شکایات براہ راست سنیں گے اور ان کے فوری حل کے لیے موقع پر ہی ضروری احکامات جاری کیے جائیں گے۔ اکاؤنٹنٹ جنرل بلوچستان نے سرکاری ملازمین اور پنشنرز پر زور دیا ہے کہ وہ کھلی کچہری اور شکایات سیل جیسے اقدامات سے بھرپور استفادہ حاصل کریں اور اپنے مسائل و شکایات کے حل کے لیے براہ راست رابطہ کریں، تاکہ انہیں بروقت سنا اور قانون و قواعد کے مطابق حل کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ کھلی کچہری کا مقصد سرکاری ملازمین اور پنشنرز کو درپیش مسائل کے ازالے کے لیے موثر اور براہ راست رابطہ فراہم کرنا اور شکایات کے بروقت حل کو یقینی بنانا ہے۔

ملک میر وائس خان کاسی انتقال کر گئے



کوئٹہ (پ ر) ملک عبد اللہ جان کاسی کے صاحبزادے ملک میر وائس خان کاسی بقضائے الٰہی سے اسلام آباد میں انتقال کر گئے وہ ملک حمید اللہ خان کاسی، حاجی نصیب اللہ خان کاسی، شہید اسمٰعیل خان کاسی کے بھائی، روحیل خان کاسی، شائل خان کاسی شعبان خان کاسی کے والد جبکہ ملک زاہد خان کاسی، کامران خان کاسی، فرید خان کاسی، سنگین خان کاسی، اور نادر خان کاسی کے چچا تھے ان کا جنازہ آج بروز اتوار مورخہ 27 ستمبر کو ان کی رہائش گاہ مشن روڈ سے 4:30 بجے شام کو اٹھایا جائے گا جبکہ نماز جنازہ اور تدفین آبائی قبرستان کلی ابراہیم زئی بروری روڈ کوئٹہ میں ہوگی۔

سانحہ نشتر پارک، مستونگ کے حقائق کو عوام کے سامنے لایا جائے، ذوالفقار طارق

تحفظ ناموس رسالت اور حرمین شریفین کی حفاظت ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، بیان

کوئٹہ (اے این این) اہل سنت و جماعت کے رہنما فیضان اولیاء کے بانی ذوالفقار علی طارق قادری سے اتحاد اہل سنت سندھ کے چیئرمین سید اعجاز علی شاہ بخاری نے سندھ اور بلوچستان کے اہم معاملات پر ٹیلی فونک گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اتحاد اہل سنت وقت کی اہم اور ناگزیر ضرورت ہے، ایک سوچی سمجھی سازش کے تحت ہمیشہ اہل سنت کو نظرانداز کیا گیا اور انہیں دیوار سے لگانے کی کوشش کی گئی، جس کے باعث عوام میں بے چینی اور اضطراب پیدا ہوا ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ اہل سنت کے تحفظات اور مسائل کو سنجیدگی سے سنے اور ملک کے وسیع تر مفاد میں تمام طبقات کو ساتھ لے کر آگے بڑھے۔ انہوں نے کہا کہ سانحہ نشتر پارک اور سانحہ مستونگ کے حقائق آج تک علماء کرام اور عوام کے سامنے نہ لانا حکومت کی نااہلی ہے۔ ایسے المناک واقعات کے حوالے سے شفاف تحقیقات اور حقائق کا سامنے آنا ضروری ہے تاکہ متاثرہ خاندانوں، علماء کرام اور عوام کے تحفظات دور ہو سکیں اور مستقبل میں ایسے سانحات کی روک تھام کے لیے موثر اقدامات کیے جا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ تحفظ ناموس رسالت اور حرمین شریفین کی حفاظت ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔

ایوان صنعت وتجارت کوئٹہ (بلوچستان) کے انتخابات کا عمل مکمل ہوگیا

کوئٹہ (کامرس رپورٹر) ایوان صنعت وتجارت کوئٹہ بلوچستان کے انتخابات برائے سال 2026-28 خان خلجی، سکندر خان، شہباز خان، محمد داؤد خلجی، عبدالہادی، سعد خان، نعمت اللہ، اشفاق احمد

اعظم زیب کاسی، نثار احمد خان، ملک شفیع اللہ، احمد گل کاکڑ (صدر)، مرزا خان خلجی (سینئر نائب صدر)، جنگیان خان عیسیٰ دشتی (نائب صدر)

کا سلسلہ مکمل ہوگیا ہے۔ تین رکنی الیکشن کمیشن کے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق ایوان صنعت و محمد بلال مری، اجمل خان، زرک خان، محمد مدثر مہر، امین اللہ اور محمد نبیل جبکہ ایسوسی ایٹ کلاس میں احمد

شبیر احمد، محمد مزمل، سید صدیق اللہ، احمد گل کاکڑ، جنگیان عیسیٰ دشتی، حاجی جانان اچکزئی، محمد گل

تجارت کوئٹہ بلوچستان کے سالانہ انتخابات برائے سال 2026-28 کے اعلان کردہ شیڈول کے گل کاکڑ، جنگیان عیسیٰ دشتی، حاجی جانان خان اچکزئی، محمد گل، عالم زیب کاسی، نثار احمد خان

شاہ زیب خان، داؤد خلجی، عبدالہادی، سعد خان، نعمت اللہ، ظفر اللہ خان، سید محمد حکیم، احمد شاہ خان، محمد افضل

مطابق الیکشن کے دوسرے مرحلے میں مقررہ تاریخ تک ایک ہی پینل نے کاغذات نامزدگی جمع ملک شفیع اللہ، ظفر اللہ خان، سید محمد حکیم، احمد شاہ خان، محمد افضل، شبیر احمد، محمد مزمل اور سید صدیق اللہ

اشفاق احمد، محمد بلال مری، اجمل خان، زرک خان، مدثر مہر، امین اللہ، محمد نبیل، مرزا خان خلجی، سکندر خان

کروائے جس کے تحت صدر احمد گل کاکڑ، سینئر نائب صدر مرزا خان خلجی اور نائب صدر جنگیان عیسیٰ دشتی بلامقابلہ منتخب ہو گئے ہیں۔ جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق الیکشن کے پہلے مرحلے میں ایگزیکٹو ممبران برائے کارپوریٹ کلاس میں مرزا بلامقابلہ منتخب ہو گئے ہیں۔ الیکشن کمیشن کے چیئرمین عبدالصمد ممبران سردار عبدالرحیم خلجی اور محمد یوسف مریانی نے چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ بلوچستان کے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد دیتے ہوئے ان کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔

سول سیکرٹریٹ کے 42 درجہ چہارم کے ملازمین کی ترقی

والے ملازمین سے خطاب کرتے ہوئے بلوچستان سول سیکرٹریٹ اسٹاف ایسوسی ایشن کے صدر کامریڈ یونس زہری جنرل سیکرٹری حاجی قائم خان کاکڑ و دیگر نے کہا کہ بلوچستان سول سیکرٹریٹ اسٹاف ایسوسی ایشن نے روز اول سے ملازمین کے جائز حقوق کی فراہمی اور ان کے مسائل کے حل کا عزم کر رکھا ہے۔ مسلسل جدوجہد اور کوششوں کے نتیجے میں آج درجہ چہارم کے مزید 42 ملازمین کو گریڈ 11 میں ترقی ملی ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ کابینہ کے چار سالہ دور میں اب تک درجہ چہارم کے 116 ملازمین سمیت 900 سے زائد ملازمین کو ان کے اگلے عہدوں پر ترقی دلوائی جا چکی ہے، جس کی ماضی میں کوئی مثال نہیں ملتی۔ ان کا کہنا تھا کہ ملازمین کے بیشتر مسائل حل کیے جا چکے ہیں جبکہ باقی مسائل کے حل کے لیے بھی بھرپور جدوجہد جاری ہے۔ کامریڈ یونس زہری نے کہا کہ سول سیکرٹریٹ ملازمین کے لیے ہاؤس ریکوزیشن اور بونس تنخواہ کے معاملات پر بھی کوششیں جاری ہیں اور ملازمین کو جلد خوشخبری سنائی جائے گی۔ انہوں نے ترقی پانے والے ملازمین کو مبارکباد دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ وہ اپنی نئی ذمہ داریاں احسن طریقے سے انجام دیتے ہوئے ادارے کی کارکردگی میں مزید بہتری لانے میں اپنا کردار ادا کریں گے۔

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں سے مہنگائی بے قابو، عوام کو ریلیف دیا جائے، ذوالفقار

کوئٹہ (اے این این) اہل سنت وجماعت کے رہنما فیضان اولیاء کے بانی ذوالفقار علی طارق قادری نے آستانہ عالیہ فیضان اولیاء میں وفد سے ملاقات کرتے ہوئے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے اور اس کے نتیجے میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں مسلسل اضافے نے عام آدمی کی مشکلات میں شدید اضافہ کر دیا ہے۔ عوام پہلے ہی مہنگائی، بے روزگاری اور معاشی مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں، ایسے میں حکومت کی ذمہ داری ہے کہ عوام کو حقیقی اور فوری ریلیف فراہم کرنے کے لیے موثر اقدامات کرے۔ موجودہ ملکی حالات اس بات کے متقاضی ہیں کہ حکمران انتقامی کارروائیوں اور مفادات کی سیاست سے بالاتر ہو کر قومی مفاد کو ترجیح دیں۔ ملک کو مزید سیاسی کشیدگی کے بجائے باہمی مشاورت، مذاکرات اور اجتماعی فیصلوں کی ضرورت ہے۔ تمام طبقات کو ساتھ لے کر چلتے ہوئے ایسی پالیسیاں تشکیل دی جائیں جو ملک میں استحکام پیدا کرنے کے ساتھ عوام کے مسائل بھی کم کر سکیں۔ کرپشن اور لوٹ مار کے باعث مختلف اداروں کی کارکردگی متاثر ہونے کے نتیجے میں عوام کو ان بنیادی سہولیات کے حصول میں بھی مشکلات کا سامنا ہے جو ان کا بنیادی حق ہیں۔

جی ٹی اے (آئینی) بلوچستان کا مشاورتی اجلاس 5 اور 7 اکتوبر کو ہوگا

کوئٹہ (آئی این پی) گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن (آئینی) بلوچستان کی صوبائی الیکشن کمیٹی کی جانب سے 5 اور 7 اکتوبر 2026 کوئٹہ سٹی اور کوئٹہ کے ضلعی کابینوں کی تشکیل کے حوالے سے اہم مشاورتی اجلاس طلب کیا گیا ہے۔ ضلعی کابینوں کی تشکیل کے سلسلے میں مشاورتی اجلاس گورنمنٹ بوائز ہائی سکول شہید شفیق احمد خان (مسلم آباد) کوئٹہ میں 30 ستمبر کو صبح 11 بجے منعقد ہوگا۔ کوئٹہ ضلع کے تمام تنظیمی ساتھیوں سے گزارش ہے کہ اجلاس میں بروقت شرکت فرما کر اپنی قیمتی آراء سے نوازیں تاکہ ضلعی کابینہ کی تشکیل کا عمل باہمی مشاورت اور اتفاق رائے سے مکمل کیا جا سکے۔

کرپشن فراڈ کیس میں سابق نائب تحصیلدار سمیت 5 ملازمین کے خلاف مقدمہ درج

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ نے ریونیو ڈیپارٹمنٹ جھٹ پٹ، ضلع جعفر آباد میں 16 ایکڑ آبائی اراضی کی جعلی انتقال، کرپشن اور فراڈ کے کیس کا سابق نائب تحصیلدار، سابق قانونگو، پٹواری اور تصدیق کنندہ سمیت 5 ملازمین کے خلاف مقدمہ درج کر لیا۔ تاہم گرفتاری عمل میں نہیں آئی تفصیلات کے مطابق تحصیل جھٹ پٹ کے موضع دارہ نمانی، ریہ محبت پور میں واقع 16 ایکڑ آبائی اراضی کے انتقال نمبر 371 مورخہ 04-04-2022 سے متعلق کرپشن، فراڈ اور اختیارات کے ناجائز استعمال کی شکایت پر انکوائری عمل میں لائی گئی۔ تحقیقات میں ثابت ہوا کہ اس وقت کے نائب تحصیلدار تعریف گول، قانگو عبدالغنی، پٹواری بخت گول اور تصدیق کنندہ نیاز احمد ولد قائم الدین نے ملی بھگت، کرپشن اور فراڈ کرتے ہوئے بغیر مالکانہ حقوق کی جانچ اور بغیر قانونی تقاضے پورے کیے جعلسازی سے انتقال درج کیا جس سے سرکاری ریکارڈ میں ہیرا پھیری اور بدعنوانی ثابت ہوئی۔ مجاز اتھارٹی کی منظوری کے بعد ملزمان: 1۔ تعریف گول سابق نائب تحصیلدار 2۔ عبدالغنی سابق قانگو 3۔ بخت گول پٹواری 4۔ نیاز احمد ولد قائم الدین تصدیق کنندہ 5۔ محمد خان ولد نور محمد حقی مستفید کنندہ کے خلاف تعزیرات پاکستان کی دفعات 167، 218، 409، 420، 467، 468، 471 بمعہ دفعہ 5(2) انسداد بدعنوانی ایکٹ 1947 کے تحت بدعنوانی، فراڈ، جعلسازی اور اختیارات کے ناجائز استعمال پر مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔

ماسٹر حاجی محمد اعظم انتقال کر گئے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ماسٹر حاجی محمد اعظم انتقال کر گئے وہ جمعیت علماء اسلام اوڑک یونٹ کے مجلس عاملہ کے رکن عابد اللہ کے والد تھے مرحوم کی فاتحہ خوانی شانو ریچھ اوڑک میں جاری ہے دریں اثناء جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد اور دیگر رہنماؤں نے ماسٹر حاجی محمد اعظم کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کے لیے مغفرت اور پسماندگان کے لیے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔

دو ویمن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے انتخابات، تمام امیدوار بلامقابلہ منتخب

شرمین یونس صدر، صائمہ سینئر نائب صدر، اور روبینہ طلعت نائب صدر منتخب ہوئیں

کوئٹہ (آن لائن) وومن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ ڈویژن کے انتخابات کا عمل کامیابی سے مکمل ہوگیا۔ الیکشن کمیشن کے مطابق کارپوریٹ اور ایسوسی ایٹ کلاس کی تمام خواتین اراکین بلا مقابلہ منتخب ہوگئیں۔ انتخابی عمل کو وزارت تجارت اسلام آباد کے ریگولیٹر، ڈائریکٹوریٹ جنرل ٹریڈ آرگنائزیشنز (DGTO) کی جانب سے مانیٹر کیا گیا۔ انتخابی عمل کی نگرانی کے لیے ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (TDAP) کوئٹہ کی جانب سے محمد شریف نمائندہ نامزد کیا گیا، جس نے جاری کردہ انتخابی شیڈول کے مطابق انتخابی عمل کی نگرانی کی۔ الیکشن کمیشن کے مطابق ایگزیکٹو اور ایسوسی ایٹ کلاس کے تمام اراکین بلامقابلہ منتخب ہوئے، جس کے بعد چیمبر کی نئی قیادت کا بھی اعلان کر دیا گیا۔ کارپوریٹ کلاس سے شرمین یونس، مریم، بخیرہ، زرتاج، شازیہ آسیہ، رابعہ، روبینہ طلعت، بصورہ، ثمین، ماہ پارہ، صفیہ، نازیہ خان، دیدار اور ایسوسی ایٹ کلاس سے فضہ، ارم، ام حبیبہ، رقیہ، کرشمہ ثنا، ارزک، افتخان اسماعیل، سائرہ فردوس، صبا خانم، عریشہ، بی بی امیرین، رفعت طاہرہ، رابعہ رحمت منتخب ہوئی ہیں۔ انتخابات کے نتیجے میں، شرمین یونس صدر، صائمہ سینئر نائب صدر، روبینہ طلعت نائب صدر منتخب ہوئی ہیں۔ ویمن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ ڈویژن کی نئی قیادت نے اس موقع پر اس عزم کا اظہار کیا کہ خواتین کاروباری افراد کے لیے سازگار ماحول پیدا کرنے، ان کے کاروباری مسائل کو متعلقہ فورمز تک پہنچانے اور بلوچستان کی خواتین کو کاروباری سرگرمیوں میں مزید موثر کردار ادا کرنے کے مواقع فراہم کرنے کے لیے بھرپور اقدامات کیے جائیں گے۔ چیمبر کی قیادت نے انتخابی عمل کی نگرانی اور شفاف انعقاد میں تعاون کرنے والے تمام متعلقہ اداروں، اراکین اور انتخابی کمیشن کا شکریہ ادا کیا۔

عوامی مسائل کا حل، بنیادی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے، زرک مندوخیل

عوام کے لیے دروازے ہمیشہ کھلے ہیں، بلا رنگ ونسل خدمت کا مشن جاری رکھا جائے گا

کوئٹہ (اے این این) رکن بلوچستان اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا ہے کہ عوامی مسائل کا حل اور حلقے میں بنیادی سہولیات کی فراہمی ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، عوام کے لیے ان کے دروازے ہمیشہ کھلے ہیں اور بلا رنگ و نسل خدمت کے مشن کو جاری رکھا جائے گا۔ یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ حلقہ انتخاب کے عوام کو درپیش مسائل سے بخوبی آگاہ ہیں اور ان کے حل کے لیے متعلقہ محکموں اور حکام سے مسلسل رابطے میں ہیں۔ سڑکوں، آبنوشی، بجلی، صحت، تعلیم اور دیگر بنیادی سہولیات سے متعلق عوامی شکایات کے ازالے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا کہ ہزارہ برادری سمیت تمام طبقات اور برادریوں کے مسائل کے حل کے لیے یکساں طور پر کام کیا جائے گا۔ عوامی نمائندگی کا مقصد کسی مخصوص طبقے تک محدود نہیں بلکہ ہر شہری کی خدمت اور اس کے جائز مسائل کے حل کے لیے کردار ادا کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں میں عوامی ضروریات اور ترجیحات کو مدنظر رکھا جا رہا ہے، جبکہ جاری منصوبوں کی تکمیل اور معیار کو یقینی بنانے کے لیے بھی متعلقہ اداروں سے رابطہ رکھا جائے گا۔ رکن بلوچستان اسمبلی نے کہا کہ عوام اور منتخب نمائندوں کے درمیان مضبوط رابطہ ہی جمہوری نظام کی بنیاد ہے، اس لیے وہ عوام سے مسلسل رابطے میں رہیں گے اور ان کے مسائل متعلقہ فورمز پر موثر انداز میں اجاگر کرتے رہیں گے۔

ایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کی خالد ماندئی سے ملاقات

501 طلباء کو اسکالرشپس فراہم، مزید طلباء کیلئے پروگرام شروع کرنے کی یقین دہانی

کوئٹہ (آن لائن) قائد حق دو تحریک بلوچستان و ایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے بلوچستان ایجوکیشنل انڈومنٹ فنڈ (BEEF) کے خالد ماندئی سے ملاقات کی، جس میں ضلع گوادر کے طلباء کو فراہم کی جانے والی اسکالرشپس اور تعلیمی معاونت سے متعلق امور پر گفتگو کی گئی۔ ملاقات کے دوران مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے ضلع گوادر کے طلباء کے لیے اسکالرشپ پروگرام سے متعلق تفصیلات دریافت کیں۔ اس موقع پر خالد ماندئی نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ گزشتہ دو سالوں کے دوران ضلع گوادر کے 501 طلباء کو مختلف پروگرامز کے تحت اسکالرشپس فراہم کی گئی ہیں، جن میں یونیورسٹی و کالجز کے طلباء اور ٹاپ پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء شامل ہیں۔ ملاقات میں ضلع گوادر کے مزید طلباء کو تعلیمی مواقع فراہم کرنے کے حوالے سے بھی گفتگو ہوئی۔ اس موقع پر یقین دہانی کرائی گئی کہ جلد گوادر میں مزید طلباء کے لیے اسکالرشپ پروگرام، کیریئر کونسلنگ اور آگاہی مہم شروع کی جائے گی تاکہ طلباء کو دستیاب تعلیمی مواقع اور اسکالرشپ پروگرامز سے متعلق زیادہ سے زیادہ معلومات فراہم کی جا سکیں۔ مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے طلباء کے لیے اسکالرشپ اور تعلیمی معاونت کے پروگرامز کو مزید وسعت دینے کی ضرورت پر زور دیا، تاکہ ضلع گوادر کے طلباء کو اعلیٰ تعلیم کے حصول میں سہولت فراہم ہو سکے۔

بلوچستان ایم ڈی کیٹ کے امیدواروں کا جوابی کلید میں غلطیوں پر تحفظات کا اظہار

تمام ببلکیٹس، اصل سوالیہ پرچہ اور ان کے درست جوابات طلبا اور عوام کے سامنے لائے جائیں

امتحان میں شفافیت کو یقینی بنایا جائے ورنہ احتجاج اور بھوک ہڑتال پر مجبور ہوں گے، پریس کانفرنس

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان ایم ڈی کیٹ 2026 کے امیدواروں نے کوئٹہ پریس کلب میں ہنگامی پریس کانفرنس کرتے ہوئے بولان میڈیکل کالج (بی ایم سی) کی جانب سے جاری کردہ جوابی کلید میں مبینہ غلطیوں پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ ایم ڈی کیٹ کے تمام ببلکیٹس، اصل سوالیہ پرچہ اور ان کے درست جوابات فوری طور پر طلبا اور عوام کے سامنے لائے جائیں، جبکہ غلط جوابی کلید کی فوری طور پر تصحیح کر کے شفاف طریقہ کار کے تحت نظرثانی کی جائے بلوچستان ایم ڈی کیٹ کینڈیڈیٹس اتحاد کے نمائندوں اور امیدواروں نے پریس کانفرنس میں کہا کہ ایم ڈی کیٹ 2026 کا امتحان طلبا کے مستقبل کے لیے انتہائی اہمیت کا حامل ہے، کیونکہ اسی امتحان کے نتائج کی بنیاد پر طلبا کو میڈیکل اور ڈینٹل کالجز میں داخلے کے مواقع حاصل ہوتے ہیں۔ ان کے مطابق امتحان میں طلبا نے بھرپور محنت کی اور میرٹ کی بنیاد پر داخلے کے حصول کے لیے تیاری کی، تاہم جاری کردہ آنسر کیز میں متعدد سوالات کے جوابات کے حوالے سے اعتراضات سامنے آئے ہیں، جس سے امیدواروں میں شدید بے چینی اور تشویش پیدا ہوئی ہے امیدواروں نے موقف اختیار کیا کہ اگر جوابی کلید میں غلطیاں موجود ہوں اور انہی کی بنیاد پر حتمی نتائج مرتب کیے گئے تو اس کے براہ راست اثرات طلبا کے نمبروں، میرٹ اور مستقبل پر پڑ سکتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ایم ڈی کیٹ میں ایک ایک نمبر انتہائی اہمیت رکھتا ہے اور چند نمبروں کا فرق بھی امیدوار کے داخلے کے امکانات کو تبدیل کر سکتا ہے، اس لیے جوابی کلید کی درستگی اور شفافیت کو یقینی بنانا ناگزیر ہے پریس کانفرنس کے دوران امیدواروں نے مطالبہ کیا کہ ایم ڈی کیٹ 2026 کے تمام ببلکیٹس، جن میں A، B، C اور D شامل ہیں، فوری طور پر پبلک کیے جائیں تاکہ طلبا اپنے حل شدہ پرچوں کا جاری کردہ آنسر کیز کے ساتھ تقابلی جائزہ لے سکیں۔ انہوں نے کہا کہ صرف جوابی کلید جاری کرنے کے بجائے اصل سوالیہ پرچہ بھی عوام کے سامنے لانا ضروری ہے تاکہ ہر سوال، اس کے اختیارات اور درست جواب کے بارے میں شفاف طریقے سے جانچ پڑتال کی جا سکے امیدواروں کا مزید کہنا تھا کہ جن سوالات کے جوابات پر اعتراضات اٹھائے گئے ہیں، ان کا جائزہ ماہرین تعلیم، متعلقہ مضمون کے ماہرین اور طلبا کے نمائندوں پر مشتمل ایک شفاف کمیٹی کے ذریعے لیا جائے۔

ایلیمنٹری ایجوکیشن کا فروغ، "بیسٹ پریکٹسز ان ٹیچنگ" پر جدید تربیتی ورکشاپ کا انعقاد

تدریس میں جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور تدریسی عمل میں استاد کے متحرک کردار پر روشنی ڈالی

بچوں کی بہترین تربیت، اساتذہ کو درپیش عملی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے مفید طریقہ کار سے آگاہ کیا

کوئٹہ (آئی این پی) جامعہ تربت کے زیر انتظام یونیورسٹی ماڈل اسکول میں تدریسی معیار کو مزید بلند کرنے اور اساتذہ کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو جدید تدریسی تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے "بیسٹ پریکٹسز ان ٹیچنگ" کے عنوان سے یونیورسٹی کے ویڈیو کانفرنس روم میں ایک روزہ تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ ورکشاپ کا بنیادی مقصد اسکول اور کلاس روم میں سازگار و جدید تعلیمی ماحول قائم کرنے کے لیے موثر حکمت عملی سے اساتذہ کو آراستہ کرنا تھا۔ ورکشاپ کے ریسورس پرسن جامعہ تربت کے اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر غلام جان تھے جنہوں نے کلاس روم میں موثر ابلاغ، طلبہ کی دلچسپی برقرار رکھنے کی تکنیکس، تدریس میں جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور تدریسی عمل میں استاد کے متحرک کردار پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ انہوں نے مختلف صلاحیتوں اور سوچ کے حامل بچوں کی بہترین تربیت کے حوالے سے اساتذہ کو درپیش عملی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے مفید طریقہ کار سے بھی آگاہ کیا۔ ترجمان جامعہ تربت کے مطابق وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن اور پرو وائس چانسلر ڈاکٹر کمال احمد نے اپنے خصوصی پیغامات میں ورکشاپ کے کامیاب انعقاد پر ریسورس پرسن ڈاکٹر غلام جان اور یونیورسٹی ماڈل اسکول کی پرنسپل ممتاز بشیر کی کاوشوں کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ اعلیٰ تعلیم کے ساتھ ساتھ جامعہ تربت خطے میں معیاری ایلیمنٹری ایجوکیشن کے فروغ سمیت اپنی تمام تر سماجی و علمی ذمہ داریاں احسن انداز میں نبھا رہی ہے۔ ورکشاپ کے اختتام پر شرکاء نے تمام سیشنز کو انتہائی معلومات افزا قرار دیتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ ورکشاپ سے حاصل کردہ مہارتوں کو کلاس روم میں استعمال کر کے تدریسی ماحول کو مزید بہتر بنائیں گے۔

عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما و پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک خان اچکزئی سے ضلعی صدر ملک حنیف اچکزئی، جمال کاکڑ، منیر کاکڑ حاجی عبیداللہ سلیمانخیل ملاقات کر رہے ہیں

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان کے ناظم المدارس صوبائی صدر علامہ مولانا مفتی مختار احمد اور علامہ مولانا مفتی محمد جان قاسمی صوبہ بلوچستان میں سالانہ امتحانات میں پوزیشن لینے والے طلبا کو انعامات دے رہے ہیں

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب

قدرتی و ثقافتی ورثے کے تحفظ کیساتھ سیاحت کو فروغ دینا وقت کی ضرورت ہے، زرین مگسی

بلوچستان ملکی و بین الاقوامی سیاحت کا اہم مرکز بننے کے عالمی معیارات پر پورا اترتا ہے، سیاحت ترقی کا ایک اہم شعبہ بن چکی ہے۔

سیاحت کے فروغ سے روزگار، کاروبار اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا کیے جا سکتے ہیں، عالمی یوم سیاحت کی مناسبت سے پارلیمانی سیکرٹری بلوچستان کا خصوصی پیغام

کوئٹہ(خ ن)پارلیمانی سیکرٹری برائے قانون، سیاحت وثقافت نوابزادہ زرین خان مگسی نے کہا ہے کہ بلوچستان قدرتی حسن، طویل ساحلی پٹی، بلند و بالا پہاڑوں، تاریخی مقامات، قدیم تہذیبی ورثے اور متنوع ثقافت کے باعث ملکی و بین الاقوامی سیاحت کا اہم مرکز بننے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے۔صوبے کے سیاحتی مقامات کو بہتر انفراسٹرکچر، رسائی کی سہولیات اور ذمہ دارانہ و پائیدار سیاحت کے اصولوں کے تحت ترقی دے کر مقامی آبادی کے لیے روزگار اور کاروبار کے نئے مواقع پیدا کرنے کے ساتھ سرمایہ کاری کو بھی فروغ دیا جاسکتا ہے۔انہوں نے ان خیالات کا اظہار 27 ستمبر، عالمی یوم سیاحت کی مناسبت سے اپنے خصوصی پیغام میں کیا۔نوابزادہ زرین خان مگسی نے کہا کہ سیاحت محض تفریح کا ذریعہ نہیں بلکہ دنیا بھر میں معاشی سرگرمی، روزگار، ثقافتی روابط اور مقامی ترقی کا ایک اہم شعبہ بن چکی ہے۔بلوچستان میں اس شعبے کی ترقی صوبے کی معیشت کو متنوع بنانے اور دور دراز علاقوں میں معاشی سرگرمی پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان کا وسیع جغرافیہ سیاحت کے مختلف شعبوں کے لیے غیر معمولی مواقع فراہم کرتا ہے۔مکران کا ساحلی خطہ، کنڈ ملیر، ہنگول نیشنل پارک، گوادر، پسنی اور ماڑہ جیسے منفرد ساحلی خوبصورتی کے باعث نمایاں ہیں، جبکہ زیارت کے صنوبر کے جنگلات، کوئٹہ کے گرد و نواح کی وادیاں، خضدار کا مولہ چٹوک اور صوبے کے دیگر پہاڑی و قدرتی مقامات ایڈونچر اور ایکو ٹورازم کے لیے وسیع امکانات رکھتے ہیں۔بلوچستان حکومت بھی کنڈ ملیر، ہنگول، زیارت، مولہ چٹوک، پسنی اور دیگر مقامات کو صوبے کے نمایاں سیاحتی اثاثوں کے طور پر اجاگر کرتی ہے۔نوابزادہ زرین خان مگسی نے کہا کہ بلوچستان کی سیاحتی کشش صرف قدرتی مناظر تک محدود نہیں۔صوبے کا تاریخی و ثقافتی ورثہ، روایتی دستکاری، مقامی خوراک، موسیقی، طرز زندگی اور صدیوں پرانی روایات ثقافتی سیاحت کے فروغ کے لیے مضبوط بنیاد فراہم کرتی ہیں۔ان اثاثوں کو جدید انداز میں ملکی اور عالمی سطح پر متعارف کرانے سے بلوچستان کا مثبت تشخص مزید موثر انداز میں سامنے لایا جا سکتا ہے۔پارلیمانی سیکرٹری نے کہا کہ سیاحت کی ترقی کا براہ راست فائدہ مقامی لوگوں تک پہنچنا چاہیے۔سیاحتی سرگرمیوں میں اضافے سے ہوٹلنگ، ٹرانسپورٹ، دستکاری، مقامی خوراک، ٹور گائیڈنگ اور دیگر خدمات سے وابستہ چھوٹے کاروبار کو فروغ مل سکتا ہے جبکہ نوجوانوں کے لیے روزگار اور کاروباری مواقع بھی پیدا کیے جا سکتے ہیں۔پارلیمانی سیکرٹری نے مزید کہا کہ بلوچستان کے ساحلی علاقوں میں کوسٹل اور ایکو ٹورازم کے امکانات بالخصوص قابل توجہ ہیں۔صوبائی سطح پر کنڈ ملیر، گڈانی، گوادر، پسنی، اورماڑہ اور جیوانی سمیت مختلف ساحلی مقامات پر سیاحتی سہولیات اور بیچ پارکس سے متعلق منصوبے بھی سرکاری ترقیاتی ترجیحات کا حصہ رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ سیاحتی مقامات کی ترقی کے ساتھ قدرتی ماحول، مقامی ثقافت اور تاریخی ورثے کا تحفظ بھی ناگزیر ہے۔ پائیدار سیاحت کا ایسا ماڈل اپنانے کی ضرورت ہے [illegible]

موسیٰ خیل، ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق جگ [illegible] کے اسٹور کا معائنہ کر رہے ہیں

ربحہ کے انتخابات مکمل، مجاہد نقوی صدر، نصرت عباس شاہ سینئر نائب صدر منتخب

چوہدری محمد شفیق جنرل سیکرٹری منتخب، نو منتخب عہدیداران کا صحافیوں کی فلاح کیلئے اقدامات کا عزم



اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں راولپنڈی اسلام آباد یونین آف جرنلسٹس (ربحہ) کے 2026-27 کے انتخابات کا انعقاد بروز بدھ کیا گیا۔ انتخابات میں سید مجاہد نقوی 110 ووٹ لیکر صدر جبکہ نصرت عباس شاہ سب سے زیادہ 148 ووٹ لیکر سینئر نائب صدر منتخب ہوئے ہیں۔ [illegible] 139 ووٹ [illegible] فاروق احمد 147 ووٹ اور محمد اشتیاق 138، فیصل آفریدی 120 اور مجاہد بھٹی 135 ووٹ حاصل کرکے نائب صدر منتخب ہوئے ہیں۔ جنرل سیکرٹری کیلئے چوہدری محمد شفیق 118 ووٹ لیکر سرفہرست رہے جبکہ اقراء خالد، طاہر محمود خان، محمد طارق، نصیر راؤ، وو ریز کیانی، محمد رضوان طاہر اور کفایت اللہ جوائنٹ سیکرٹری منتخب ہوئے ہیں۔ انتخابات میں سردار فیاض لطیف نے سب سے کم [illegible] صدیق، سردار لیاقت، محمد پرویز، غلام مصطفیٰ سواتی، نعمان صادق، عمر فاروق خٹک، حاجی امین اور محمد سلیمان منتخب ہوئے ہیں۔ اس موقع پر نو منتخب عہدیداران نے کامیابی کے بعد صحافیوں کی فلاح و بہبود اور جڑواں شہروں راولپنڈی، اسلام آباد کے صحافیوں کے مسائل حل کرنے کیلئے بھرپور اقدامات اٹھانے کا عزم کیا ہے۔

وفاقی محتسب کی ہدایت پر خاتون کو 14,500 روپے مل گئے

خضدار (این این آئی) وفاقی محتسب سیکرٹریٹ، ریجنل آفس خضدار [illegible] بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) [illegible] 14,500 روپے [illegible] کرخ کی رہائشی محترمہ حسینہ نے وفاقی محتسب کے ریجنل آفس خضدار میں ایک تحریری شکایت درج کروائی تھی۔ درخواست گزار نے اپنے موقف میں بیان کیا تھا کہ وہ بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کی حقدار ہیں، لیکن متعلقہ ادارے کی جانب سے نامعلوم وجوہات کی بنا پر انہیں ان کا وظیفہ ادا نہیں کیا جا رہا تھا جس کی وجہ سے وہ شدید مالی مشکلات کا شکار تھیں۔

مسائل حل بنیادی سہولیات کی بہتری کیلئے اقدامات، کیے جارہے ہیں شکیل قمبرانی

چھکان بازار کے تاجروں کو سہولیات کی فراہمی کیلئے مرحلہ وار اقدامات، جاری ہیں، میئر میونسپل کارپوریشن

پنجگور(این این آئی) میئر شکیل احمد قمبرانی کا چھکان بازار کا دورہ، تاجروں کے مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کرنے کی یقین دہانی، انجمن تاجران پنجگور کمیٹی کے جنرل سیکرٹری قائم الدین اور وائس چیئرمین فرہاد عطا نے میئر میونسپل کارپوریشن پنجگور میر شکیل احمد قمبرانی اور اسسٹنٹ کمشنر پنجگور افتخار ظہیر کے چھکان بازار کے دورے کو خوش آئند قرار دیا، میئر میونسپل کارپوریشن پنجگور میر شکیل احمد قمبرانی، اسسٹنٹ کمشنر پنجگور افتخار ظہیر، چیف آفیسر عزت اللہ محمد حسنی، انجمن تاجران کمیٹی کے جنرل سیکرٹری قائم الدین، وائس چیئرمین فرہاد عطا، کونسلران عبدالغنی بلوچ، حاجی قادر بخش، حاجی محمد انور، خالقداد بلوچ، حاجی نورانی اور دیگر بھی بازار کے دورے کے موقع پر میئر کے ہمراہ تھے اس موقع پر میئر اور انتظامی افسران نے میونسپل کارپوریشن کے فنڈز سے سبزی منڈی میں تعمیر کیے گئے شیڈ کا معائنہ کیا۔ میئر نے آئندہ بجٹ میں شیڈز کی تنصیب کے تیسرے مرحلے (فیز تھری) کے آغاز کا بھی اعلان کیا میئر میر شکیل احمد قمبرانی نے کہا کہ محدود وسائل کے باوجود بازار کی تعمیر و ترقی، خوبصورتی اور بنیادی سہولیات کی بہتری کے لیے مرحلہ وار اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے بازار کے باقی ماندہ حصے میں بھی ٹف ٹائل کی تنصیب کا کام جلد شروع کرنے کی بھی یقین دہانی کرائی اور تجاوزات کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کے احکامات جاری کیے۔

بلوچستان کے ہر ضلع میں بنیادی صحت کی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جا رہی ہے، بخت محمد کاکڑ

عوام کو معیاری و بروقت طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے،طبی عملے کی علاج معالجے میں کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی ، صوبائی وزیر صحت

سرکاری ہسپتالوں میں صفائی ستھرائی، عملے کی حاضری اور علاج اور ادویات کی فراہمی میں غیر ذمہ داری کا مظاہرہ کرنے والے سزا سے نہیں بچ سکتے مختلف وفود سے بات چیت

کوئٹہ(اے این این)وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ صوبے کے عوام کو معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، سرکاری ہسپتالوں میں علاج معالجے کی سہولیات بہتر بنانے، ادویات کی دستیابی یقینی بنانے اور صحت کے نظام میں موجود مسائل کے خاتمے کے لیے عملی اقدامات جاری ہیں۔یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے دوردراز اضلاع میں صحت کی سہولیات کی فراہمی پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے تاکہ شہریوں کو معمولی اور پیچیدہ بیماریوں کے علاج کے لیے صوبائی دارالحکومت کا رخ نہ کرنا پڑے۔ حکومت بنیادی مراکز صحت، ضلعی ہسپتالوں اور بڑے طبی مراکز میں سہولیات کی بہتری کے ساتھ ساتھ ضروری طبی آلات اور دیگر وسائل کی فراہمی کے لیے بھی اقدامات کر رہی ہے۔ بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ صوبے میں صحت کے شعبے کی بہتری کے لیے جدید نظام اور ٹیکنالوجی سے استفادہ کیا جارہا ہے جبکہ صحت سے متعلق اعداد وشمار اور نگرانی کے نظام کو موثر بنا کر پالیسی سازی اور وسائل کی بہتر تقسیم کو یقینی بنایا جارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ ہسپتالوں میں صفائی، مریضوں کی دیکھ بھال،طبی عملے کی حاضری اور عوام کوفراہم کی جانے والی سہولیات کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ متعلقہ حکام اور طبی اداروں کو ہدایت کی گئی ہے کہ مریضوں کو درپیش مسائل کے فوری ازالے کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں۔وزیر صحت نے کہا کہ بلوچستان کے ہر ضلع میں صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت کی ذمہ داری ہے اور اس مقصد کے لیے دستیاب وسائل کو عوامی مفاد میں استعمال کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی کوشش ہے کہ صحت کا نظام عوام کی حقیقی ضروریات کے مطابق مضبوط اور فعال بنایا جائے تاکہ صوبے کے شہریوں کو ان کی دہلیز پر بہتر طبی سہولیات میسر آسکیں۔

دربجی سمیت حب کے تمام علاقوں میں ترقیاتی کاموں پر خصوصی توجہ دیں گے، علی حسن زہری

بھوتانی برادران کے دیرینہ ساتھی صاحب خان چھٹہ اپنے ساتھیوں سمیت پیپلز پارٹی میں شامل ہوگے

دربجی میں عظیم الشان جلسہ، سینکڑوں افراد کی شمولیت کے موقع پر پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر نائب صدر کا خطاب

دربجی ؍ حب (آن لائن) سینئر صوبائی نائب صدر پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کی قیادت میں بھوتانی برادران کے سیاسی گڑھ دربجی میں پاکستان پیپلز پارٹی کے زیر اہتمام ایک بڑے سیاسی اجتماع کے دوران اہم سیاسی پیش رفت سامنے آئی ہے جہاں بھوتانی کاروان کے دیرینہ ساتھی صاحب خان چھٹہ نے سینکڑوں ساتھیوں سمیت پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت کا اعلان کرتے ہوئے ترجمان صدر آصف علی زرداری برائے بلوچستان وسابق صوبائی وزیر میرعلی حسن زہری کی قیادت پر اعتماد کا اظہار کیا۔ دریں اثنا میرعلی حسن زہری کی دربجی آمد پر ان کا شاندار استقبال کیا گیا جبکہ بہلول جلسہ گاہ میں ہزاروں افراد نے شرکت کی۔ جلسے کے دوران صاحب خان چھٹہ نے اپنے ساتھیوں سمیت باقاعدہ طور پر پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت کا اعلان کیا۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے صاحب خان چھٹہ نے کہا کہ بھوتانی برادران نے طویل عرصے سے دربجی کے عوام پر اپنا سیاسی اثر ورسوخ قائم رکھا ہوا ہے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ عوام کو مختلف مسائل اور بنیادی ناانصافیوں کا سامنا ہے، جبکہ علاقے کے لوگوں کو زمینوں اور دیگر معاملات میں مشکلات کا سامنا رہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ دربجی کے عوام کو سیاسی نعروں کے بجائے تعلیم، صحت، صاف پانی اور دیگر بنیادی سہولیات کی ضرورت ہے۔صاحب خان چھٹہ نے کہا کہ وہ میرعلی حسن زہری کی سیاسی بصیرت اور عوامی خدمت کے جذبے سے متاثر ہوکر پاکستان پیپلز پارٹی میں شامل ہوئے ہیں اور انہیں امید ہے کہ پیپلز پارٹی کے پلیٹ فارم سے دربجی کے عوام کے مسائل موثر انداز میں اجاگر کیے جائیں گے۔ جلسے سے خطاب کرتے ہوئے میرعلی حسن زہری نے کہا کہ وہ ایک بار پھر دربجی آئے ہیں اور یہاں کے عوام نے ہمیشہ انہیں عزت اور محبت دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صاحب خان چھٹہ کی شمولیت ایک نئے سیاسی سفر کا آغاز ہے اور آنے والے دنوں میں مزید لوگ پاکستان پیپلز پارٹی میں شامل ہوں گے۔ آج کا جلسہ میں لوگوں کا ہجوم دیکھ کر یقین ہوگیا ہے کہ دربجی بھی بھوتانیوں کے ہاتھ سے گیا۔ان کی سیاست اب صرف ان کے گھر کے ڈرائنگ روم تک رہ گئی ہے۔

حب بلوچستان کی معاشی ترقی کا گیٹ وے ہے، سائرہ عطا

صنعتی ترقی کے لیے صنعتکاروں کی مشاورت سے مسائل حل کریں گے، کمشنر

حب (خ ن)۔ کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطا نے کہا ہے کہ اکنامک گروتھ انڈسٹریل ڈیولپمنٹ سے آتی ہے ضلع حب بلوچستان کی معاشی ترقی کا گیٹ وے اور سب سے بڑا صنعتی مرکز رہا ہے 150 بلین کی انویسٹمنٹ سے قائم ہونیوالے حب صنعتی زون کے ایشوز کو صنعتکاروں کی مشاورت سے حل کیا جائیگا یہ بات انہوں نے چیمبر آف کامرس لیڈا اور اسٹیک ہولڈرز کی کوآرڈینیشن میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کہی کمشنر نے کہا کہ بلکہ دیگر صنعتی ترقی کو فوکس کیا آج وہ ہم سے آگے نکل چکے ہیں کمشنر نے کہا کہ ٹیکنیکل گائیڈ لائن فراہم کرنے والا انجینئر کیلئے این او سی اجراء کا طریقہ کار اور پالیسی سازی کیلئے چیف سیکرٹری کے نوٹس میں لا رہا ہوں کمشنر نے کہا کہ بلوچستان سے ایف بی آر کو ٹیکس دینے والے صنعتکاروں کے 300 صنعتی یونٹس میں 29 ٹیکس ریٹرن کمیشن بلوچستان ریونیو اتھارٹی میں رجسٹرڈ ہیں بلوچستان کے ٹیکس ریٹرن کا شیئر سندھ اور پنجاب کے شیئر میں چلا جاتا ہے اس معاملے کو بھی ایف بی آر اور بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی کوآرڈینیشن سے حل کیا جائیگا کمشنر لسبیلہ نے کہا کہ ضلع حب میں 300 صنعتی یونٹس قائم ہیں لیڈا انڈسٹریل زون کے 163 میں 70 انڈسٹریز آپریشنل دیگر نان فنکشنل ہو چکے ہیں لیڈا آفیشل ہمیں ان وجوہات اور ایشوز کی نشاندہی کریں انڈسٹریز بند نہیں ہونے دینگے ہمیں اپنا مائنڈ سیٹ تبدیل اور آگے بڑھنا ہوگا کمشنر نے لیڈا افسران کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ کمیٹیز کے ٹیکس ایشوز پر وڈکشن کی نشاندہی کیساتھ انڈسٹریز میں کام کرنے والے محنت کشوں کے دیگر جاب ڈیٹا ہیلتھ لیبرز کی ہیلتھ اینڈ سیفٹی انوائرمنٹ ایس او پیز پر بھی عملدرآمد کریں ٹیکس دینے والی انڈسٹریز کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیلئے انتظامیہ گائیڈ لائن اور ہر ممکن معاونت فراہم کریگی کیونکہ انڈسٹریز سے ہزاروں محنت کشوں کا روزگار وابستہ ہےکمشنر لسبیلہ نے کہا کہ CSR ایکٹ پر سینٹ میں بل آچکا ہے قانون سازی کے بعد اس ایکٹ پر عملدرآمد صنعتی سفارشات کی روشنی میں کیا جائیگا۔

پی اے ایس 48ویں بیچ کے افسران کا پی ڈی ایم اے بلوچستان ہیڈکوارٹرز کا دورہ

مطالعاتی دورہ بلوچستان کے سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ کی درخواست پر کیا گیا

ڈپٹی ڈائریکٹر ریسکیو اصغر علی جمالی نے مینڈیٹ، فرائض اور آپریشنل میکنزم کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی

کوئٹہ (خ ن) پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس (پی اے ایس) کے 48ویں بیچ کے افسران نے خصوصی تربیتی پروگرام کے سلسلے میں صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) بلوچستان کے ہیڈ کوارٹرز کوئٹہ کا دورہ کیا، جس کا مقصد زیر تربیت افسران کو بلوچستان میں قدرتی آفات سے نمٹنے، ہنگامی صورتحال میں ردعمل اور ڈیزاسٹر مینجمنٹ کے طریقہ کار سے آگاہ کرنا تھا۔یہ مطالعاتی دورہ حکومت بلوچستان کے سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ (ایس اینڈ جی اے ڈی) کی درخواست پر منعقد کیا گیا، جس میں زیر تربیت اسسٹنٹ کمشنرز نے شرکت کی۔ ریلیف کمشنر و ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے کی نمائندگی کرتے ہوئے ڈائریکٹر ریسکیو/پلاننگ اینڈ کوآرڈینیشن نوید احمد نے وفد کا استقبال کیا اور ایک خصوصی تعارفی و انٹرایکٹیو سیشن کی صدارت کی۔ اجلاس میں ڈپٹی ڈائریکٹر ریسکیو اصغر علی جمالی، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈیزاسٹر رسک مینجمنٹ سلیمان عزیز، ایس ڈی او بلال بلوچ، مینیجر آپریشنز محمد فہد سمیت دیگر افسران و اہلکاروں نے شرکت کی۔اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر ریسکیو اصغر علی جمالی نے پی ڈی ایم اے بلوچستان کے مینڈیٹ، فرائض اور آپریشنل میکنزم کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے قدرتی آفات سے قبل تیاری، ہنگامی صورتحال میں فوری ردعمل، ریسکیو آپریشنز میں معاونت و رابطہ کاری اور امدادی سرگرمیوں میں پی ڈی ایم اے کے کردار پر روشنی ڈالی۔ بریفنگ کے دوران سیلاب، زلزلوں، خشک سالی، ہیٹ ویوز اور دیگر قدرتی آفات کے دوران پی ڈی ایم اے کی جانب سے اختیار کیے جانے والے ہنگامی اقدامات، ریسکیو و ریلیف آپریشنز اور متعلقہ اداروں کے ساتھ بین الاداراتی رابطہ کاری سے بھی آگاہ کیا گیا۔پی اے ایس افسران نے پی ڈی ایم اے کے انتظامی و ادارہ جاتی ڈھانچے، مختلف محکموں کے ساتھ رابطہ کاری کے طریقہ کار اور صوبے میں حالیہ ہنگامی صورتحال کے دوران حاصل ہونے والے عملی تجربات میں خصوصی دلچسپی کا اظہار کیا۔ بعد ازاں وفد نے پی ڈی ایم اے کے آلات و مشینری یارڈ کا دورہ کیا، جہاں افسران نے بھاری مشینری، ریسکیو گاڑیوں، ایمبولینسز اور دیگر جدید و خصوصی ہنگامی آلات کا معائنہ کیا۔

جیونی، پانچ سال سے کم عمر کوئی بچہ ویکسین سے محروم نہ رہے، طارق امام بلوچ

پولیو ٹیموں کی کارکردگی اور ویکسینیشن کوریج کا جائزہ، فیلڈ سرگرمیوں کی مسلسل نگرانی کا فیصلہ

جیونی (خ ن): اسسٹنٹ کمشنر طارق امام بلوچ کی زیر صدارت جاری قومی انسداد پولیو مہم کے حوالے سے جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں پولیو ٹیموں کی کارکردگی، بچوں کی ویکسینیشن کوریج اور مہم میں ہونے والی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں پولیو ٹیموں کی فیلڈ کارکردگی کا جائزہ لیتے ہوئے ہدایت کی کہ پانچ سال سے کم عمر کوئی بھی بچہ پولیو کے حفاظتی قطروں سے محروم نہ رہے اور مہم کو موثر بنانے کے لیے فیلڈ سرگرمیوں کی مسلسل نگرانی جاری رکھی جائے

پولیس اہلکاروں کے مسائل میرٹ کے مطابق حل کیے جائیں، آئی جی اسلام آباد

آئی جی اسلام آباد کا دورہ اردلی روم، افسران و جوانوں کے مسائل سنے اور فوری حل کی ہدایت

اسلام آباد(زاہد احمد خان) آئی جی اسلام آباد کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری کا اردلی روم کا انعقاد، آئی جی اسلام آباد نے پولیس افسران و جوانوں کے مسائل سنے۔تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری نے سنٹرل پولیس آفس میں اردلی روم کا انعقاد کیا، جہاں پولیس افسران و جوانوں نے اپنے سرکاری اور ذاتی مسائل پیش کیے۔ آئی جی اسلام آباد نے افسران و جوانوں کے مسائل تفصیل سے سنے اور متعلقہ افسران کو قواعد وضوابط کے مطابق ان پر بروقت کارروائی کرتے ہوئے مسائل کے حل کو یقینی بنانے کی ہدایت کی۔کیپٹن (ر) محمد سہیل چوہدری نے کہا کہ پولیس افسران واہلکاروں کے مسائل کا بروقت ازالہ محکمانہ امور کا اہم حصہ ہے۔انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ درخواستوں اور محکمانہ معاملات کو بلاوجہ التواء کا شکار نہ کیا جائے اور تمام امور میرٹ، شفافیت اور مقررہ قواعد کے مطابق نمٹائے جائیں۔ آئی جی اسلام آباد نے کہا کہ پولیس افسران و جوان شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے دن رات فرائض انجام دیتے ہیں، اس لیے ان کے جائز مسائل کے حل اور فلاح و بہبود پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔

ایف آئی اے اسلام آباد میں محکمانہ احتساب شروع،10 ملازمین برطرف

اختیارات کے غلط استعمال اور غیر پیشہ ورانہ رویے پر زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل کیا جارہا ہے، ڈائریکٹر

اسلام آباد(زاہد احمد خان)وفاقی تحقیقاتی ادارہ (FIA) اسلام آباد زون میں محکمانہ احتساب، نظم وضبط اور پیشہ ورانہ طرز عمل کو یقینی بنانے کے لیے گزشتہ روز محکمانہ کارروائی عمل میں لائی گئی۔ اس سلسلے میں افسران و اہلکاران کی کارکردگی، محکمانہ نظم وضبط، پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کی انجام دہی اور عوامی شکایات سے متعلق معاملات کا جائزہ لیا گیا۔ڈائریکٹر ایف آئی اے اسلام آباد زون کی زیر صدارت اردلی روم کے بعد سزاؤں کے متعلق میٹنگ کی۔ میٹنگ میں محکمانہ بے ضابطگیوں، نظم وضبط کی خلاف ورزیوں، غیر ذمہ دارانہ و غیر پیشہ ورانہ طرز عمل اور عوامی شکایات سے متعلق معاملات کو قواعد وضوابط کے مطابق زیر غور لایا گیا۔عوامی شکایات اور دیگر محکمانہ معاملات میں متعلقہ افسران و اہلکاران کو Orderly Room میں ذاتی طور پر سنا گیا اور انہیں اپنا موقف پیش کرنے کا مکمل موقع فراہم کیا گیا۔متعلقہ ریکارڈز اور دستیاب مواد کا جائزہ لینے کے بعد Civil Servants (E&D) Rules 2020 کے تحت قواعد وضوابط کے مطابق محکمانہ سزائیں عائد کی گئیں۔" 10 ملازمین کو سرکاری ملازمت سے برطرف کیا گیا" 08 ملازمین کی عہدے میں تنزلی کی گئی۔" سرکاری ملازمت سے برطرف کیے گئے ملازمین (10)۔ 1۔حسن علی، سب انسپکٹر، 2 محمد سوبان، اپر ڈویژن کلرک، 3 طاہر محمود، ہیڈ کانسٹیبل، 4 میلون مسیح، ہیڈ کانسٹیبل، 5 محمد بلال ولد محمد افتخار، ہیڈ کانسٹیبل، 6 طاہر صغیر، کانسٹیبل، 7 محمد احمد رضا، کانسٹیبل، 8 عاقب محمود، کانسٹیبل، 9 طاہر محمود، کانسٹیبل، 10 مبشر کاظمی، اے ایس آئی،" عہدے میں تنزلی پانے والے ملازمین میں، 1 محمد نیاز میرو، اسسٹنٹ سب انسپکٹر سے ہیڈ کانسٹیبل، 2 محمد وسیم اقبال، اسسٹنٹ سب انسپکٹر سے ہیڈ کانسٹیبل، 3 شیراز منظور، اپر ڈویژن کلرک سے لوئر ڈویژن کلرک، 4 رضوان علی خان، ہیڈ کانسٹیبل سے کانسٹیبل، 5 مسعود احمد، ہیڈ کانسٹیبل سے کانسٹیبل، 6 مدثر علی، ہیڈ کانسٹیبل سے کانسٹیبل، 7 الماس الیاس، ہیڈ کانسٹیبل سے کانسٹیبل، 8 قاسم محمود، ہیڈ کانسٹیبل سے کانسٹیبل، 19" کیس میں 03 سال کے لیے ترقی روک دی گئی۔

ڈپٹی کمشنر موسیٰ خیل عبدالرزاق جگ ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

دہشتگردی کے مکمل خاتمے کیلئے فیصلہ کن اقدامات ناگزیر ہیں، روبینہ خالد

دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم سیکیورٹی اداروں کے ساتھ کھڑی ہے، ، چیئرپرسن بی آئی ایس پی

ڈی آئی خان دہشتگرد حملہ، 12 افراد کے جاں بحق اور 35 کے زخمی ہونے کے واقعہ پر اظہار افسوس ومذمت

اسلام آباد(شاکر رحمان سے) ڈیرہ اسماعیل خان میں دہشتگرد حملے میں 12 قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر دلی افسوس اور رنج ہے، دہشتگرد حملے میں 35 افراد کے زخمی ہونے پر بھی گہرا دکھ ہے، زخمیوں کی جلد صحتیابی کے لیے دعا گو ہوں، انہوں نے کہا کہ دہشتگرد حملے میں شہید ہونے والوں کے اہلخانہ کے غم میں برابر کی شریک ہوں، بے گناہ شہریوں کو دہشتگردی کا نشانہ بنانا انسانیت دشمن عناصر کی سنگین کارروائی ہے، دہشتگردوں نے ڈیرہ اسماعیل خان میں امان میلہ پولیس چیک پوسٹ کو نشانہ بنایا، حملہ انتہائی قابل مذمت ہے، دہشتگردی کے خاتمے کے لیے ریاستی اداروں کی کارروائیاں مزید موثر بنانا ہوں گی، دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم سیکیورٹی اداروں کے ساتھ کھڑی ہے، ملک میں امن و استحکام کے دشمن عناصر کے مذموم عزائم کامیاب نہیں ہونے دیں گے، فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج سے وابستہ دہشتگرد عناصر کے خلاف کارروائیاں مزید موثر کی جائیں، دہشتگردی کے مکمل خاتمے کے لیے ہر سطح پر مربوط اور فیصلہ کن اقدامات کی ضرورت ہے، زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی اور امدادی کارروائیوں کو مزید موثر بنایا جائے معصوم شہریوں اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو نشانہ بنانے والے دہشتگرد کسی رعایت کے مستحق نہیں، اللہ تعالیٰ ڈیرہ اسماعیل خان حملے کے شہداء کے درجات بلند اور زخمیوں کو جلد صحتیابی عطا فرمائے

اوستہ محمد، سٹی پولیس کی کارروائی اسلحہ کے زور پر چھینی گئی گاڑی برآمد

اوستہ محمد (آن لائن) سٹی پولیس نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے بائی پاس سے اسلحہ کے زور پر چھینی گئی گاڑی برآمد کر کے مالک کے حوالے کر دی۔ تفصیلات کے مطابق سٹی پولیس تھانہ کے حدود ذبح شاخ کے قریب مسلح ڈاکو ریاض احمد بلوچ سے گاڑی چھین کر فرار ہوئے واقع کی اطلاع ملنے پر سردار محمد ہارون خان جمالی نے پولیس کے اعلیٰ حکام سے رابطہ کرتے ہوئے چھینی گئی گاڑی کی فوری برآمدگی کا مطالبہ کیا جس پر ایس پی ہدایت پر ایس ایچ او سٹی تھانہ ندیم بہرانی نے اپنی پولیس ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے چھینی گئی گاڑی برآمد کرلی اور گاڑی مالک کے حوالے کردی ایس ایچ او ندیم بہرانی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا۔

خواتین کی حفظان صحت کیلئے جامع پالیسی نافذ اور سالانہ بجٹ میں فنڈ مختص کیے جائیں، ایف ڈی آئی

اسکولوں، مراکز صحت اور عوامی مقامات پر صاف پانی، محفوظ واش رومز اور بنیادی سہولیات یقینی بنانے کا مطالبہ

ماہواری سے متعلق ضروری اشیا کی دستیابی، تربیت اور آگاہی کیلئے موثر نظام وضع کیا جائے، فورم فار ڈگنٹی انیشی ایٹو کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر عظمیٰ یعقوب

کوئٹہ (آن لائن) فورم فار ڈگنٹی انیشی ایٹو (ایف ڈی آئی) نے بلوچستان میں حفظان صحت کی جامع پالیسی کو باضابطہ طور پر منظور اور نافذ کرنے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس مقصد کے لیے سالانہ بجٹ میں باقاعدہ مالی وسائل مختص کیے جائیں تاکہ صوبے بھر کے اسکولوں، صحت کے مراکز اور عوامی مقامات پر بنیادی حفظان صحت کی سہولیات یقینی بنائی جاسکیں۔ یہ مطالبہ کوئٹہ میں صوبائی اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ منعقدہ مشاورتی نشستوں کے دوران سامنے آیا، جن کی قیادت فورم فار ڈگنٹی انیشی ایٹو کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر عظمیٰ یعقوب نے کی۔ اس موقع پر عظمیٰ یعقوب نے کہا کہ بلوچستان میں خواتین کی حفظان صحت عوامی خدمات کے ان شعبوں میں شامل ہے جنہیں طویل عرصے سے مناسب توجہ نہیں مل سکی، حالانکہ اس کا براہ راست اثر آبادی کے ایک بڑے حصے پر پڑتا ہے۔انہوں نے کہا کہ صوبائی سطح پر جامع پالیسی اور واضح فریم ورک نہ ہونے کے باعث اسکولوں، صحت کی سہولیات اور سرکاری اداروں میں بنیادی ضروریات کی فراہمی متعلقہ اداروں کی انفرادی استعداد اور ترجیحات پر منحصر ہے۔ جس کے نتیجے میں بعض اداروں میں مناسب سہولیات موجود ہیں جبکہ دیگر مقامات پر طالبات اور خواتین بنیادی ضروریات سے بھی محروم رہتی ہیں۔

فرنٹیئر کور بلوچستان (نارتھ) میں شمولیت کا سنہری موقع

آن لائن رجسٹریشن کے لیے امیدوار ویب سائٹ www.fcblnn.com.pk پر اپلائی کریں

بھرتی شیڈول و مقامات برائے ریکروٹ کورس-71

پاکستان کے کسی بھی شہر سے تعلق رکھنے والے افراد نیچے دیئے گئے کسی بھی مقام پر بھرتی کیلئے تشریف لا سکتے ہیں

- آرٹلری سینٹر اٹک — 26 تا 30 ستمبر 2026
- ملٹری پولیس سینٹر (ڈیرہ اسماعیل خان) — 28 ستمبر تا 5 اکتوبر 2026
- ہیڈکوارٹر ریکارڈز (تیمر گرہ) — 28 ستمبر تا 5 اکتوبر 2026
- اے ایس سی سنٹر (نوشہرہ) — 28 ستمبر تا 5 اکتوبر 2026
- پٹھان سنٹر کوہاٹ کینٹ — 3 تا 5 اکتوبر 2026
- شکر پڑیاں گراؤنڈ راولپنڈی — 8 تا 10 اکتوبر 2026
- سرکٹ ہاؤس میانوالی — 8 تا 10 اکتوبر 2026
- شفقت سٹیڈیم (ملتان کینٹ) — 8 تا 10 اکتوبر 2026
- ایف سی کیمپ (ڈیرہ غازی خان) — 8 تا 10 اکتوبر 2026

معیار برائے بھرتی

اسامی	تعلیم: نان لوکل	تعلیم: لوکل بلوچ	عمر کی حد: نان لوکل	عمر کی حد: لوکل بلوچ	قد: نان لوکل	قد: لوکل بلوچ
جنرل ڈیوٹی	میٹرک	مڈل پاس	18 سے 23 سال	18 سے 26 سال	5 فٹ 6 انچ	5 فٹ 3 انچ
ای ایم ای	ایف ایس سی پری انجینئرنگ فرسٹ ڈویژن سائنس/ ای ڈی اے ای					
نقل	ایف اے آئی سی ایس					
کلرک	ایف اے آئی سی ایس					

سہولیات

- پرکشش تنخواہ پاکستان آرمی کے برابر
- کارکردگی کی بنیاد پر اقوام متحدہ کے ساتھ سروس کے مواقع
- شہداء کے بچوں کے لیے مفت تعلیم اور رہائش کے لیے گھر
- بلوچستان کے مقامی شہریوں کے لئے اندرون بلوچستان سروس کا شاندار سنہری موقع
- مفت رہائش اور کھانا
- دوران سروس آپ کے بیوی اور بچوں کا مفت علاج
- اندرون ملک بذریعہ ریلوے سفر کرنے کی صورت میں نصف کرایہ کی سہولت

بھرتی برائے لوکل بلوچی اور سندھی

بلوچستان کے امیدواران کی بھرتی تمام ایف سی ہیڈ کوارٹرز (لیتی ملیلی، مچھ، کوئٹہ، نوشکی، چمن، مسلم باغ، ژوب، لورالائی، سوئی، ڈیرہ بگٹی، سبی اور کوہلو) میں 01 ستمبر تا 30 ستمبر 2026 تک کی جائے گی، صوبہ سندھ سے تعلق رکھنے والے امیدواران کی بھرتی ہیڈ کوارٹر ژوب رائفلز اور ہیڈ کوارٹرز سبی سکاؤٹس میں کی جائے گی

نوٹ

- [illegible]
- وہ حضرات جن کی عمر 18 سال سے زائد ہے ان کا فارم (ب) قابل قبول نہیں ہوگا بلکہ کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ لازمی ہے۔
- 20 ستمبر 2026 کو عمر مندرجہ بالا حد سے زیادہ نہ ہو۔
- [illegible]
- جعلی تعلیمی اسناد پیش کرنے والے کو پولیس کیا جائے گا۔
- دوران بھرتی موبائل فون ممنوع ہے۔ [illegible]
- [illegible]
- پولیس ویری فیکیشن ہونا لازمی ہے۔
- [illegible]

رہنمائی اور معلومات کے لیے رابطہ کریں

ٹیلیفون نمبر 0819203285

کال اور وٹس ایپ نمبر 0312-0605905

ای میل rectcellfcn@gmail.com

PID(Q)105/26

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

مشرق

چیف ایگزیکٹو، پرنٹر و پبلشر سید ممتاز احمد نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن ہالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایگزیکٹو سید ممتاز احمد
ٹیلی فون نمبر:۔ 2821626-2821538-2829164 فیکس نمبر:۔ 2830228-2835934
ای میل mashriqqta2008@gmail.com

اتوار 27 ستمبر 2026ء

بجلی صارفین کے مسائل اور گورنر بلوچستان کا مبنی برحقیقت موقف!!

گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے گزشتہ روز چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو کی جانب سے دی جانے والی بریفنگ کے دوران اظہار خیال کرتے ہوئے اس بات کی ضرورت پر زور دیا ہے کہ کیسکو حکام اپنے نظام کو مزید سہل اور عوام دوست بنائیں ان کا کہنا تھا کہ بجلی کی فراہمی کے نظام میں بہتری لانے کیلئے صرف اعلانات کافی نہیں بلکہ عملی اقدامات اور ان کے تسلسل کو یقینی بنانا ہوگا۔ غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ فوری طور پر ختم کر کے بجلی کے صارفین کو مناسب وولٹیج کے ساتھ بلاتعطل بجلی کی فراہمی کیلئے ٹھوس اقدامات کئے جائیں۔ کیسکو حکام اپنے دفتری اور انتظامی طریقہ کار کو مزید موثر اور عوام دوست بنائیں اور شکایات سیل پر موصول ہونے والی بجلی صارفین کی شکایات کے فوری ازالے کو یقینی بنایا جائے۔ ہمیں گورنر صاحب کے موقف سے پوری طرح اتفاق ہے امر واقعی یہ ہے کہ بلوچستان میں بجلی کا مسئلہ اب محض لوڈشیڈنگ کے چند گھنٹوں، کم وولٹیج یا بجلی کے بھاری بلوں تک محدود نہیں رہا بلکہ یہ ایک ایسا دیرینہ مسئلہ بن چکا ہے۔ جس کے اثرات صوبے کی معاشی، سماجی اور روز مرہ زندگی کے تقریباً ہر شعبے پر مرتب ہو رہے ہیں۔ ایسے حالات میں گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل کی جانب سے بجلی کی فراہمی کے نظام میں بہتری، غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے خاتمے، مناسب وولٹیج کے ساتھ بلاتعطل بجلی کی فراہمی، صارفین کی شکایات کے فوری ازالے اور کیسکو کے انتظامی و دفتری طریقہ کار کو عوام دوست بنانے پر زور دینا بلاشبہ ایک مبنی برحقیقت اور قابل توجہ موقف ہے۔ ہم گورنر بلوچستان کی ان باتوں سے پوری طرح اتفاق کرتے ہیں کہ محض اعلانات کافی نہیں، اصل ضرورت ایسے عملی اقدامات کی ہے جن کے نتائج عوام کو اپنی روز مرہ زندگی میں محسوس ہوں۔ بلوچستان میں بجلی کی طلب اور رسد کا مسئلہ ایک عرصے سے موجود ہے اور افسوسناک امر یہ ہے کہ وقت گزرنے کے ساتھ اس مسئلے کی شدت کم ہونے کے بجائے کئی حوالوں سے بڑھتی محسوس ہوتی ہے۔ بلوچستان رقبے کے اعتبار سے ملک کا سب سے بڑا صوبہ ہے، آبادی اور صنعتی سرگرمیوں کے اعتبار سے بھی اس کا حجم ملک کے بڑے صوبوں سے کم ہے، اس کے باوجود یہاں بجلی کی بنیادی ضرورت پوری کرنے میں مشکلات برقرار ہیں۔ بلوچستان کے عوام کا بنیادی مطالبہ بھی کوئی غیر معمولی یا ناقابل حصول مطالبہ نہیں۔ وہ صرف یہ چاہتے ہیں کہ انہیں قانون اور ضابطے کے مطابق بجلی فراہم کی جائے، جس کا بل وہ ادا کرتے ہیں اس کے عوض مناسب وولٹیج اور قابل اعتماد فراہمی یقینی بنائی جائے۔ جو صارفین باقاعدگی سے اپنے بجلی کے بل ادا کرتے ہیں، انہیں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ، کم وولٹیج اور اوور بلنگ جیسی مشکلات کا سامنا نہیں ہونا چاہئے۔ گورنر بلوچستان نے بھی اسی اہم نکتے کی نشاندہی کی ہے کہ اپنی ذمہ داری پوری کرنے والے صارفین کو سہولت فراہم کرنا ضروری ہے۔ یہ حقیقت بھی نظر انداز نہیں کی جاسکتی کہ کم وولٹیج محض ایک معمولی تکلیف نہیں۔ گھریلو صارفین کے لئے اس کا مطلب برقی آلات کو نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے، کاروباری طبقے کے لئے مشینری اور کاروباری سرگرمیوں میں رکاوٹ ہے، جبکہ صنعت اور زراعت کے لئے یہ براہ راست پیداواری نقصان کا سبب بن سکتا ہے۔ بلوچستان کے ایسے علاقے جہاں زراعت کا انحصار ٹیوب ویلوں پر ہے، وہاں بجلی کی غیر یقینی فراہمی کسان کی پوری معاشی منصوبہ بندی کو متاثر کرتی ہے۔ ایک طرف پانی کی ضرورت ہوتی ہے، دوسری طرف بجلی دستیاب نہیں ہوتی، نتیجتاً فصل، پیداوار اور کسان کی آمدنی سب متاثر ہوتے ہیں۔ اسی طرح شہری علاقوں میں بجلی کی بار بار بندش چھوٹے کاروباروں کے لئے بھی ایک بڑا مسئلہ ہے۔ دکان، ورکشاپ، ریستوران، تعلیمی ادارہ، کلینک یا چھوٹا صنعتی یونٹ، سبھی کو بجلی کی ضرورت ہوتی ہے۔ اگر بجلی کی فراہمی کا کوئی قابل اعتماد نظام موجود نہ ہو تو کاروباری شخص نہ تو اپنی پیداواری لاگت کا درست اندازہ کرسکتا ہے اور نہ ہی صارفین کو مستقل سہولت فراہم کرسکتا ہے۔ اس طرح بجلی کا بحران بالواسطہ طور پر روزگار اور سرمایہ کاری کے ماحول کو بھی متاثر کرتا ہے۔ یہاں کیسکو کے انتظامی کردار کا سوال انتہائی اہم ہوجاتا ہے۔ گورنر بلوچستان نے بجا طور پر کیسکو حکام پر زور دیا ہے کہ وہ اپنے دفتری اور انتظامی طریقہ کار کو مزید موثر اور عوام دوست بنائیں۔ اگر کسی صارف کو بجلی کی خرابی، غلط بل، اوور بلنگ، کم وولٹیج یا کسی دوسرے مسئلے کی شکایت درج کرانے کے لئے بار بار دفاتر کے چکر لگانا پڑیں تو اس سے ادارے اور صارف کے درمیان اعتماد کا رشتہ کمزور ہوتا ہے۔ بجلی کے شعبے میں شفافیت کا تعلق صرف شکایات کے ازالے تک محدود نہیں بلکہ بلنگ، میٹر ریڈنگ، لائن لاسز، بجلی چوری کے خلاف کارروائی اور نئے کنکشنز سمیت پورے انتظامی نظام سے ہے۔ اگر کسی بھی علاقے میں بجلی چوری یا لائن لاسز زیادہ ہیں تو اس کا حل انتظامی اور تکنیکی اقدامات کے ذریعے تلاش کیا جانا چاہئے۔ اس پورے علاقے کے صارفین کو بلاامتیاز سزا دینا مسئلے کا مستقل حل نہیں۔ لائن لاسز یقیناً بجلی کے نظام کا ایک اہم مسئلہ ہیں اور ان پر قابو پانا ضروری ہے، لیکن اس مقصد کے لئے ذمہ داری کا تعین بھی اسی قدر اہم ہے۔ اوور بلنگ کا مسئلہ بھی اسی تناظر میں خصوصی توجہ کا متقاضی ہے۔ کیسکو کی انتظامی اصلاحات کا مطلب یہ نہیں کہ صرف دفاتر کی ترتیب یا افسران کے طریقہ کار میں تبدیلی کر دی جائے۔ اصل اصلاحات وہ ہوں گی جو فیلڈ میں نظر آئیں۔ لائنوں کی بروقت مرمت، خراب ٹرانسفارمرز کی فوری تبدیلی، کم وولٹیج والے علاقوں کی نشاندہی، فیڈر کی سطح پر نگرانی، شکایات کے بروقت ازالے، میٹرنگ اور بلنگ کے نظام میں شفافیت اور صارفین کے ساتھ بہتر رویہ، یہ سب کسی بھی اصلاحاتی عمل کے بنیادی اجزا ہونے چاہئیں۔ اسی تناظر میں نئے چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو سے عوامی توقعات بھی وابستہ ہیں۔ بلوچستان کے بجلی کے نظام کو درپیش مسائل معمولی نوعیت کے نہیں اور انہیں محض روایتی انتظامی طریقہ کار کے ذریعے حل کرنا مشکل ہوگا۔ ضرورت ایک جامع حکمت عملی کی ہے۔ جس میں ادارے کے اندرونی انتظامی نظام کو بہتر بنانے کے ساتھ ساتھ فیلڈ آپریشنز، شکایات کے ازالے، لائن لاسز، بلنگ، بجلی چوری اور صارفین کے ساتھ رابطے کے نظام کو بھی جدید خطوط پر استوار کیا جائے گورنر بلوچستان کا یہ کہنا بالکل درست ہے کہ اعلانات کے بجائے عملی اقدامات اور ان کا تسلسل ضروری ہے۔ بلوچستان کے عوام نے بجلی کے مسئلے پر بہت سے وعدے اور یقین دہانیاں سنی ہیں اب انہیں وعدوں سے زیادہ نتائج درکار ہیں۔ نئے چیف کیسکو اور ان کی ٹیم اگر عوامی توقعات، زمینی حقائق اور صوبے کی مستقبل کی معاشی ضروریات کو سامنے رکھتے ہوئے ادارے کی موثر تنظیم نو اور کارکردگی میں بہتری لانے میں کامیاب ہوجاتے ہیں تو یہ بلوچستان کی معیشت اور معاشرت کے لئے ایک نیک شگون ہوگا۔

ملکی منصوبہ بندی کمیشن کی ناگزیر اہمیت

امکانات

فرحت علی

کشمیر میں سیاسی شادیاں یا معاشرتی بے حسی

نوید فکر

نعیمہ احمد مہجور

انڈیا کے زیر انتظام وادی کشمیر میں ستمبر اور اکتوبر کے ماہ شادی سیزن کے طور پر جانے جاتے ہیں۔ تب شالی یا سیبوں کی پیداوار سمیٹنے کے بعد رشتوں کو جوڑنے کا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے۔ شادی و بیاہ میں باہمی روابط، ایک دوسرے سے بغل گیر ہونا اور دوست دشمنوں کا ایک ہی دسترخوان پر اکٹھے ہونا گو کہ ثقافت کا حصہ رہا ہے لیکن مختلف سیاسی نظریات رکھنے والے سیاست دان ایک ہی پلیٹ فارم پر جمع ہونے سے ہمیشہ گریز کرتے تھے خصوصاً سن نوے کے بعد جب خطے میں مسلح تحریک آزادی کا آغاز ہوا اور معاشرہ دو نظریات میں تقسیم ہوا تھا۔

'لانگ مارچ' پاکستانی سیاست کا اہم ہتھیار کیسے بنی؟ (2)

حاصل بحث

محمد عبدالرحمان

انتقامی نہیں مفاہمتی سیاست

خیال حمید



حمید اللہ بھٹی

گمنام عدالت، گواہ، پراسیکیوٹر، دفاع، پولیس اور انصاف (2)

قلم ضرار

ڈاکٹر ضرار یوسف

سعودی عرب اور حوثیوں کے مابین کشیدگی۔۔۔(3)

گردوپیش

ڈاکٹر رشید احمد خان

یمن، آج کا قبائلی سماج جو کبھی عظیم تہذیب کا گہوارہ تھا

پن پوائنٹ

سجاد اظہر

24 فروری 2018 کو لی گئی اس تصویر میں ایک یمنی شہری مغربی صوبہ الحدیدہ کے تاریخی شہر زبید میں کھڑی موٹر سائیکلوں کے پاس سے گزرتے ہوئے دکھائی دے رہے ہیں۔ زبید یونیسکو کے عالمی ثقافتی ورثے میں شامل ہے، تاہم یہ اس وقت خطرے سے دوچار عالمی ورثے کی فہرست میں بھی موجود ہے (عبدو حیدر/اے ایف پی)

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
☆۔۔ان ادوار ننگ اور مشکوک الفاظ والے مسودے کے علاوہ شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔
☆۔۔2 فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقیہ غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا مقررہ تاریخ سے پہلے شائع ہو جائے تو دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔
☆۔۔غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔
☆۔۔اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

گمشدگی شناختی کارڈ

میرا شناختی کارڈ نمبر 5430603405823 بنام حنیف اللہ ولد عبدالظاہر کہیں گم ہوگیا ملنے پر رابطہ نمبر 03331395373 پر مطلع کریں
نمائندہ خانوزئی ....

ڈیرہ مراد جمالی: پچھی پلین واٹر سپلائی پائپ لائن توڑنے پر 11 افراد کے خلاف مقدمہ درج

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) پچھی پلین واٹر سپلائی اسکیم کی مین پائپ لائن کو توڑ کر کاشتکاری کرنے پر سخت ایکشن ایکسین کی مدعیت میں گیارہ افراد کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی صدر پولیس تھانے کی حدود ربی کے علاقے میں پچھی پلین واٹر سپلائی اسکیم کی اٹھارہ انچ ڈایا پائپ لائن کو رات کی تاریکی میں ایکسیویٹر سے توڑنے اور غیر قانونی کاشتکاری کرنے پر ایکسین پچھی پلین واٹر سپلائی اسکیم ذاکر حسین جمالی کی مدعیت میں گیارہ افراد کے خلاف صدر پولیس تھانے میں مقدمہ درج کرلیا گیا ہے جن کی گرفتاری کیلئے پولیس مختلف مقامات پر چھاپے مار رہی ہے

تربت: انتظامیہ کا تاجروں کے مسائل حل کرنے اور دکانوں کی منتقلی کیلئے پیشرفت کا عندیہ

تربت (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی سے نثار آدم جوسکی کی سربراہی میں انجمن تاجران کیچ کے وفد نے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران انجمن تاجران کیچ کے صدر نثار آدم جوسکی نے سینما چوک پر نو تعمیر شدہ دکانوں کی مکان مالکان کو منتقلی سمیت تاجروں کو درپیش دیگر مسائل سے ڈپٹی کمشنر کیچ کو آگاہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی نے تاجروں کو یقین دلایا کہ ان کے مسائل کے حل کے لیے بروقت اقدامات کیے جائیں گے اور سینما چوک کی نو تعمیر دکانوں کی مکان مالکان کو منتقلی کا عمل جلد از جلد مکمل کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ ملاقات میں آل مکران تاجران کے صدر اسحاق روشن، جمال مری، غلام اعظم دشتی اور زیر تربیت نائب تحصیلدار بھی موجود تھے۔

بیلفور اعلامیہ اور مشرق وسطیٰ کا دائمی بحران

قارئین مشرق، پہلی جنگ عظیم کے دور میں مشرق وسطیٰ کی سیاست اور جغرافیائی صورت حال تیزی سے بدل رہی تھی۔ برطانیہ اور اس کے اتحادی عثمانی سلطنت کو شکست دینے اور اس کے زیر اثر علاقوں کی تقسیم کے لیے مختلف سیاسی اور جنگی حکمت عملیوں پر عمل پیرا تھے۔ اسی تناظر میں 1917 کے اوائل تک صیہونیت کو عالمی سطح پر ایک بااثر تحریک کے طور پر دیکھا جانے لگا تھا۔ برطانوی وزیراعظم ڈیوڈ لائیڈ جارج اس نتیجے پر پہنچے کہ یہ ایک ایسی قوم پرست تحریک ہے جسے اتحادیوں کے مفادات اور جنگی مقاصد کے لیے استعمال کیا جاسکتا ہے۔ اسی سوچ کے تحت مارچ 1917 میں مارک سائکس نے صیہونی رہنما چائم وائزمین کے ساتھ باضابطہ مذاکرات کا آغاز کیا۔ برطانوی پالیسی سازوں کے ذہنوں میں اپنے سامراجی مفادات نقش تھے، لیکن وہ صیہونیوں کے مقاصد کو بھی بخوبی سمجھ رہے تھے۔ صیہونی رہنما اپنے مفاد اور فلسطین کے حصول کو سامنے رکھے ہوئے تھے اور برطانوی پیشکش ان کے عزائم کے عین مطابق تھی۔ وائزمین اور برطانوی حکام کے درمیان یہ مذاکرات اگلے کئی مہینوں تک جاری رہے، جب کہ اس دوران اتحادیوں کے لیے جنگ کے حالات مسلسل بگڑتے جارہے تھے۔ جرمن آبدوزوں کی تباہ کن مہم نے برطانیہ کے تجارتی بیڑے کو شدید نقصان پہنچایا تھا۔ اگرچہ امریکہ جنگ میں شامل ہو چکا تھا، لیکن صدر ووڈرو ولسن فوری طور پر خاطر خواہ فوجیں بھیجنے کے لیے تیار نہیں تھے۔ دوسری جانب مغربی محاذ پر برطانوی پیش قدمی پاسچنڈیل کی کیچڑ بھری خندقوں میں پھنس کر رہ گئی تھی اور ہزاروں نوجوانوں کی لاشوں کے ساتھ فوجیوں کا حوصلہ پست ہو رہا تھا۔ جنگی محاذ پر سب سے بڑا اور سنگین خطرہ مشرق یعنی روس سے ابھرا۔ روس تباہی کے دہانے پر تھا؛ جرمنوں کے ہاتھوں پے در پے شکستوں، خوراک کی شدید قلت اور ہڑتالوں نے ملک کو مفلوج کر دیا تھا۔ جب انقلاب کے نتیجے میں زار روس کا اقتدار ختم ہوا تو برطانیہ اور فرانس میں تشویش کی لہر دوڑ گئی۔ اتحادیوں کو یہ واضح نظر آ رہا تھا کہ اگر روس جنگ سے دستبردار ہوتا ہے تو جرمنی کو واضح برتری حاصل ہو جائے گی، جسے امریکہ کی فوری امداد کے بغیر شکست دینا ناممکن تھا۔ اکتوبر 1917 میں برطانوی حکومت کو ایک حساس انٹیلیجنس رپورٹ موصول ہوئی، جس میں دعویٰ کیا گیا کہ روس میں ابھرتی ہوئی انقلابی بالشویک تحریک میں یہودی رہنما کلیدی کردار ادا کر رہے ہیں۔ لائیڈ جارج کو اندیشہ تھا کہ یہ کمیونسٹ تحریک روس کو جنگ سے الگ کر دے گی۔ امریکی افواج کی غیر موجودگی میں انہوں نے فوری اقدام کا فیصلہ کیا اور اپنے وزیر خارجہ آرتھر بالفور کو ہدایت کی کہ وہ یہودی عوام کی حمایت حاصل کرنے کے لیے ایک رسمی عہد نامہ جاری کریں۔ اس کے نتیجے میں 2 نومبر 1917 کو تاریخی بیلفور اعلامیہ جاری کیا گیا، جس میں کہا گیا کہ "ان کی عظمت کی حکومت فلسطین میں یہودی عوام کے لیے ایک قومی گھر کے قیام کے حق میں ہے، اور اس مقصد کے حصول میں سہولت فراہم کرنے کے لیے اپنی بھرپور کوششیں کرے گی۔" یہ اعلامیہ بالکل اسی وقت سامنے آیا جب برطانوی فوجیں فلسطین میں داخل ہو رہی تھیں۔ بیلفور اعلامیہ کوئی اخلاقی یا انسانی اقدام نہیں تھا بلکہ یہ برطانوی سامراجی پالیسی کا حصہ تھا، جس کا مقصد برطانوی مفادات کا تحفظ کرنا تھا۔ یہ تاریخ میں پہلا موقع تھا کہ کسی عالمی طاقت نے فلسطین کو یہودی وطن بنانے کے صیہونی مقصد کی باضابطہ حمایت کی تھی۔ دوسری جانب، مکہ کے شریف حسین کا یہ ماننا تھا کہ برطانیہ نے عربوں کی جنگی حمایت کے بدلے فلسطین سمیت دیگر عرب علاقوں کی آزادی کا وعدہ کیا تھا۔ عربوں کے ممکنہ ردعمل کو دبانے کے لیے اعلامیہ میں ایک مبہم جملہ شامل کیا گیا کہ "فلسطین میں موجود غیر یہودی برادریوں کے شہری اور مذہبی حقوق کو نقصان نہیں پہنچایا جائے گا۔" اس وقت فلسطین کی کل 7 لاکھ آبادی میں یہودیوں کی تعداد صرف 80 ہزار تھی۔ مقامی عربوں کو محض "غیر یہودی" قرار دے کر ان کی تاریخی اور قومی شناخت کو یکسر نظرانداز کر دیا گیا تھا۔ بیلفور اعلامیہ ایک یکطرفہ سیاسی بیان تھا، کوئی بین الاقوامی معاہدہ نہیں۔ حقیقت میں برطانیہ کا واحد باضابطہ معاہدہ فرانس کے ساتھ تھا جسے خفیہ 'سائکس-پیکو معاہدہ' کہا جاتا ہے۔ 7 نومبر کو روس میں بالشویکوں نے اقتدار سنبھالا تو لائیڈ جارج کی تمام امیدیں دم توڑ گئیں۔ برطانوی انٹیلیجنس رپورٹ بنیادی طور پر غلط ثابت ہوئی۔ بالشویک پارٹی میں اگرچہ کچھ یہودی رہنما شامل تھے، لیکن وہ بین الاقوامی کمیونسٹ نظریات کے حامل تھے اور صیہونیت کو سرمایہ دارانہ چال قرار دے کر اس کی مخالفت کرتے تھے۔ اقتدار میں آتے ہی بالشویک حکومت نے زار کے دفتری آرکائیوز کو عام کر دیا اور عثمانی سلطنت کی تقسیم کے تمام خفیہ معاہدے افشا کر دیے۔ اس سے برطانوی اور فرانسیسی سامراج کا دوہرا معیار دنیا کے سامنے بے نقاب ہوگیا۔ ایک طرف وہ جمہوریت اور خود ارادیت کا نعرہ لگا رہے تھے اور دوسری طرف پردے کے پیچھے دنیا کی تقسیم کے سودے کر رہے تھے۔ اس افشاء سے عرب دنیا میں شدید بے چینی پھیلی اور شریف حسین سمیت دیگر عرب رہنماؤں کو احساس ہوا کہ ان کے ساتھ دھوکہ ہوا ہے۔ اسی الجھن اور بے اعتمادی کے ماحول میں دسمبر 1917 میں برطانوی جنرل ایلنبی یروشلم میں فاتح کی حیثیت سے داخل ہوئے۔ عربوں کے ٹوٹتے ہوئے اعتماد کو بحال کرنے کے لیے برطانیہ نے ایک بار پھر عرب قوم کی تشکیل اور آزادی کا زبانی وعدہ دہرایا، لیکن تاریخ نے ثابت کیا کہ بیلفور اعلامیے نے مشرق وسطیٰ میں ایک ایسا دائمی بحران پیدا کر دیا جس کے اثرات آج بھی دنیا بھگت رہی ہے۔

تربت، اے سی بلیدہ ابوبکر میرانی پی پی ایچ آئی کے ایم ڈی مرتضیٰ بلوچ سے ملاقات کررہے ہیں

جعفرآباد سولہ ایکڑ اراضی کا انتقال، 5 افراد قانون کی زد میں

جھٹ پٹ میں آبائی اراضی کے مبینہ جعلی انتقال، فراڈ اور اختیارات کے ناجائز استعمال پر اینٹی کرپشن نے مقدمہ درج کرلیا

موضع دارہ نمائی میں انتقال نمبر 371 کے ذریعے سولہ ایکڑ اراضی کی منتقلی میں مبینہ بے ضابطگیوں کی شکایت پر تحقیقات ہوئیں

سابق نائب تحصیلدار ظریف گولہ، قانگو عبدالغنی، پٹواری بخت گولہ سمیت پانچ افراد مبینہ جعلسازی کے مقدمے میں نامزد ہوئے

مالکانہ حقوق کی تصدیق اور قانونی تقاضے پورے کیے بغیر انتقال درج کرنے کے الزامات، اینٹی کرپشن نے مزید تفتیش شروع کردی

کوئٹہ (آئی این پی) اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ بلوچستان نے ضلع جعفرآباد کی تحصیل جھٹ پٹ میں 16 ایکڑ آبائی اراضی کے جعلی انتقال، بدعنوانی، فراڈ اور اختیارات کے ناجائز استعمال کے الزام میں 5 افراد کے خلاف مقدمہ درج کرکے تفتیش شروع کردی ہے۔ اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ بلوچستان کے ترجمان کے مطابق موضع دارہ نمائی، تپہ محبت پور میں واقع 16 ایکڑ آبائی اراضی کے انتقال نمبر 371 مورخہ 4 اپریل 2022 سے متعلق کرپشن، فراڈ اور اختیارات کے ناجائز استعمال کی شکایت پر انکوائری کی گئی۔ ترجمان کے مطابق تحقیقات کے دوران یہ بات سامنے آئی کہ اس وقت کے نائب تحصیلدار ظریف گولہ، قانگو عبدالغنی، پٹواری بخت گولہ اور تصدیق کنندہ نیاز احمد ولد قائم الدین نے مبینہ ملی بھگت سے بغیر مالکانہ حقوق کی جانچ اور قانونی تقاضے پورے کیے انتقال درج کیا، جس کے نتیجے میں سرکاری ریکارڈ میں مبینہ ہیرا پھیری اور بدعنوانی کا معاملہ سامنے آیا۔ مجاز اتھارٹی کی منظوری کے بعد ظریف گولہ سابق نائب تحصیلدار، عبدالغنی سابق قانگو، بخت گولہ پٹواری، نیاز احمد ولد قائم الدین تصدیق کنندہ اور محمد خان ولد نور محمد حسنی مستفید کنندہ کے خلاف تعزیرات پاکستان کی دفعات 167، 218، 409، 420، 467، 468، 471 اور انسداد بدعنوانی ایکٹ 1947 کی دفعہ 5(2) کے تحت مقدمہ درج کیا گیا۔ ترجمان کے مطابق مقدمے میں بدعنوانی، فراڈ، جعلسازی اور اختیارات کے ناجائز استعمال سے متعلق الزامات شامل ہیں جبکہ واقعے کی مزید تفتیش جاری ہے۔

خضدار کے واحد بڑے ہسپتال کی حالت زار پر عوام کا تشویش کا اظہار

ادویات، تشخیصی مشینوں اور بنیادی طبی سہولیات کی عدم دستیابی سے مریض شدید پریشان

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار بلوچستان کا دوسرا بڑا شہر ہے کم وبیش 16 لاکھ آبادی پر مشتمل ضلعی ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں صحت کی بنیادی سہولیات کا مکمل فقدان ہے ہسپتال کھنڈرات میں تبدیل لوگوں کی علاج ومعالجہ سہولتیں موجود نہیں لاکھوں کی آبادی والے شہر کے ہسپتال گندگی اور کھنڈرات کا منظر پیش کرنے لگی ہے مریضوں کا کوئی پرسان حال نہیں ہے سرکاری ہسپتال میں ادویات کی مکمل قلت غریب لاچار بےکس مریض رل گئی تفصیلات کے مطابق خضدار بلوچستان کا دوسرا بڑا شہر ہے پورے ضلع خضدار کا ایک واحد ہیڈکوارٹر ٹیچنگ ہسپتال ہے وہ بھی عدم توجہی کا شکار ہوکر ہسپتال کھنڈرات میں تبدیل ہوچکی ہے مریضوں کا کوئی پرسان حال نہیں ہے مریضوں ہسپتال سے ایک سرنج تک میسر نہیں ہے اس دور مہنگائی میں غریب مریض بازار سے دوائیاں خریدی جاتی ہے محکمہ صحت کی جانب سے دوائیوں کا کوٹہ کو بڑھائی جائے ایک سروے رپورٹ کے مطابق ضلع خضدار کا واحد ہسپتال لاوارث ہے یہاں کے عوامی نمائندگان صرف بینک بیلنس بڑھانے کی چکر میں لگی ہوئی ہے ہسپتال تباہی کے دہانے پر کھڑا ہے ایک طرف علاج ومعالجہ کی سہولتیں ناپید ہے دوسری طرف صفائی کی صورتحال ناقص دکھائی دے رہی ہے ہسپتال پر کوئی توجہ دینے والا نہیں ہے ہسپتال کے متعلق عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ محکمہ صحت خضدار کے واحد ہسپتال میں سہولتیں فراہم کیے جائے ہسپتال میں ایکسریمشین الٹرا ساؤنڈ، ملیریا اور ٹائیفائیڈ ودیگر مرض کی تشخیص کی ٹیسٹیں بھی غریب لوگ باہر سے پرائیویٹ لیبارٹریوں سے کروائی جاتی ہے عوام کا کوئی پرسان حال نہیں ہے عوامی حلقوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی، سیکریٹری صحت بلوچستان ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ سروس سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ ضلع خضدار کے واحد ہسپتال پر توجہ دیکر عوام کو صحت کی بنیادی سہولتیں اور علاج ومعالجہ کی تمام ضروری آلات مہیا کیے جائیں۔

مانجھی پور: انتظامیہ کا بازار میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں اور معیار کا جائزہ

تحصیلدار نے دکانوں، ہوٹلوں، میڈیکل اسٹورز اور سبزی فروشوں کا معائنہ کیا

زائد المیعاد ادویات، مہنگی اشیاء اور ناقص صفائی پر سخت کارروائی کی تنبیہ

مانجھی پور (نامہ نگار) تحصیلدار مانجھی پور بہرام خان مگٹی نے مانجھی پور بازار کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے مختلف دکانوں پر اشیائے خورد و نوش، آٹا، گھی، چینی اور دیگر ضروری اشیاء کے معیار اور قیمتوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے ہوٹلوں، سبزی و پھل فروشوں اور میڈیکل اسٹورز کا بھی معائنہ کیا اور صفائی ستھرائی کی صورتحال، ادویات کے معیار اور زائد المیعاد ادویات کی موجودگی کو چیک کیا۔ انہوں نے دکانداروں کو ہدایت کی کہ عوام کو معیاری اشیاء اور ادویات کی فراہمی یقینی بنائی جائے اور مقررہ نرخوں کی پابندی کی جائے۔ تحصیلدار بہرام خان مگٹی نے واضح کیا کہ عوام کی صحت اور زندگی کے ساتھ کسی صورت سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا۔ غیر معیاری، زائد المیعاد یا مہنگی اشیاء کی فروخت کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے دکانداروں کو صفائی کا خصوصی خیال رکھنے اور ضلعی انتظامیہ کی ہدایات پر سختی سے عملدرآمد کرنے کی تنبیہ بھی کی۔

مانجھی پور، تحصیلدار بہرام خان مگٹی بازار کا دورہ کررہے ہیں

بلوچستان میڈیا فورم صحافیوں کی نئی امید بن کر ابھرا

فورم نے مختصر عرصے میں صوبے بھر کے صحافیوں اور میڈیا ورکرز کو متحد کیا، گودندر راہیجہ

بھاگ (نامہ نگار) بلوچستان میڈیا فورم سیوی ڈویژن کے صدر گودندر راہیجہ، جنرل سیکرٹری قاضی اسد سندیلہ، نائب صدر راحت حمزہ، ڈپٹی جنرل سیکرٹری رئیس حضور بخش اور فنانس سیکرٹری محبوب علی ڈوکی نے کہا ہے کہ بلوچستان میڈیا فورم صوبے بھر کے صحافیوں، سوشل میڈیا ورکرز اور میڈیا سے وابستہ ساتھیوں کیلئے امید کی کرن بن چکا ہے اور فورم کو ملنے والی پذیرائی اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ میڈیا برادری ایک مضبوط اور متحرک پلیٹ فارم کی ضرورت محسوس کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میڈیا فورم نے مختصر عرصے میں صوبے کے مختلف اضلاع اور ڈویژنوں میں صحافیوں اور میڈیا ورکرز کو ایک پلیٹ فارم پر متحد کیا ہے۔ فورم کا بنیادی مقصد میڈیا سے وابستہ افراد کے مسائل کو اجاگر کرنا، ان کے حقوق کا تحفظ، آزادی؟ صحافت کا دفاع اور دور دراز علاقوں میں کام کرنے والے صحافیوں کو درپیش مشکلات کے حل کیلئے موثر آواز بلند کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج سوشل میڈیا بھی خبررسانی اور عوامی مسائل اجاگر کرنے کا اہم ذریعہ بن چکا ہے، اس لیے سوشل میڈیا ورکرز اور دیگر میڈیا سے وابستہ ساتھی بھی صحافتی برادری کا اہم حصہ ہیں۔ بلوچستان میڈیا فورم سب کو ساتھ لے کر چلنے کی پالیسی پر عمل پیرا ہے اور کسی بھی میڈیا ورکر کے ساتھ ناانصافی کی صورت میں بھرپور آواز بلند کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ سیوی ڈویژن سمیت بلوچستان بھر میں فورم کی تنظیم سازی اور فعالیت کا عمل جاری ہے اور صحافیوں کی جانب سے مسلسل اعتماد اور پذیرائی حوصلہ افزا ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بلوچستان میڈیا فورم صحافیوں اور میڈیا ورکرز کے حقوق، تحفظ، معاشی مسائل اور آزادی؟ صحافت کیلئے اپنی جدوجہد مزید منظم اور موثر انداز میں جاری رکھے گا۔

تربت، اسسٹنٹ پروفیسر یونیورسٹی آف تربت ڈاکٹر غلام جان تربتی ورکشاپ سے خطاب کررہے ہیں

سیبی: جیل میں مون سون شجرکاری مہم، ماحولیاتی بہتری کیلئے اہم اقدام شروع

سیبی (خ ن) ناظم اعلیٰ جنگلات سیبی زاہد خان رند کی خصوصی ہدایت پر ضلع بھر میں جاری مون سون شجرکاری مہم کے سلسلے میں ڈسٹرکٹ جیل سیبی میں بھی شجرکاری کی گئی، جس میں محکمہ جنگلات و جنگلی حیات اور محکمہ جیل خانہ جات کے افسران و اہلکاروں نے بھرپور شرکت کی۔ اس موقع پر سپرنٹنڈنٹ جیل سیبی حماد اعوان، ڈویژنل فارسٹ آفیسر سیبی طارق شاہ، اسسٹنٹ کنزرویٹر وائلڈ لائف محمد رفیق مجگ، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ جیل سیبی طاہر خان ڈوکی اور اسسٹنٹ جیل تیمور شاہ نے دیگر عملے کے ہمراہ جیل کے احاطے میں مختلف اقسام کے پودے لگائے اور خود بھی شجرکاری میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ اس موقع پر محکمہ جنگلات و جنگلی حیات کے حکام نے کہا کہ مون سون کا موسم شجرکاری کے لیے انتہائی موزوں ہوتا ہے اور ماحولیاتی توازن برقرار رکھنے کے ساتھ ساتھ سیبی کو سرسبز و شاداب بنانے کے لیے یہ مہم انتہائی اہمیت کی حامل ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ محکمہ جنگلات کی جانب سے شہریوں میں بھی شعور اجاگر کیا جارہا ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ تعداد میں درخت لگا کر آنے والی نسلوں کے لیے صحت مند ماحول کو یقینی بنایا جاسکے۔

خضدار: چلکو سے زیرو پوائنٹ تک اسٹریٹ لائٹس تنصیب کیا جائے، عوامی حلقے

اندھیرے کے باعث حادثات اور اسٹریٹ کرائم روکنے کیلئے حکام سے فوری اقدامات کا مطالبہ

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار اسٹریٹ لائٹس خضدار شہر کی خوبصورتی کیلئے اہم ہے خضدار شہر میں قومی شاہراہ کے دونوں جانب اسٹریٹ لائٹس کی تنصیب ناگزیر اور حادثات اور اسٹریٹ کرائم کے روک تھام کریمیں اہم قدم ہے خضدار چلکو سے زیرو پوائنٹ تک اسٹریٹ لائٹس کی تنصیب کیلئے اقدامات کرنے سے نہ صرف لوگوں کی جانی ومالی حفاظت ہوگی بلکہ شہر کی خوبصورتی میں بھی اضافہ دیکھنے کو ملیں گے اس سے علاقہ میں بہترین ماحول بھی پیدا ہوگی ان خیالات کا اظہار خضدار کے عوامی سیاسی حلقوں نے میڈیا نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا ان کا کہنا تھا کہ خضدار بلوچستان کا دوسرا بڑا شہر ہے اور یہ ضروری ہے کہ خضدار شہر میں اور خصوصا خضدار چلکو کے ایریا سینٹر و زیرو پوائنٹ تک قومی شاہراہ پر اسٹریٹ کی تنصیب پر غور کریں عوامی نمائندگان خضدار شہر کو ایک محفوظ اور خوبصورت خضدار کی طرف لیکر جاکر لوگوں کی جان ومال کی حفاظت کیلئے اہم اقدامات اٹھائیں تاکہ شہر میں اسٹریٹ کرائم کی کمی واقع ہو اور خضدار میں لاکھوں کی آبادی کا بڑھتا اور ٹریفک کی نظام بری طرح ہورہی ہیا کثر و بیشتر قومی شاہراہ پر رات کی تاریکی میں حادثات رونما ہورہے ہیں جسکا تدارک کرنے کیلئے قومی شاہراہ کے اردگرد اسٹریٹ لائٹس کی تنصیب کو یقینی بنائیں اور علاقہ کی خوبصورتی سمیت شہر کے رونق کو دوبالا کریں اس سے نہ صرف روشنی میں لوگ استفادہ کریں گے بلکہ کافی قومی شاہراہ پر حادثات اور اسٹریٹ کرائم کی خاتمہ ممکن ہوگی آخر میں خضدار کے عوامی وسیاسی حلقوں نیوزیراعلیٰ بلوچستان، چیف سیکریٹری بلوچستان، کمشنر خضدار ڈویژن، ڈپٹی کمشنر خضدار سے مطالبہ کیا کہ خضدار کے عوام کی دیرینہ مطالبہ اسٹریٹ لائٹس کی منظوری ودیگر چلکو سے زیرو پوائنٹ تک تنصیب کیلئے فوری اقدامات کیے جائیں۔

جامعہ گوادر میں نئے طلبہ کے اعزاز میں استقبالیہ تقریب کا انعقاد

شعبہ اکنامکس نے طلبہ کو تعلیمی، سماجی اور ہم نصابی سرگرمیوں سے روشناس کرایا

تقریب میں شاعری، ڈرامہ، ٹیبلو اور موسیقی سمیت مختلف ثقافتی پروگرام پیش کیے گئے

گوادر (خ ن) جامعہ گوادر کے شعبہ بی ایس اکنامکس کے زیر اہتمام نئے داخل ہونے والے طلبہ کے اعزاز میں استقبالیہ تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس کا مقصد طلبہ کو جامعہ کے تعلیمی، سماجی اور ہم نصابی ماحول سے روشناس کرانا تھا تقریب میں ڈین فیکلٹی آف سوشل سائنسز پروفیسر ڈاکٹر جان محمد، رجسٹرار ڈاکٹر دولت خان، کنٹرولر امتحانات پروفیسر ڈاکٹر رحیم بخش مہر، چیئرپرسن شعبہ اکنامکس شع سلیمان، مختلف شعبہ جات کے چیئرپرسنز، فیکلٹی ممبران، سینئر اور نئے طلبہ نے شرکت کی۔ اس موقع پر پروفیسر ڈاکٹر جان محمد نے نئے طلبہ کو جامعہ میں تعلیمی سفر کے آغاز پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ معاشیات قومی و علاقائی ترقی، وسائل کے موثر استعمال اور معاشی پالیسی سازی کو سمجھنے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ انہوں نے طلبہ پر زور دیا کہ تعلیم کے ساتھ پیشہ ورانہ مہارت، نظم و ضبط اور کردار سازی پر بھی خصوصی توجہ دیں چیئرپرسن شعبہ اکنامکس شع سلیمان نے نئے طلبہ کو خوش آمدید کہتے ہوئے محنت، مستقل مزاجی اور مثبت سوچ کے ساتھ تعلیمی اہداف حاصل کرنے کی تلقین کی تقریب میں طلبہ اور فیکلٹی کی جانب سے شاعری، ڈرامہ، ٹیبلو اور موسیقی سمیت مختلف ثقافتی پروگرام پیش کیے گئے۔



گوادر، اے ڈی سی جنرل ڈاکٹر عبدالشکور سے معاون وسیم صمد کی سربراہی میں ماہیگروں کا وفد ملاقات کررہا ہے

خضدار: بی این پی اجلاس، یونٹ سازی تیز، عہدیدار مقرر

تنظیمی جائزہ، یونین کونسل اور وارڈ سطح یونٹ جلد فعال بنانے کا فیصلہ

خالی عہدوں پر کارکنان کی تقرری، آئندہ ماہ تحصیلوں میں اجلاس کا فیصلہ

خضدار (بیورو رپورٹ) بلوچستان نیشنل پارٹی عوامی ضلع خضدار کے ضلعی آرگنائزر چیئرمین منیر احمد زہری کی زیر صدارت ضلع و تحصیل آرگنائزنگ باڈی کا سہ ماہی اجلاس زہری حویلی خضدار میں منعقد ہوا اجلاس کی کارروائی تلاوت کلام پاک سے شروع ہوئی جس کی سعادت سٹی آرگنائزر حافظ محمد صادق زہری نے حاصل کی تلاوت کے بعد مرحوم قوم پرست رہنما ماسٹر منظور احمد آخوندہ کی والدہ کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی گئی اجلاس کی باقاعدہ کارروائی ضلعی ڈپٹی آرگنائزر شمس الدین میروانی نے شروع کی اور تمام ایجنڈے پیش کیا اجلاس میں ضلع خضدار کی تمام تحصیلوں خضدار، زہری، مولہ، اور باغبانہ کے آرگنائزنگ باڈی کے تمام عہدیداروں نے بڑی تعداد میں شرکت کرکے اجلاس کو کامیاب بنایا اجلاس میں سب سے پہلے ضلعی سطح پر پارٹی کی موجودہ تنظیمی صورتحال فعالیت یونٹ سازی اور آئندہ کے لائحہ عمل پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا تمام تحصیل آرگنائزنگ باڈی نے پارٹی اپنی اپنی تحصیلوں کی تنظیمی کارکردگی رپورٹ پیش کی جس میں بتایا گیا کہ کس تحصیل میں کتنے یونٹ فعال ہیں اور کہاں یونٹ سازی باقی ہے شرکاء نے اطمینان کا اظہار کیا کہ بی این پی عوامی ضلع خضدار میں تیزی سے مقبول ہورہی ہے اور نوجوان جوق در جوق پارٹی میں شامل ہورہے ہیں اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ہر یونین کونسل اور ہر وارڈ کی سطح پر پارٹی کے یونٹ کو جلد از جلد فعال کرکے اور رکن سازی مہم کو مزید تیز کیا جائے گا اجلاس کے دوسرے اہم ایجنڈے میں ضلع اور تحصیل خضدار میں خالی پڑے اہم عہدوں پر اکثریتی رائے اور باہمی مشاورت سے نظرثانی اور مخلص کارکنان کی تقرری عمل میں لائی گئی جن کے نام مندرجہ زیل ہیں ضلعی آرگنائزنگ باڈی کے ممبران محمد اقبال کرد، وڈیرہ عبدالخالق شاہد وزیر احمد بلوچ اور تحصیل ڈپٹی آرگنائزر سید ایاز الدین شاہ ممبران محمد رفیق بنگزئی ماما عبدالرزاق ساسولی کو منتخب کیا گیا

خضدار: ڈی سی کا اسکول کے مسائل حل کرنے اور تعلیمی معیار مزید بہتر بنانے کا عزم

خضدار (خ ن) ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نیاز اللہ سالانی کا گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول کھنڈ کا تفصیلی دورہ ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے گورنمنٹ بوائز ہائی سکول کھنڈ کے دورے کے دوران اسکول کی لائبریری، کمپیوٹر و ڈیجیٹل لیب، سائنس لیب اور تمام کلاس رومز کا تفصیلی معائنہ کیا۔ انہوں نے مختلف جماعتوں میں جا کر طلبہ سے تعلیمی حوالے سے سوالات کیے اور ان کی علمی استعداد، تدریسی سرگرمیوں اور تعلیمی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے اسکول میں تعلیمی ماحول، طلبہ کے نظم و ضبط، اساتذہ کی تدریسی کاوشوں، اسکول کی صفائی ستھرائی اور دستیاب تعلیمی سہولیات کو سراہا۔ طلبہ کی جانب سے مختلف سوالات کے اطمینان بخش جوابات اور کلاس رومز میں جاری تعلیمی سرگرمیوں پر بھی اطمینان کا اظہار کیا گیا۔ اس موقع پر گورنمنٹ بوائز ہائی سکول کھنڈ کے ہیڈ ماسٹر نے ادارے کو درپیش بنیادی مسائل اور ضروریات سے بھی معزز افسران کو آگاہ کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن تعاون اور ضروری اقدامات کی یقین دہانی کرائی۔ دورے کے اختتام پر ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نے گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول کھنڈ کی مجموعی تعلیمی کارکردگی، نظم و ضبط اور مثبت تعلیمی ماحول پر اطمینان کا اظہار کیا اور ادارے کی بہتری کے لیے کی جانے والی کاوشوں کو قابل تحسین قرار دیا۔

گوادر: ٹیچرز ڈے کی مرکزی تقریب کیلئے انتظامات شروع

گوادر (خ ن) ضلعی آفیسر تعلیم گوادر زاہد بلوچ کی زیر صدارت 5 اکتوبر کو ٹیچرز ڈے کے موقع پر ضلعی سطح پر مرکزی تقریب کے انعقاد اور انتظامات کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا، جس میں رکن صوبائی اسمبلی گوادر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کے معاون وسیم صمد اور محکمہ تعلیم کے دیگر افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ٹیچرز ڈے کے حوالے سے مجوزہ پروگرام، انتظامی امور اور اساتذہ کی بھرپور شرکت کو یقینی بنانے سمیت مختلف امور پر تفصیلی مشاورت کی گئی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ضلع گوادر کی سطح پر مرکزی تقریب گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول گوادر میں منعقد کی جائے گی، جس کی صدارت رکن صوبائی اسمبلی گوادر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کریں گے اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ تقریب میں ضلع بھر سے اساتذہ، تعلیمی اداروں کے سربراہان، محکمہ تعلیم کے افسران اور تعلیم کے شعبے سے وابستہ افراد کو مدعو کیا جائے گا، جبکہ تقریب کو موثر، باوقار اور یادگار بنانے کے لیے تمام ضروری انتظامات کو حتمی شکل دی جائے گی۔

گدر: گرد و غبار کا راج، معمولات زندگی متاثر

تیز ہواؤں سے حد نگاہ متاثر، شاہراہوں پر ٹریفک کی روانی بھی متاثر

شہریوں کو مشکلات، ڈرائیورز سے احتیاط اور تیز رفتاری سے گریز کی اپیل

سوراب (آن لائن) گدر اور ملحقہ مضافاتی علاقوں میں تیز ہواؤں کے ساتھ گرد و غبار نے ڈیرے ڈال لیے، جس کے باعث معمولات زندگی شدید متاثر ہو رہے ہیں۔ فضا میں گرد و غبار کی شدت کے باعث حد نگاہ کم ہوگئی، جبکہ سڑکوں پر ٹریفک کی روانی بھی متاثر ہونے لگی ہے۔ تیز ہواؤں اور گرد آلود فضا کے باعث شہریوں، بالخصوص موٹر سائیکل سواروں اور پیدل چلنے والے افراد کو مشکلات کا سامنا ہے۔ اہم شاہراہوں اور رابطہ سڑکوں پر حد نگاہ کم ہونے سے حادثات کے خدشات میں بھی اضافہ ہوگیا ہے۔ مقامی شہریوں نے ڈرائیورز سے احتیاطی تدابیر اختیار کرنے اور تیز رفتاری سے گریز کرنے کی اپیل کی ہے، جبکہ متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ گرد و غبار کے باعث پیدا ہونے والی صورتحال پر نظر رکھی جائے

مانجھی پور: انتظامیہ کا اشیائے ضروریہ کی قیمتوں اور معیار کی جانچ پڑتال

تحصیلدار بہرام خان مگٹی کا مختلف دکانوں، ہوٹلوں اور میڈیکل اسٹورز کا معائنہ

زائد المیعاد ادویات، غیر معیاری اشیاء اور گرانفروشی پر سخت کارروائی کی تنبیہ

مانجھی پور (نامہ نگار) تحصیلدار مانجھی پور بہرام خان مگٹی نے مانجھی پور بازار کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے مختلف دکانوں پر اشیائے خورد و نوش، آٹا، گھی، چینی اور دیگر ضروری اشیاء کے معیار اور قیمتوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے ہوٹلوں، سبزی و پھل فروشوں اور میڈیکل اسٹورز وغیرہ کا بھی معائنہ کیا اور صفائی ستھرائی کی صورتحال، ادویات کے معیار اور زائد المیعاد ادویات کی موجودگی کو چیک کیا۔ انہوں نے دکانداروں کو ہدایت کی کہ عوام کو معیاری اشیاء اور ادویات کی فراہمی یقینی بنائی جائے اور مقررہ نرخوں کی پابندی کی جائے۔ تحصیلدار بہرام خان مگٹی نے واضح کیا کہ عوام کی صحت اور زندگی کے ساتھ کسی صورت سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا۔ غیر معیاری، زائد المیعاد یا مہنگی اشیاء کی فروخت کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے دکانداروں کو صفائی کا خصوصی خیال رکھنے اور ضلعی انتظامیہ کی ہدایات پر سختی سے عملدرآمد کرنے کی تنبیہ بھی کی۔

مانجھی پور: حکومت کا بند اسکول کھولنے اور تعلیمی معیار بہتر بنانے کا فیصلہ

راحیلہ درانی کا گھوسٹ اساتذہ کے خلاف کارروائی، سو فیصد حاضری یقینی بنانے کا اعلان

مانجھی پور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) خواتین ونگ بلوچستان کی صدر اور صوبائی وزیر تعلیم بلوچستان راحیلہ حمید درانی سے پاکستان مسلم لیگ (ن) نصیر آباد ڈویژن کے جنرل سیکریٹری میاں محمد حسین گولہ نے ان کے دفتر سیکریٹریٹ میں ملاقات کی۔ ملاقات میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کوئٹہ ڈویژن کے سینئر نائب صدر ارباب اقبال کاسی اور مکران ڈویژن کے رہنما قدیر بلوچ بھی موجود تھے۔ اس موقع پر صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی نے بلوچستان میں شعبہ تعلیم کی بہتری کے لیے کیے جانے والے اقدامات پر تفصیلی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ صوبے کے طویل و دور افتادہ علاقوں میں طویل عرصے سے بند اسکولوں کو دوبارہ فعال کیا جارہا ہے، جبکہ گھوسٹ اساتذہ کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے انہیں محکمہ تعلیم سے فارغ کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان میں اسکولوں کے تعلیمی معیار کو بہتر بنانے کے لیے عملی اقدامات کررہی ہے، نصاب تعلیم میں ضروری تبدیلیاں لائی جارہی ہیں تاکہ طلباء کو جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ معیاری تعلیم فراہم کی جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ طلباء کی حوصلہ افزائی اور ان کے تعلیمی سفر کو آسان بنانے کے لیے اسکالرشپس فراہم کی جارہی ہیں جبکہ مستحق اور قابل طلباء میں لیپ ٹاپ بھی تقسیم کیے جارہے ہیں۔ راحیلہ حمید درانی نے کہا کہ سرکاری اسکولوں میں اساتذہ کی سو فیصد حاضری یقینی بنانے کے لیے موثر اقدامات کیے جارہے ہیں، کیونکہ اساتذہ کی باقاعدہ حاضری ہی تعلیمی معیار میں بہتری کی بنیادی ضمانت ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے دور دراز علاقوں کے بچوں کو بھی معیاری تعلیم کی سہولت فراہم کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ صوبائی وزیر تعلیم نے مزید کہا کہ وہ بہت جلد بلوچستان کے تمام اضلاع کے اسکولوں کا دورہ کریں گی

منہاج القرآن کا اسلامک سینٹر فعال، تعلیمی نظام شروع کرنے کا فیصلہ

میر محمد قادری ڈائریکٹر مقرر، دسمبر میں داخلے، جنوری سے باقاعدہ تعلیم شروع ہوگی

مانجھی پور (نامہ نگار) تحریک منہاج القرآن کے مرکزی ناظم تنظیمات برائے بلوچستان حافظ محمد وقار کی سربراہی میں ضلع صحبت پور کے سینیئر رفقاء و قائدین کا اہم اجلاس اسلامک سینٹر چھتن پٹی ضلع صحبت پور میں منعقد ہوا جس میں مرکزی ناظم تنظیمات حافظ وقار احمد قادری کے علاوہ صوبائی نائب ناظم ڈاکٹر عبدالقادر کھوسہ، صوبائی ناظم تربیت میر محمد قادری، ڈویژنل کوآرڈینیٹر غلام محمد گولا ڈپٹی کوآرڈینیٹر افتخار احمد عباسی، ضلعی صدر صحبت پور انجم کاکڑ، عبدالباقی کھوسہ، حاجی ثناء اللہ کھوسہ، گل شیر خان کھوسہ، حافظ عبدالرسول کھوسہ، بابو خان کھوسہ کے علاوہ دیگر نے شرکت کی اس موقع پر تحریک منہاج القرآن کے اسلامک سینٹر کو فعال بنانے کی خاطر باہمی مشاورت کی گئی اور فیصلہ ہوا کہ اسلامک ایجوکیشن سسٹم کے لیے میر محمد قادری کو ڈائریکٹر نامزد کیا گیا اس سسٹم کو چلانے کے لیے ایک کمیٹی ترتیب دی گئی جس کے چیئرمین عبدالباقی کھوسہ حاجی ثناء اللہ خان کھوسہ اور گل شیر خان کو ذمہ داری سونپی گئی کہ فوری طور خستہ حال عمارت کی مرمت کرائی جائے

گوادر: پولیس اہلکاروں کی پیشہ ورانہ صلاحیت جانچنے کا اہم مرحلہ مکمل

گوادر (خ ن) ضلع گوادر پولیس کے پولیس کانسٹیبلان کا A-1 امتحان یونیورسٹی آف گوادر کے ہال میں منعقد ہوا۔ امتحان کی نگرانی ایس ایس پی گوادر فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) عطاء الرحمن PPM-PSP نے کی۔ امتحان میں ضلع گوادر پولیس کے 278 پولیس کانسٹیبلان نے شرکت کی اس امتحانی عمل کے دوران شفافیت، میرٹ، نظم و ضبط اور منظم ضابطہ کار کو خصوصی اہمیت دی گئی جبکہ امیدواروں کے لیے ضروری انتظامات کو بھی یقینی بنایا گیا۔ امتحان کا انعقاد پرامن اور منظم ماحول میں ہوا اور تمام امیدواروں کو مقررہ طریقہ کار کے مطابق امتحان میں شرکت کا موقع فراہم کیا گیا

لورالائی: مہنگی روٹی فروخت کرنے والے تندور مالکان کے خلاف کارروائی، متعدد گرفتار

لورالائی (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر لورالائی ندیم اکرم نے عوامی شکایات پر شہر کے مختلف بازاروں میں تندوروں اور ایرانی پٹرول پمپس کے خلاف کارروائی کی۔ کارروائی کے دوران تندوروں کا معائنہ کیا گیا جہاں بعض تندور مالکان کی جانب سے روٹی 80 روپے فی عدد فروخت کیے جانے کی شکایات سامنے آئیں۔ عوامی شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر نے موقع پر کارروائی کی اور خلاف ورزی کرنے والے تندور مالکان کے خلاف قانونی کارروائی کرتے ہوئے انہیں جیل روانہ کر دیا اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر نے واضح کیا کہ عوام سے مقررہ نرخ سے زائد قیمت وصول کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی اور ناجائز منافع خوری کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی اسی کارروائی کے دوران ایرانی پٹرول پمپس کا بھی معائنہ کیا گیا اور پٹرول کی پیمائش، نرخ اور دیگر متعلقہ امور کا جائزہ لیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے متعلقہ اہلکاروں کو ہدایت کی کہ عوام کو مقررہ نرخ اور درست پیمانے کے مطابق اشیاء کی فراہمی یقینی بنائی جائے ضلعی انتظامیہ نے کہا ہے کہ عوامی شکایات پر فوری کارروائی کا سلسلہ جاری رہے گا اور مقررہ نرخوں کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی کی جائے گی۔

بعدالت جناب ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج VI کوئٹہ

سول نمبر 54/26 — آئندہ تاریخ ساعت 6/10/2026
حاجی پایو بنام حاجی عبدالودود (اپیل 96)

اشتہار بنام: 1۔ حاجی عبدالودود 2۔ عبدالوہاب 3۔ محمد صادق 4۔ داؤد خان بذریعہ (a) بیوہ بی بی زہرا (b) بیٹا محمد اویس 5۔ نصر اللہ 6۔ محمد ایوب 7۔ عبدالسلام پسران حاجی دین محمد اقوام ساسولی ساکنان حاجی غیبی روڈ کوئٹہ 8۔ عبدالستار ولد عبدالرحمن قوم بڑیچ کاسی روڈ کوئٹہ۔ ہرگاہ کہ مندرجہ مذکورہ مقدمہ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ ساعت مورخہ 6/10/2026 کو مقرر ہوچکی ہے یہ کہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ / مدعا علیہم تعمیل سمن سے دیدہ و دانستہ طور پر گریزاں اور حاضر نہ ہیں لہذا اشتہار ہذا بنام مذکورہ بالا مدعا علیہ / مدعا علیہم جاری کیا جاتا ہے کہ اگر مندرجہ بالا مدعا علیہ / مدعا علیہم آئندہ تاریخ ساعت کو بمقام کوئٹہ اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت نہ ہوئے تو ان نسبت سے ان کے خلاف یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی آج بمورخہ 26/9/2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا

63791

بعدالت زاہر علی ڈوکی تحصیلدار و اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول سبی

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی عبدالواحد ولد مرحوم محمد یعقوب قوم دہپال نے درخواست گزاری ہے کہ انکا والد بقضائے الٰہی وفات پاچکا ہے جس کے نام اراضی موضع دہپال میں درج ریکارڈ ہے بمطابق شرعی فتویٰ ایف آر سی نادرہ متوفی مذکور کے تین لڑکے مسمی محمد ارشد، عبدالواحد، سیف اللہ اور تین لڑکیاں مسماۃ کلثوم، سمیہ خاتون، آمنہ بی بی دختران پسران محمد یعقوب کے علاوہ کوئی دیگر جائز وارث نہیں ہے جائیداد بحق جائز ورثاء انتقال وراثت درج کرنا مطلوب ہے لہذا اشتہار ہذا تشہیر کرائی جاتی ہے کہ مذکور انتقال وراثت پر کسی بھی دار، واسطہ دار یا ادارہ کو کسی قسم کا کوئی عذر و اعتراض ہو تو بعد اشاعت اندر سات یوم زیر دستخطی میں پیش کرے بعد میعاد/ اشاعت انتقال وراثت بحق ورثاء درج ہوکر تصدیق کیا جائے گا اور کوئی عذر و اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔ اشتہار ہذا آج مورخہ 15/9/2026 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا
نمائندہ سبی

تصحیح تاریخ برائے اطلاع ٹیسٹ وانٹرویو (لواحقین کوٹہ)

بحوالہ اشتہار PRQ No 1571/25-09-2026 کو مقامی اخبارات میں شائع شدہ اشتہار محکمہ بہبود آبادی حکومت بلوچستان کے فوت شدہ ملازمین کے لواحقین جنہوں نے بحوالہ اشتہار PRQ NO,834/13.08.2026 کے تحت کاغذات جمع کروائے ہیں۔ ان کو اطلاع دی جاتی ہے کہ مورخہ 05 اکتوبر (بروز سوموار) 2026ء کو صبح 10 بجے اپنے اصل شناختی کارڈ و دیگر اصل دستاویزات (تعلیمی اسناد/ لوکل سرٹیفکیٹ) کے ہمراہ ڈائریکٹر جنرل آفس محکمہ بہبود آبادی ٹیسٹ وانٹرویو کیلئے تشریف لائیں۔ غیر حاضری کو عدم دلچسپی تصور کیا جائے گا۔

ڈائریکٹر جنرل محکمہ بہبود آبادی حکومت بلوچستان
PRQ No1590/26-09-2026
www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت جناب اختر شاہ شیرانی صاحب سول جج کوہلو بااختیارات ڈسٹرکٹ کوہلو

درخواست جانشینی نمبر 16/26 — آئندہ تاریخ پیشی 12/10/2026

1۔ مسماۃ سلمہ بی بی بیوہ میہم خان مرحوم 2۔ میر اللہ ولد میہم خان مرحوم 3۔ میر عالم ولد میہم خان مرحوم 4۔ فتح خان ولد میہم خان مرحوم 5۔ بی بی حاتی دختر میہم خان مرحوم 6۔ عافیہ دختر میہم خان مرحوم 7۔ امیر جان ولد میہم خان مرحوم اقوام قلندرانی سکنہ تحصیل و ضلع کوہلو بنام عوام الناس
دعویٰ: درخواست جانشینی ایکٹ 372

ہرگاہ درخواست جانشینی عنوان بالا میں تاریخ پیشی مورخہ 12-10-2026 میں عدالت ہذا سے مقرر ہوچکی ہے جس میں سائلان بالا درخواست حصول جانشینی مبلغ=/296,448 روپے گزاری ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے اگر درخواست کی بابت اگر کسی کو کسی قسم کا کوئی اعتراض / عذر ہو تو مقررہ تاریخ پیشی پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوکر درخواست کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی آج مورخہ 26/09/2026 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا

63792

NATIONAL COMMISSION ON THE STATUS OF WOMEN
Government of Pakistan

CAREER OPPORTUNITIES

The National Commission on the Status of Women (NCSW) came into existence through a presidential ordinance and was established by the NCSW Act, 2012 as a financially and an administratively autonomous statutory body. The basic role of NCSW is to examine and review laws, policies, programmes and monitor the implementation of laws for the protection and empowerment of women, and to facilitate the government in the implementation of international instruments and obligations. The following regular positions are immediately available for suitable and eligible candidates who are interested to be part of this journey:
Applications are to be submitted online through ETS website (**https://elite.org.pk**) by **12.10.2026**.

Sr. no.	Name of Post & Scale	No. of Posts	Minimum Qualification and Experience	Age Limit	Quota
1	Assistant Chief (BPS-18)	12	Holding grade-C or equivalent Masters Degree in Management Sciences or Social Sciences or Economics or Business Administration or Finance or Human Resource or LLB from the institution recognized by HEC. Higher qualification would be given preference. Should have 5-7 years of experience with at least 2 years of experience in the field of Monitoring, Evaluation, Research, Project Management, Women Rights, Legal issues and Report Writing in the Government Sector or INGO, NGO.	28-40 Years	Open Merit =01. Open Merit (Female) = 01. Punjab = 03. Sindh = 02. KPK = 02. Baluchistan = 01. GB = 01. AJK = 01
2	Steno typist (BPS-14)	11	Must be Intermediate or equivalent holding grade-B with typing speed of 40 words per minute with computer literate. Must have 80 words per minute speed of shorthand.	18-30 Years	Punjab = 06. Open Merit (Women) = 01. Sindh (Rural) = 01. Sindh (Urban) = 01. KPK = 01. Baluchistan = 01.
3	Driver (BPS-04)	1	Middle pass with valid driving license and medically fit.	18-28 Years	KPK = 01.
4	Naib Qasid (BPS- 04)	10	Primary pass. Preference will be given to middle pass.	18-28 Years	Local (Islamabad & Rawalpindi).
	Total	34			

General Terms and Conditions:
i. Only shortlisted candidates will be called for test/interview and No TA/DA will be admissible.
ii. Applicant will be required to present his / her original documents along with set of copies of degree / certificate attested by HEC / Concerned regulatory body, CNIC and other relevant documents at the time of interview.
iii. In case of any information / credential furnished by the applicant is found fake / bogus / forged at any stage, candidature of the particular candidate shall stand cancelled and legal action shall be taken.
iv. Employees already working in Government / Semi-Government Departments / Autonomous Bodies have to apply through proper channel.
v. Age relaxation will be admissible as per government policy (where applicable).
vi. Age will be counted up to closing date for receipt of applications.
vii. N. C. S. W is an Equal Opportunity Employer and encourages women to apply for the above-mentioned positions.
viii. N. C. S. W reserves the right to increase / decrease, accept or reject any or all the applications / positions without assigning any reason.

HOW TO APPLY

i. For serial no. 01 and 02 interested candidates may first visit ETS Web site **(https://elite.org.pk)** and create profile before applying online for the desired post/s. Complete tutorial video is also available on ETS website for candidates' guidance. Whereas for serial no. 03 and 04 interested candidates may download the application form with challan form is available on ETS website. Fill the application form, submit fees and then post it through proper courier services to the given address on the application form.
ii. For serial no. 01 and 02 after successful submission of the online application, candidate must take print of the form with challan form and submit fees mentioned on the challan form **(non-refundable/non-transferable)** in any MCB bank branch. Candidates can also submit fees online and take print of it and attach it with the application form.
iii. After fees submission candidate must send the application form along with the challan form **(sign & stamped) by the bank with all their credentials duly attested (degrees/certifications/CNIC/experience certificates copy etc.) to Elite Testing Services, Office no. 11, 1st Floor, London Plaza, G-9 Markaz, Islamabad.**
iv. For guidance/queries candidates can contact **0331-5105494 (WhatsApp ONLY)** within due date.
v. Candidates must send their application form along with credentials in A4 envelop and must not fold their form and documents.
vi. Sometimes due to network issue candidates don't receive the SMS so candidates are advised to keep visiting ETS website at least 3 times a week.
vii. Candidates will be informed through SMS by ETS to download and print their Roll No slips from ETS Web site **(https://elite.org.pk)** candidates are directed to do not give ported / converted mobile numbers.
viii. After successful fee submission, please keep the original deposit slip **(candidates copy)** having bank desired stamp with yourself and do not share it with anyone else.
ix. Candidates applying for serial no. 01, 02 and 03 must apply online on ETS Web site **(https://elite.org.pk)**.
x. Test date, Time & venue will be mentioned on Roll No. Slip.
xi. No separate call letters will be issued to candidates for screening test through postal / couriers means.

**National Commission on the Status of Women
State Life building no. 05, 1st Floor China Chowk, Blue Area Islamabad.
Ph: 92-51-9224875 & 92-51-9216117, https://ncsw.gov.pk**

روزنامہ مشرق کوئٹہ

اسپورٹس

ایشین گیمز اسکواش سیمی فائنل میں پاکستان کے دونوں کھلاڑیوں کو شکست

سیمی فائنل میں بھارتی کھلاڑی نے اشعب عرفان کو اور ایشن یاو نے نورزمان کو شکست دی، تاہم دونوں کھلاڑی برانز میڈلز کے حقدار قرار پائے

ایونٹ میں تیسری پوزیشن کا میچ نورزمان اور اشعب عرفان کے درمیان ہوگا، اشعب عرفان کو ابھے سنگھ نے 11-3، 12-10 اور 11-6 سے ہرایا

ٹوکیو (مانیٹرنگ ڈیسک) ایشین گیمز کے اسکواش سیمی فائنل میں پاکستان کے دونوں کھلاڑیوں کو شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ سیمی فائنل میں بھارتی کھلاڑی نے اشعب عرفان کو اور ایشن یاو نے نورزمان کو شکست دی، تاہم دونوں کھلاڑی برانز میڈلز کے حقدار قرار پائے۔ ایونٹ میں تیسری پوزیشن کا میچ نورزمان اور اشعب عرفان کے درمیان ہوگا۔ جاپان جاری ایشین گیمز کے اسکواش ایونٹ کا سیمی فائنل میں پاکستان کے دونوں کھلاڑی ہار گئے، پہلا سیمی فائنل پاکستان کے اشعب عرفان اور بھارت کے ابھے سنگھ کے درمیان کھیلا گیا۔ بھارتی کھلاڑی نے اسٹریٹ گیمز سے کامیابی حاصل کی، ابھے سنگھ کی کامیابی کا اسکور 11-3، 12-10 اور 11-6 رہا۔ دوسرا سیمی فائنل ملائیشیا کے ایشن یاو اور پاکستان کے نورزمان کے درمیان ہوا جو یکطرفہ ثابت ہوا، ملائیشین کھلاڑی نے 11-7، 11-2 اور 11-4 سے کامیابی حاصل کی، شکست کے باوجود دونوں کھلاڑیوں نے برانز میڈل جیت لیے۔

پاکستانی مداح اور نیجو میکسن کی محبت بھری گفتگو سوشل میڈیا پر وائرل

سائو (این این آئی) پاکستان اور بھارت کے درمیان کرکٹ کی رقابت ہمیشہ جذبات اور سنسنی سے بھرپور رہتی ہے تاہم کھیل کبھی کبھار ایسے خوبصورت لمحات بھی سامنے لاتا ہے جو سرحدوں اور اختلافات سے بالاتر ہوتے ہیں۔ جاپان کے شہر سائو میں بھارت اور جاپان کے درمیان ٹی ٹوئنٹی میچ کے بعد ایک پاکستانی مداح کی بھارتی وکٹ کیپر نیجو میکسن سے مختصر گفتگو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔ مداح نے پہلے ایشان کشن کی توجہ حاصل کرنے کی کوشش کی تاہم جواب نہ ملنے پر اس نے نیجو میکسن کو آواز دی۔

بنگلادیشی ویمنز کرکٹ ٹیم کی کپتان کا پاکستانی پرچم کے احترام کا خوبصورت منظر وائرل

ایچی ناگویا (آئی این پی) بنگلادیشی ویمنز کرکٹ ٹیم کی کپتان کا پاکستانی پرچم کے احترام کا خوبصورت منظر وائرل ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق بنگلادیش ویمنز کرکٹ ٹیم کی کپتان نگار سلطانہ نے پاکستانی پرچم کا احترام کر کے لاکھوں دل جیت لیے۔ جاپان میں جاری ایشین گیمز میں نگار سلطانہ گرتے پاکستانی پرچم کو سنبھال کر بھائی چارے کی مثال قائم کردی۔ صحافی کے سوال پر نگار سلطانہ نے جواب دیا کہ پرچم کا احترام ضروری ہے، پاکستان اور بنگلادیش کے پرچم میں کوئی فرق نہیں، دونوں ہمارے لیے برابر ہیں۔

ایشین گیمز، ہاکی ایونٹ میں ملائیشیا نے پاکستان کو شکست دے دی

پاکستان کی یہ پہلی شکست ہے، میچ کے تیسرے کوارٹر تک میچ برابر رہا

ٹوکیو (این این آئی) جاپان میں جاری ایشین گیمز کے ہاکی ایونٹ میں گروپ بی کے میچ میں ملائیشیا نے پاکستان کو 5 کے مقابلے میں 4 گول سے شکست دے دی، ایونٹ میں پاکستان کی یہ پہلی شکست ہے، میچ کے تیسرے کوارٹر تک دونوں ٹیمیں 3، 3 گول سے برابر تھیں۔ چوتھے کوارٹر میں سفیان خان نے اپنا چوتھا گول کر کے پاکستان کو 3 کے مقابلے میں 4 گول کی برتری دلائی تاہم ملائیشیا نے آخری 5 منٹ میں 2 گول کر کے پاکستان سے برتری چھین لی اور 4 کے مقابلے میں 5 گول سے کامیابی حاصل کر لی۔ پاکستان کی جانب سے چاروں گول سفیان خان نے کیے۔ گروپ بی میں ملائیشیا ٹاپ پوزیشن جبکہ پاکستان دوسرے نمبر پر ہے۔ پاکستان راؤنڈ کا آخری میچ عمان کے خلاف کھیلے گا۔

ہاردک پانڈیا اور بمراہ کی ورلڈکپ میں شمولیت، گوتم گمبھیر کا بڑا بیان

ورلڈکپ سے قبل تمام کھلاڑیوں کا بہترین ردھم میں ہونا ضروری عمل ہے

دہلی (آئی این پی) بھارتی کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ گوتم گمبھیر نے کہا ہے کہ 2027 کے ون ڈے ورلڈکپ سے قبل ہاردک پانڈیا اور جسپریت بمراہ کا مکمل فٹنس، ردھم اور میچ ٹائم حاصل کرنا بھارت کے لیے انتہائی اہم ہوگا۔ ایک انٹرویو کے دوران گوتم گمبھیر نے کہا کہ جنوبی افریقہ میں ہونے والے ورلڈ کپ میں ہاردک پانڈیا اور جسپریت بمراہ بھارتی ٹیم کے لیے انتہائی اہم کردار ادا کریں گے۔ گوتم گمبھیر کے مطابق ہاردک پانڈیا کی آل راؤنڈ صلاحیت انہیں خاص بناتی ہے کیونکہ وہ نمبر 6 یا 7 پر بیٹنگ کے ساتھ 10 اوورز بھی کرانے کی صلاحیت رکھتے ہیں اور میچ پر نمایاں اثر ڈال سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہاردک نے آئی پی ایل کے بعد زیادہ کرکٹ نہیں کھیلی، اس لیے ون ڈے کرکٹ میں واپسی کی صورت میں انہیں میچ پریکٹس کی کمی محسوس ہوسکتی ہے۔ ہاردک کے لیے پہلے کچھ ٹی 20 کرکٹ کھیلنا اور اس کے بعد ون ڈے فارمیٹ میں آنا مفید ہوسکتا ہے۔ گوتم گمبھیر نے واضح کیا کہ ورلڈ کپ میں کسی بھی کھلاڑی کا آدھی تیاری کے ساتھ جانا مناسب نہیں، اس لیے ٹورنامنٹ سے قبل کھلاڑیوں کے پاس مناسب گیم ٹائم اور بہترین ردھم ہونا ضروری ہے۔ گوتم گمبھیر نے کہا کہ ورلڈ کپ جیسے بڑے ٹورنامنٹ میں غلطیوں کی گنجائش بہت کم ہوتی ہے، اس لیے ہاردک پانڈیا اور جسپریت بمراہ کی میچ تیاری اور ورک لوڈ مینجمنٹ پر خصوصی توجہ دینا ضروری ہوگا۔

ایشین گیمز، نیپال، افغانستان، ملیشیا اور ہانگ کانگ کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے

نیپال نے 15 اوورز میں 4 وکٹوں کے نقصان پر 149 رنز بنائے تاہم جاپان کی بیٹنگ ہی نہ آسکی

ٹوکیو (این این آئی) ایشین گیمز کے مینز کرکٹ ایونٹ میں نیپال، افغانستان، ملیشیا اور ہانگ کانگ کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے۔ ایشین میں شیڈول گروپ مرحلے کے دونوں میچز بارش کی نذر ہوگئے۔ جاپان اور نیپال کے درمیان میچ کا آغاز ہوا تاہم بارش کے باعث 15 اوورز تک اننگز محدود میچ میں صرف ایک اننگ ہی ممکن ہوسکی۔ نیپال نے 15 اوورز میں 4 وکٹوں کے نقصان پر 149 رنز بنائے تاہم جاپان کی بیٹنگ ہی نہ آسکی۔ یوں نیپال 3 پوائنٹس اور افغانستان 2 پوائنٹس کے ساتھ اگلے مرحلے میں پہنچ گئے جبکہ جاپان کی ٹیم باہر ہوگئی۔ ملیشیا اور عمان کے درمیان شیڈول میچ میں ایک بھی گیند ممکن نہ ہوسکی۔ عمان کی ٹیم ایک پوائنٹ کے ساتھ ایونٹ سے باہر ہوگئی۔ ملیشیا 3 پوائنٹس اور ہانگ کانگ 2 پوائنٹس کے ساتھ اگلے مرحلے میں پہنچ گئے۔ گروپ مرحلے سے کوارٹر فائنل میں رسائی پانے والی چاروں ٹیموں کا مقابلہ براہ راست کوارٹر فائنل میں پہنچنے والی ٹیموں پاکستان، بھارت، سری لنکا اور بنگلادیش سے ہوگا۔

ایشین گیمز، شجر عباس 200 میٹر کے سیمی فائنل میں پہنچ گئے

آیچی-ناگویا (یو این پی) پاکستانی ایتھلیٹ شجر عباس ایشین گیمز کے ایتھلیٹکس ریس کے مقابلے میں سیمی فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان کے شجر عباس نے آیچی-ناگویا 2026 میں جاری 20ویں ایشین گیمز کے مردوں کے 200 میٹر دوڑ کے پہلے راؤنڈ کی پہلی ہیٹ میں تیسری پوزیشن حاصل کی۔ انہوں نے یہ فاصلہ 21.23 سیکنڈز میں طے کر کے اپنی اس کارکردگی کی بدولت شجر نے سیمی فائنل کے لئے کوالیفائی کرلیا ہے۔ پاکستانی کوچ سمی رضوی نے امید ظاہر کی ہے کہ سیمی فائنل مقابلوں میں پاکستانی ایتھلیٹ شجر عباس شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔

ایشین گیمز باڈی بلڈنگ: بلوچستان کے سپوت بلال احمد نے سونے کا تمغہ جیت لیا

تھائی لینڈ کے شہر بینکاک میں بلال کی فتح کے اعلان ہوتے ہی قومی ترانہ گونج اٹھا جس کے بعد قومی تن ساز نے سجدہ شکر ادا کیا

تھائی لینڈ کے شہر بینکاک میں بلال کی فتح کے اعلان ہوتے ہی قومی ترانہ گونج اٹھا جس کے بعد قومی تن ساز نے سجدہ شکر ادا کیا

ٹوکیو (مانیٹرنگ ڈیسک) جاپان میں جاری ایشین گیمز میں بلوچستان سے تعلق رکھنے والے تن ساز نے 180 سینٹی میٹر اور اوور آل کیٹیگری میں گولڈ میڈل سینے پر سجایا ہے۔ تھائی لینڈ کے شہر بینکاک میں بلال کی فتح کے اعلان ہوتے ہی قومی ترانہ گونج اٹھا جس کے بعد قومی تن ساز نے سجدہ شکر ادا کیا۔ بلال احمد نے اس موقع پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے اس کامیابی کو اپنے والدین کی دعاؤں اور اپنی انتھک محنت کا نتیجہ قرار دے دیا۔ ایشین گیمز ہاکی میں پاکستان کو ملائیشیا نے سنسنی خیز مقابلے کے بعد ہرا دیا دوسری جانب ایشین گیمز میں گولڈ میڈل جیتنے کا خواب پورا نہ ہوسکا ہے پاکستان کے دونوں اسکواش پلیئرز کو سیمی فائنل میں شکست ہوئی ہے عشب عرفان اور نور زمان کو کانسی کے تمغے مل گئے۔ ایتھلیٹکس میں بھی میڈل کی امید، شجر عباس دو سو میٹر کے سیمی فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ بیڈمنٹن میں محاور شہزاد، باکسنگ میں فاطمہ زہرا کو شکست ہوئی ہے جبکہ ہاکی میں پاکستان کی پہلی ناکامی ہوئی ملائیشیا نے گرین شرٹس کو 4-5 سے شکست دی ہے، کرکٹ میں کل پاک بھارت ٹیمیں مدمقابل آئیں گی۔

سری لنکا انڈر 17 کے خلاف سیریز کیلئے پاکستان ٹیم کے 16 رکنی سکواڈ کا اعلان، قیادت اذان احمد کریں گے

لاہور (این این آئی) سری لنکا انڈر 17 کے خلاف سیریز کیلئے پاکستان انڈر 17 کرکٹ ٹیم کے 16 رکنی سکواڈ کا اعلان کردیا گیا جس کی قیادت اذان احمد کریں گے۔ سیریز 9 سے 24 اکتوبر تک ملتان میں کھیلی جائے گی جس میں ایک تین روزہ اور پانچ ایک روزہ میچز شامل ہوں گے۔ اذان احمد کی قیادت میں راولپنڈی نے رواں سال نیشنل انڈر 17 کپ کا ٹائٹل اپنے نام کیا...

انگلینڈ کو بڑا دھچکا، کپتان بٹلر سری لنکا کیخلاف فیصلہ کن میچ سے باہر

فی الحال بٹلر کی انجری کی شدت کا علم نہیں، آئندہ ہفتے ایم آر آئی اسکین کے بعد مزید معلومات سامنے آنے کی توقع ہے

لندن (یو این پی) انگلینڈ کے کپتان جوز بٹلر سری لنکا کے خلاف ون ڈے سیریز کے فیصلہ کن میچ سے باہر ہوگئے ہیں۔ اوول میں اتوار کو ہونے والے میچ میں بٹلر کی جگہ جارڈن کاکس کے وکٹ کیپنگ کی ذمہ داری سنبھالنے کا امکان ہے جبکہ ڈین لارنس کو اضافی کور کے طور پر اسکواڈ میں شامل کرلیا گیا ہے۔ بٹلر کو جمعرات کو ہیڈنگلے میں کھیلے گئے دوسرے ون ڈے میچ کے دوران رن لینتے ہوئے بائیں ہیمسٹرنگ میں تکلیف ہوئی تھی۔ انجری کے باوجود انہوں نے مزید دو گیندوں کا سامنا کیا تاہم بعد میں ریٹائرڈ ہرٹ ہوگئے۔ ان کا 69 رنز کا انفرادی اسکور تینوں سال میں ون ڈے کرکٹ میں سب سے بڑا اسکور تھا مگر انگلینڈ یہ میچ 16 رنز سے ہار گیا۔ انگلینڈ کو فی الحال بٹلر کی انجری کی شدت کا علم نہیں اور آئندہ ہفتے ایم آر آئی اسکین کے بعد مزید معلومات سامنے آنے کی توقع ہے۔ دوسری جانب ڈین لارنس کو پاکستان کے خلاف حالیہ ٹیسٹ سیریز میں عمدہ کارکردگی کے بعد طلب کیا گیا ہے۔ وہ رواں سیزن میں سرے کی جانب سے چھٹی فرسٹ کلاس سنچری بھی بنا چکے ہیں۔

برطانیہ، مالی قوانین کی خلاف ورزی پر مشہور فٹبال کلب پر الزامات ثابت

مانچسٹر سٹی 115 میں سے صرف ایک الزام کے سوا باقی تمام الزامات میں قصوروار قرار

لندن (آئی این پی) انگلش پریمیئر لیگ کے مالی قوانین کی خلاف ورزیوں کے معاملے میں مانچسٹر سٹی... بھاری جرمانہ اور پریمیئر لیگ سے اخراج تک شامل ہیں۔ مانچسٹر سٹی نے ابتدا ہی سے ان الزامات کی تردید کی...

برلن میراتھون میں 27 پاکستانی اور پاکستانی نژاد رنرز ایکشن میں ہوں گے

فیفا آسیان کپ، تھائی لینڈ نے پاکستان کو 0-4 سے شکست دے دی

پریزیڈنٹ ٹرافی گریڈ ون میں عبدالفضل کی ناقابل شکست ٹرپل سنچری

عبدالفضل نے 339 گیندوں پر ناقابل شکست 309 رنز کی باری کھیلی

بھارتی بلے باز ویرات کوہلی نے کرکٹ چھوڑنے کی تصدیق کردی

ایشین گیمز، کرکٹ مقابلے کی کوارٹر فائنل لائن اپ مکمل ہو گئی

پاکستانی گالفر نے سنگاپور گالف چیمپئن شپ کا دو اور آل ٹائٹل جیت لیا

احمد ظفر حیات نے تین راؤنڈز میں 73، 74 اور 76 کے اسکور کے ساتھ مجموعی طور پر (7+) 223 اسکور کیا

پاکستان کے بریگیڈیئر (ر) عمر اعجاز نے بھی عمدہ کھیل پیش کرتے ہوئے (13+) 229 کے مجموعی اسکور کے ساتھ تیسری پوزیشن حاصل کی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کے احمد ظفر حیات نے 35ویں سنگاپور اوپن سینئر امیچر گالف چیمپئن شپ 2026 کا ٹائٹل اپنے نام کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق احمد ظفر حیات نے تین راؤنڈز میں 73، 74 اور 76 کے اسکور کے ساتھ مجموعی طور پر (7+) 223 اسکور کیا۔ پاکستان کے بریگیڈیئر (ر) عمر اعجاز نے 77، 80 اور 72 کے اسکور کرتے ہوئے (13+) 229 کے مجموعی اسکور... (34+) اسکور کے ساتھ ایونٹ مکمل کیا۔

اوستہ محمد: ٹریفک اہلکار شدید گرمی میں سہولیات سے محروم

اہلکار صبح آٹھ سے رات آٹھ بجے تک تپتی دھوپ میں ڈیوٹی دیتے ہیں

عوام کا اہم ٹریفک پوائنٹس پر چھتریاں اور ضروری سہولیات فراہم کرنے کا مطالبہ

اوستہ محمد (یو این اے) اوستہ محمد میں ٹریفک پولیس اہلکار وسائل اور بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی کے باعث شدید مشکلات سے دوچار ہیں۔ قیامت خیز گرمی، حبس اور تپتی دھوپ میں ٹریفک اہلکار صبح 8 بجے سے رات 8 بجے تک سڑکوں پر کھڑے ہوکر اپنے فرائض انجام دینے پر مجبور ہیں، مگر انہیں دھوپ سے بچاؤ کے لیے چھتری سمیت دیگر ضروری سہولیات میسر نہیں۔ شہریوں اور عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ ٹریفک پولیس اہلکار شدید موسمی حالات کے باوجود شہر میں ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے اور شہریوں کو سہولت فراہم کرنے کے لیے اپنی ذمہ داریاں نبھا رہے ہیں، لیکن طویل اوقات کار کے دوران دھوپ اور گرمی سے بچاؤ کے مناسب انتظامات نہ ہونا تشویش کا باعث ہے۔ عوامی حلقوں نے ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ ٹریفک اہلکاروں کی مشکلات کا فوری نوٹس لیتے ہوئے اہم ٹریفک پوائنٹس پر چھتریوں کا انتظام کیا جائے اور اہلکاروں کو گرمی سے بچاؤ کے لیے ضروری سہولیات فراہم کی جائیں تاکہ وہ بہتر ماحول میں اپنے فرائض انجام دے سکیں۔

گوادر گرلز کالج میں نئی طالبات کی تعلیمی سفر کا پرتپاک آغاز

تقریب میں طالبات نے تقاریر، ٹیبلو، ڈرامہ اور نغموں سے صلاحیتیں اجاگر کیں

گوادر (خ ن) گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج گوادر میں فرسٹ ایئر کی نئی داخل ہونے والی طالبات کے اعزاز میں ایک پروقار استقبالیہ تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس کا مقصد نئی طالبات کو کالج میں خوش آمدید کہنا، ان کی حوصلہ افزائی کرنا اور انہیں تعلیمی وہم نصابی سرگرمیوں میں بھرپور شرکت کے لیے تیار کرنا تھا تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا، جس کے بعد طالبات نے نعت رسول مقبول ﷺ پیش کی۔ تقریب میں طالبات نے مختلف موضوعات پر پُراعتماد تقاریر کے علاوہ ٹیبلو، ڈرامہ اور نغمے پیش کیے، جنہیں شرکاء نے سراہا۔ مختلف پروگرامز کے ذریعے طالبات نے اپنی تخلیقی صلاحیتوں، اعتماد اور فنکارانہ صلاحیتوں کا بھرپور اظہار کیا اس موقع پر پرنسپل گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج گوادر سین بلوچ نے نئی طالبات کو خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ تعلیم نوجوان نسل کی شخصیت سازی اور مستقبل کی تعمیر میں بنیادی کردار ادا کرتی ہے۔ انہوں نے طالبات پر زور دیا کہ وہ تعلیم کو اپنی اولین ترجیح بنائیں، باقاعدگی سے کالج آئیں، حاضری یقینی بنائیں، کلاسز میں بھرپور شرکت کریں اور نظم وضبط، وقت کی پابندی اور محنت کو اپنی زندگی کا حصہ بنائیں فیکلٹی ممبران نے بھی طالبات کا خیرمقدم کرتے ہوئے انہیں تعلیمی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ ہم نصابی سرگرمیوں میں فعال شرکت کی ترغیب دی۔ انہوں نے کہا کہ ایسی سرگرمیاں طالبات میں خود اعتمادی، قائدانہ صلاحیتوں اور تخلیقی سوچ کو فروغ دینے میں معاون ثابت ہوتی ہیں تقریب کے اختتام پر نئی طالبات کی خوشی میں کیک کاٹا گیا اور ریفریشمنٹ بھی اہتمام کیا گیا۔

تربت: رکے ترقیاتی منصوبوں پر دوبارہ کام شروع، رفتار بڑھانے کے اقدامات

ماڈل سٹی منصوبے کیلئے 70 کروڑ 26 لاکھ روپے اضافی فنڈز مانگ لیے گئے

شاہی تمپ تربت روڈ اور ڈنٹی بازار ڈرینج منصوبے پر تعمیراتی سرگرمیاں بحال ہوگئیں

تربت (آن لائن) کمشنر مکران ڈاکٹر شکیل احمد بلوچ نے تعیناتی کے فوری بعد تربت کے ترقیاتی منصوبوں پر بریفنگ طلب کرکے ترقیاتی اسکیمات پر کام کی رفتار تیز کرنے کیلئے اقدامات شروع کر دیے۔ کمشنر مکران ڈاکٹر شکیل بلوچ نے مالی مشکلات کے باعث زیر التواء ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے ڈپٹی پروجیکٹ ڈائریکٹر اور متعلقہ ٹھیکیداروں کو یقین دہانی کراتے ہوئے کام شروع کرنے کی ہدایت کی جس کے بعد گزشتہ پانچ ماہ سے زیر التواء شاہی تمپ تا تربت روڈ کی تعمیر پر دوبارہ کام شروع ہوگیا ہے جبکہ ڈنٹی بازار کے مقام پر ڈرینج کا کام بھی شروع کردیا گیا ہے۔ واضح رہے کہ تربت ماڈل سٹی ڈویلپمنٹ پروجیکٹ کی مختلف اسکیمات پر کام کی رفتار گزشتہ کئی ماہ سے انتہائی سست تھی جبکہ بعض منصوبوں پر گزشتہ پانچ ماہ سے کام مکمل طور پر رکا ہوا تھا جس کے باعث شہریوں کو آمدورفت سمیت مختلف مشکلات کا سامنا تھا اور تعمیراتی کاموں سے ملحقہ علاقوں کے دکانداروں کا کاروبار بھی متاثر ہورہا تھا۔ کمشنر مکران ڈاکٹر شکیل احمد بلوچ نے گدروشیا پوائنٹ کو بتایا کہ تربت ماڈل سٹی ڈویلپمنٹ پروجیکٹ کیلئے رواں سال صرف 12 کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں جبکہ پروجیکٹ کے انجینئرز کی جانب سے انہیں بریفنگ میں بتایا گیا ہے کہ منصوبے کے تحت بڑے پیمانے کی ترقیاتی اسکیمات کے ساتھ ساتھ کروڑوں روپے کے معاوضے بھی ادا کیے جانے ہیں۔ اور موجودہ مختص رقم سے ماڈل سٹی پروجیکٹ کی تمام اسکیمات پر کام شروع کرکے انہیں مکمل کرنا مشکل ہے جس کے پیش نظر کمشنر مکران ڈاکٹر شکیل بلوچ نے کہا کہ انہوں نے متعلقہ حکام سے 70 کروڑ 26 لاکھ روپے اضافی فنڈز کی فراہمی کا مطالبہ کیا ہے۔ اگر مطلوبہ رقم جاری کروی جاتی ہے تو تربت ماڈل سٹی پروجیکٹ کی مختلف اسکیمات پر کام نہ صرف تیز کیا جاسکے گا بلکہ منصوبے کے تمام اہم کاموں کو مکمل کرنے میں بھی مدد ملے گی۔ دوسری جانب عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ کمشنر مکران ڈاکٹر شکیل احمد بلوچ نے ترقیاتی منصوبوں کی سست روی کا نوٹس لے کر اور زیر التواء اسکیمات پر دوبارہ کام شروع کروا کر اپنی ذمہ داری پوری کی ہے تاہم منصوبوں کی تکمیل کیلئے مطلوبہ 70 کروڑ 26 لاکھ روپے کی رقم جاری کروانے میں ضلع کیچ کے عوامی نمائندوں کو بھی اپنا کردار ادا کرنا چاہیے کیونکہ تربت کسی ایک نمائندے کا نہیں بلکہ پورے ضلع کیچ کا مشترکہ شہر ہے اور اس کے ترقیاتی منصوبے تمام عوامی نمائندوں کی مشترکہ ترجیح ہونے چاہئیں۔

بارکھان جرگہ، امن اور عوامی مسائل پر مشترکہ حکمت عملی بنانے پر اتفاق

بارکھان (خ ن) بارکھان میں امن و امان کی صورتحال، عوامی مسائل اور جاری و زیر غور ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے ایک اہم جرگہ منعقد ہوا، جس میں علاقے کی مجموعی صورتحال اور درپیش مسائل پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ جرگے میں کمانڈنٹ کوہلو، لیفٹیننٹ کرنل بارکھان محمد یونس، ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمن کاکڑ، ایس پی بارکھان عبدالحق، مختلف سیاسی جماعتوں کے سربراہان و نمائندگان، سرکاری افسران اور قبائلی معتبرین نے شرکت کی۔ جرگے میں بارکھان میں امن و امان کی صورتحال، عوام کو درپیش مسائل، بنیادی سہولیات، سڑکوں، تعلیم، صحت اور دیگر ترقیاتی امور کا جائزہ لیا گیا۔ شرکاء نے علاقے میں پائیدار امن کے قیام اور عوامی مسائل کے حل کے لیے انتظامیہ، سیاسی قیادت، قبائلی معتبرین اور عوام کے درمیان باہمی رابطے اور تعاون کو مزید مؤثر بنانے پر زور دیا۔ اس موقع پر ترقیاتی منصوبوں کو مؤثر انداز میں آگے بڑھانے، عوامی مسائل متعلقہ اداروں تک پہنچانے اور ان کے حل کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھنے پر بھی اتفاق کیا گیا۔

اوتھل، شجرکاری مہم کے سلسلے میں تقریب کا انعقاد

اوتھل (آن لائن) محکمہ جنگلات و جنگلی حیات بلوچستان لسبیلہ کے تعاون سے گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول مورندہ گوٹھ اوتھل میں شجرکاری مہم کے سلسلے میں تقریب کا انعقاد کیا گیا، جہاں معزز مہمانوں نے اسکول کے احاطے میں پودے لگا کر شجرکاری مہم کا باقاعدہ آغاز کیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (میل) لسبیلہ حاجی نوید احمد ہاشمی، چیئرمین میونسپل کمیٹی اوتھل سید سومار شاہ کاظمی، ڈپٹی ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن (میل) اوتھل اطہر قریشی RFO محمد وارث، صدر مدرس ذوالفقار علی، چیئرمین اسکول کمیٹی و سینئر صحافی شفیق چنہ، ظہیر الدین جمالی، پرنس علی، قاضی عبدالغفار اور اصغر علی موجود تھے۔ اس موقع پر حاجی نوید احمد ہاشمی، سید سومار شاہ کاظمی، اطہر قریشی RFO محمد وارث اور دیگر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ درخت ہماری زمین کی خوبصورتی، ماحول کی بہتری اور انسان سمیت تمام جانداروں کی بقا کے لیے انتہائی اہم ہیں۔

چمن: بغیر لائسنس کھاد فروشی کے خلاف محکمہ زراعت متحرک

چمن (خ ن) چمن میں بغیر لائسنس کھاد کی خرید و فروخت کے خلاف محکمہ زراعت کی کارروائیاں شروع حکومت بلوچستان کی جانب سے بغیر لائسنس کھاد کی خرید وفروخت پر عائد پابندی کے تحت محکمہ زراعت ضلع چمن نے خلاف ورزی کرنے والے افراد کے خلاف کارروائیوں کا باقاعدہ آغاز کر دیا ہے۔ محکمہ زراعت چمن کی جانب سے کھاد کے ڈیلرز اور دکانداروں کی چیکنگ کا سلسلہ جاری ہے، جبکہ انہیں حکومت کی جانب سے مقرر کردہ قوانین اور ضوابط پر عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایات دی جا رہی ہیں۔ محکمہ زراعت کے حکام نے واضح کیا ہے کہ بغیر لائسنس کھاد کی خرید وفروخت کی کسی صورت اجازت نہیں دی جائے گی اور خلاف ورزی کی صورت میں قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

سوراب: دفاع حرمین شریفین ریلی، مذہبی رہنماؤں کا بھرپور اظہار وابستگی

ریلی میں مذہبی رہنماؤں، کارکنان اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی

مقررین نے حرمین شریفین کے تقدس کے تحفظ کے عزم کا اظہار کیا

سوراب (یو این اے) اہل سنت والجماعت ضلع سوراب کے زیر اہتمام 25 ستمبر بروز جمعۃ المبارک، صبح 11 بجے دفاع حرمین شریفین کے عنوان سے ایک عظیم الشان ریلی کا انعقاد کیا گیا، جس میں مذہبی رہنماؤں، کارکنان اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ریلی میں ضلع چاغی کے جنرل سیکرٹری حضرت مولانا عبداللہ صدیقی صاحب نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی اور شرکا سے خصوصی خطاب کیا۔ اپنے خطاب میں انہوں نے حرمین شریفین کی عظمت وحرمت اور مسلمانوں کے مذہبی جذبات کے حوالے سے اظہار خیال کیا۔ اس موقع پر دیگر مقررین میں ضلع سوراب کے سرپرست مولانا محمد قاسم فاروقی صاحب، ضلع سوراب کے صدر ڈاکٹر عبدالواحد صاحب اور فنانس سیکرٹری مفتی عبدالناصر عثمانی صاحب شامل تھے، جنہوں نے اپنے خطابات میں حرمین شریفین کے تقدس اور مسلمانوں کی مذہبی وابستگی کو اجاگر کیا، مقررین نے اپنے خطاب کے دوران حکومتی قیادت کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ حرمین شریفین مسلمانوں کے لیے انتہائی مقدس مقامات ہیں اور ان کے تقدس وحرمت کے حوالے سے مسلمان اپنے مذہبی جذبات کے تحفظ کے لیے متحد ہیں۔ مقررین نے اس عزم کا بھی اظہار کیا کہ حرمین شریفین کے تقدس کے معاملے پر اہل سنت والجماعت کے کارکنان اپنی آواز بھرپور انداز میں بلند کرتے رہیں گے۔ ریلی کے شرکا نے مختلف نعروں اور مذہبی جذبات کے اظہار کے ذریعے حرمین شریفین سے اپنی عقیدت و وابستگی کا اظہار کیا۔ ریلی کے اختتام پر علامہ علی شیر حیدری شہید یونٹ موٹی کے کونسلر مولانا جمیل احمد صاحب نے دعائیہ کلمات ادا کیے اور ملک وقوم، امت مسلمہ اور حرمین شریفین کی سلامتی وحفاظت کے لیے دعا کی۔ اس کے ساتھ ہی پروگرام اختتام پذیر ہوا۔

نچھی پور: خواتین کی کھلی کچہری میں ڈی سی فریدہ ترین اور لیفٹیننٹ کرنل شعیب حسن خواتین کے مسائل سن رہے ہیں

حضرت امام حسن عسکری کی ولادت کے حوالے سے محفل منقبت کا انعقاد

سید اعزاز باقری ایڈووکیٹ، سید نوید حیدر عابدی و دیگر شعراء نے محفل منقبت میں نذرانہ عقیدت پیش کیا

کوئٹہ (پ ر) حضرت امام حسن عسکری کی ولادت باسعادت کی مناسبت سے مرکزی امام بارگاہ ناصر العزاء میکانگی روڈ میں محفل منقبت کا انعقاد کیا گیا۔ کوئٹہ کے مقامی شعراء نے نذرانہ عقیدت پیش کیا۔ شعراء نے اپنا کلام پیش کرتے ہوئے بھرپور داد وصول کی۔ شرکاء نے محفل منقبت کے شاندار انعقاد پر امام بارگاہ کی انتظامیہ کو خراج تحسین پیش کیا سید نوید حیدر عابدی نے تقریب کی نظامت کے فرائض انجام دیے۔ تقریب کے اختتام پر تمام مومنین اور شعراء کیلئے نیاز کا اہتمام کیا گیا تھا۔

ڈیرہ مراد جمالی: بشیر ہنگلوئی کی برسی، صحافتی وسماجی خدمات کو خراج عقیدت

پریس کلب میں تعزیتی ریفرنس، مرحوم کی خدمات اور شخصیت پر مقررین کا اظہار خیال

بشیر ہنگلوئی کی مثبت صحافت اور سماجی خدمات آج بھی یادگار ہیں، مقررین کا خطاب

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) معروف صحافی، معلم اور سماجی کارکن بشیر احمد ہنگلوئی کی آج 16 ویں برسی کی تقریب کا انعقاد شہید بینظیر بھٹو ڈسٹرکٹ پریس کلب نصیرآباد (ڈیرہ مراد جمالی) میں تعزیتی ریفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر مرحوم کے درجات کی بلندی اور ایصال ثواب کے لیے خصوصی اجتماعی دعا کی گئی، جبکہ مقررین نے ان کی صحافتی، تعلیمی اور سماجی خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا۔ منعقدہ تقریب میں شہید بینظیر بھٹو پریس کلب ڈیرہ مراد جمالی کے صدر عبدالرزاق ہنگلوئی، نائب صدر علی جان مگسی، جنرل سیکرٹری کیپی مگسی، فنانس سیکرٹری گل میر گل چھلگری، ڈپٹی جنرل سیکرٹری ریاض احمد بامدائی، سینئر ممبران جن میں محمد ایوب کھوسہ، دین محمد رند، محمد سلیم رند، محمد یونس عمرانی، عبدالباسط مگسی، معشوق علی رند، سابق صدر منظور مگسی، جوہر ہنگلوئی، فیض محمد لہڑی اور انفارمیشن سیکرٹری محمد پکل مگسی سمیت محمد آصف، عبدالباسط و دیگر صحافیوں نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ آج کے دن یعنی 26 ستمبر 2009 کو بشیر احمد ہنگلوئی ایک المناک حادثے میں وفات پا کر ہمیں داغ مفارقت دے گئے تھے۔ اس موقع پر صدر پریس کلب عبدالرزاق ہنگلوئی نے اپنے شہید بھائی کی زندگی پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ شہید بشیر احمد ہنگلوئی 11 مارچ 1973 کو تحصیل چھتر ضلع نصیرآباد کے گوٹھ سید میر محمد شاہ میں پیدا ہوئے۔ ہمارے والد محترم کا نام لعل خان ہنگلوئی تھا۔ ہم تین بھائی تھے۔ ہمارے بڑے بھائی استاد منو خان ہنگلوئی سدا بہار ٹرانسپورٹ کمپنی کوئٹہ کے منیجر تھے، وہ بھی چند سال قبل وفات پا چکے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ شہید بشیر احمد ہنگلوئی نے ابتدائی تعلیم گوٹھ سید میر محمد شاہ میں حاصل کی، مڈل اور میٹرک گورنمنٹ ماڈل بوائز ہائی اسکول ڈیرہ مراد جمالی سے جبکہ ایف ایس سی گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج جیکب آباد سے مکمل کی۔

صحبت پور: قبائلی تنازعات کے خاتمے کیلئے نئی کوششوں کا عزم

مقدم حیدر علی خان کھوسو نے پرامن حل کو اولین ترجیح قرار دیا

بزرگوں کی روایات زندہ رکھتے ہوئے تصادم اور کشیدگی روکنے کا عزم ظاہر کیا

صحبت پور (یو این اے) کھوسو برادری کے سرکردہ قبائلی رہنما اور مقدم حیدر علی خان کھوسو نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ صحبت پور میں قبائلی تنازعات کا پرامن حل ہماری بھرپور خواہش اور اولین ترجیح ہے۔ بزرگوں کی شاندار روایات کو زندہ رکھتے ہوئے قبائلی تصادم اور کشیدگی کو روکنے کے لیے ہر ممکن کوشش کی جا رہی ہے۔ مقدم حیدر علی خان کھوسو نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ صحبت پور ہمارا اپنا گھر ہے اور اسے ہر حال میں پرامن رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ قبائلی تصادم اور نااتفاقی کبھی بھی ہمارے بزرگوں کی روایت یا خواہش نہیں رہی، اس لیے ہم اپنے بزرگوں کے بتائے ہوئے نقش قدم پر چلتے ہوئے قبائلی تنازعات کے سدباب کے لیے اپنی کوششیں ہر صورت جاری رکھیں گے۔ مقدم حیدر خان کا مزید کہنا تھا کہ صحبت پور کو ایک گہوارہ امن بنایا جائے گا کیونکہ غلط باتوں کو غلط قرار دینا اور حق کا ساتھ دینا ہمارے بزرگوں کی وہ روشن روایت ہے جسے ہم نے آج بھی بحال اور زندہ رکھا ہوا ہے۔

جامعہ تربت میں طالبات کو جدید ڈیجیٹل شعبوں سے آگاہی

سائبر سیکیورٹی، ڈیٹا سائنس اور مصنوعی ذہانت کے شعبوں پر تفصیلی بریفنگ دی گئی

تربت (خ ن) جامعہ تربت کے ساتھ الحاق شدہ کالجز میں تعلیمی معیار کی بہتری اور طلبہ کی ڈیجیٹل صلاحیتوں کو نکھارنے کے عزم کے تحت جامعہ تربت نے گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج تربت کی طالبات کے ایک وفد کی میزبانی کی۔ وفد کی قیادت فیکلٹی ممبر محمد یوسف مجاہد کر رہے تھے۔ دورے کے مقصد عصر حاضر کی تعلیمی ضروریات، خاص طور پر ڈیجیٹل اسکلز، کمپیوٹنگ اور جدید ٹیکنالوجی سے متعلق تعلیمی پروگراموں کے بارے میں آگاہی حاصل کرنا تھا۔ شعبہ کمپیوٹر سائنس کے سربراہ انجینئر بلال الرحمن اور فیکلٹی ممبر ظہور احمد نے مہمانوں کا پرتپاک استقبال کیا۔ انٹرا یکٹو سیشن کے دوران انہوں نے طالبات کو مختلف کمپیوٹنگ شعبوں بشمول سائبر سیکیورٹی، ڈیٹا سائنس، آرٹیفیشل انٹیلیجنس اور موجودہ ڈیجیٹل دور میں ان کی اہمیت کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے بتایا کہ جامعہ تربت نے سال 2027 کے لیے 64 سے زائد پروگرامز میں داخلوں کا اعلان کر دیا ہے، جس کی آخری تاریخ 30 ستمبر 2026 مقرر کی گئی ہے۔ سوال و جواب کے سیشن کے دوران طالبات نے خاص طور پر کمپیوٹنگ اور ڈیجیٹل اسکلز کے شعبوں میں تعلیمی روڈ میپ اور روزگار کے مواقع سے متعلق سوالات کیے، جن کے انجینئر بلال الرحمن اور ظہور احمد نے تسلی بخش جوابات دیے۔ بریفنگ کے بعد جامعہ تربت کے سینئر طالبات نے وفد کو کمپیوٹر و ہارڈویئر لیبارٹریز، مرکزی لائبریری، جمنازیم اور دیگر سہولیات کا دورہ کرایا۔ یونیورسٹی ترجمان کے مطابق وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن کی قیادت میں یونیورسٹی اپنے کوالٹی انہانسمنٹ سیل کے ذریعے ملحقہ کالجوں میں تعلیمی معیار کو بلند کرنے کے لیے پرعزم ہے

پشین چیمبر کے نئے عہدیداران کا بلا مقابلہ انتخاب مکمل

سید عبدالروف آغا صدر، اورنگزیب ترین سینئر نائب صدر، نجیب اللہ نائب صدر منتخب

الیکشن کمیشن نے نو منتخب عہدیداران کو مبارکباد، تاجر برادری کے اتحاد کا اظہار قرار دیا

پشین (پ ر) پشین چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے انتخابات سال برائے 2026-2028 کے دوسرے و آخری مرحلے میں آفس بیررز صدر سید عبدالروف آغا، سینئر نائب صدر اورنگزیب خان ترین، نائب صدر نجیب اللہ بلا مقابلہ منتخب ہوئے گئے پشین چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری/ایوان صنعت وتجارت کے الیکشن کمیشن سید جبار شاہ، رافع آغا اور محمد صادق ترین نے پشین چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نئے بلا مقابلہ منتخب ہونے والے آفس بیررز برائے سال 2026-2028 کا اعلان کے مطابق پشین چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری بلوچستان/پشین ایوان صنعت و تجارت کے انتخابات برائے سال 2026-2028 کے سلسلے میں پہلے مرحلے میں ایگزیکٹو ممبران برائے کارپوریٹ کلاس پیر محمد، سید عبدالباری آغا، سید نقیب اللہ، نصیب اللہ خان، محمد اسحاق، عبدالروف، اورنگزیب خان ترین، عبدالباقی اچکزئی، سید میر علی آغا، عبدالوحید، عبدالجبار ترین، صدیق اللہ، ابراہیم آغا، مہوش تجمل اور ایسوسی ایٹ کلاس سے فرید اللہ محمد علی، جمال عبدالناصر، نجیب اللہ، محمد اکرم، سمیع اللہ، نجیب اللہ ترین، حبیب اللہ، بلال عبدالناصر، صالح محمد، سید نعمت اللہ، بہرام خان، بی بی جان امیدواران بلا مقابلہ منتخب ہوگئے تھے دوسرے اور فائنل مرحلے میں بلا مقابلہ سید عبدالروف آغا کو صدر، اورنگزیب خان کو سینئر نائب صدر اور نجیب اللہ کو نائب صدر برائے سال 2026-2028 کے آفس بیررز کا اعلان کیا یہ تمام مراحل ڈائریکٹر جنرل ٹریڈ آرگنائزیشن (ڈی جی ٹی او) کی ہدایات پر اسسٹنٹ لائف آف پاکستان کے ممبر نور احمد نے تمام انتخابی عمل کو سپروائز اور جائزہ لیکر اطمینان کا اظہار کیا پشین چیمبر کے الیکشن کمیشن کے ممبران، سید جبار شاہ، سید رافع آغا اور محمد صادق ترین نے پشین چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری بلوچستان کے نو منتخب آفس بیررز اور ایگزیکٹو ممبران کو بلا مقابلہ منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کا بلا مقابلہ منتخب ہونا اس بات کی دلیل ہے کہ باقی ممبران نے پشین چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری بلوچستان کے حوالے سے ان کے خدمات قربانیوں کے ساتھ ساتھ دیگر ممبران اور عہدیداران کے اتحاد و اتفاق کی نشاندہی اور ڈسٹرکٹ پشین کے تاجر کمیونٹی کے حقیقی لیڈرشپ کو ظاہر کرتی ہے۔ نئے منتخب ممبران اپنے صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے پشین چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری بلوچستان/پشین ایوان صنعت و تجارت کو مزید کامیابیوں سے ہمکنار کریں گے

قلات: خواتین کو ہنرمند بنانے کیلئے اقدامات کا عزم

قلات (خ ن) ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری نے کہا ہے کہ حکومت خواتین کی فلاح وبہبود انہیں ہنرمند اور معاشی طور پر بااختیار بنانے کے لیے عملی اقدامات کررہی ہے تاکہ خواتین کو جدید فنی اور پیشہ ورانہ تربیت کی فراہمی سے انہیں باعزت روزگار کے مواقع میسر آسکتے ہیں اور وہ اپنے خاندانوں اور معاشرے کی تعمیر وترقی میں مؤثر کردار ادا کرسکتی ہیں۔ یہ بات انہوں نے بیت المال کے زیر انتظام دستکاری سینٹر دورے کے موقع پر انسٹرکٹرز اور زیر تربیت طالبات سے گفتگو کرتے ہوئے کہی ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ خواتین کی تعلیم، فنی تربیت اور فلاح وبہبود کے لیے کام کرنے والے اداروں کے ساتھ ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی ماسٹر ٹرینر فیشن ڈیزائننگ سلیمہ افضل اور دیگر اسٹاف نے ڈپٹی کمشنر کو سینٹر میں جاری فیشن ڈیزائننگ، بیوٹیشن، کمپیوٹر بیسک، کارپٹنگ، دستکاری، تدریس قرآن اور دیگر ترجیحی کورسز، طالبات کو فراہم کی جانے والی سہولیات، وظائف اور درپیش مسائل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی ڈپٹی کمشنر نے طالبات پر زور دیا کہ وہ حاصل کردہ ہنر کو عملی زندگی میں بروئے کار لاتے ہوئے اپنی صلاحیتوں کو مزید نکھاریں اور خود انحصاری کی جانب بڑھیں۔ ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری نے فیشن ڈیزائننگ، بیوٹیشن، کمپیوٹر، کارپٹنگ، دستکاری اور دیگر مختلف کورسز مکمل کرنے اور نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والی طالبات میں سر... تقسیم کیے۔

جیوانی: عوامی مسائل کے حل کیلئے انتظامیہ اور ماہی گیروں میں رابطہ بڑھانے کا فیصلہ

جیوانی (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر طارق امام بلوچ سے ان کے دفتر میں شئے آباد سے تعلق رکھنے والے وفد اور مقامی ماہی گیروں کے وفد نے الگ الگ ملاقاتیں کیں۔ ملاقاتوں کے دوران علاقے کے مختلف مقامی مسائل، عوامی ضروریات، بنیادی سہولیات اور ماہی گیروں کو درپیش مسائل سمیت دیگر اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا جیوانی کے علاقے شئے آباد کے وفد نے اسسٹنٹ کمشنر کو علاقے کے مختلف مسائل اور عوامی ضروریات سے آگاہ کیا، جبکہ ناکو غلام نبی کی قیادت میں ماہی گیروں کے وفد نے مقامی ماہی گیروں کو درپیش مسائل، ماہی گیری سے متعلق امور اور دیگر ضروریات سے آگاہ کیا اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر طارق امام بلوچ نے دونوں وفود کی جانب سے پیش کیے گئے مسائل، تجاویز اور گزارشات کو غور سے سنا اور متعلقہ امور پر ضروری اقدامات اور ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

ڈیرہ مراد جمالی، اے سی کا مختلف ہیلتھ سینٹرز کا دورہ

بابا کوٹ (اے این این) اسسٹنٹ کمشنر ڈیرہ مراد جمالی بہاور خان کھوسہ، اسسٹنٹ کمشنر چھتر بشیر احمد ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر نصیرآباد ڈاکٹر ایاز احمد جمالی نے رورل ہیلتھ سینٹر (آر ایچ سی) چھتر کا دورہ کیا اور دورے کے دوران افسران نے ہسپتال کے مختلف شعبوں کا تفصیلی معائنہ کیا اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا اس موقع پر ہسپتال میں موجود ادویات کے اسٹاک کو چیک کیا گیا اور ادویات کی دستیابی، ریکارڈ اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کے حوالے سے معلومات حاصل کی گئیں افسران نے علاج معالجے کے شعبوں اور دیگر طبی سہولیات کا بھی معائنہ کیا ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر نصیرآباد ڈاکٹر ایاز احمد جمالی نے ہسپتال کے طبی عملے سے بھی ملاقات کی

بقیہ 1 مشترکہ اجلاس

فیلڈ مارشل عاصم منیر، ترک چیف آف جنرل اسٹاف جنرل سلجوق اور سعودی چیف آف جنرل اسٹاف نے شرکت کی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق اجلاس میں سکیورٹی صورتحال اور مملکت سعودی عرب کو درپیش خطرات کا جائزہ لیا گیا، شرکا نے کہا کہ اجلاس دفاعی شراکت داری مضبوط بنانے کے عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق شرکا نے مکہ مکرمہ، شہری آبادی اور اقتصادی تنصیبات پر حملوں کی مذمت کی۔ شرکا نے سعودی مسلح افواج کی مستعدی اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا اجلاس میں مملکت کی سلامتی یقینی بنانے کے لیے سعودی افواج کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی بھی ستائش کی گئی۔ اجلاس میں تینوں ممالک کی مسلح افواج کے درمیان تعاون کو مزید فروغ دینے پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں عسکری رابطہ کاری اور دفاعی صلاحیتوں کے انضمام کو بہتر بنانے کے طریقوں پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ شرکا نے تینوں ممالک کے عوام اور مسلح افواج کے درمیان دیرینہ تعلقات اور باہمی اعتماد کو سراہا۔ سعودی عرب، پاکستان اور ترکی کے فوجی سربراہان نے نئے معاہدے کے تحت مشترکہ دفاعی تعاون اور اجتماعی دفاع کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ سعودی پریس ایجنسی کے مطابق سعودی عرب، پاکستان اور ترکی کے فوجی سربراہان کی ملاقات میں دفاعی تعاون کو مزید وسعت دینے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں مکہ مکرمہ اور سعودی عرب کے شہری و اقتصادی بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنانے والے حملوں کی مذمت کی گئی۔ تینوں ممالک کے فوجی سربراہان نے سعودی مسلح افواج کی جانب سے شہریوں اور ملک کی سلامتی کے تحفظ کے لیے کیے جانے والے اقدامات کو بھی سراہا۔ اس میں انٹیلی جنس معلومات کے تبادلے، فوجی رابطہ کاری اور دفاعی صلاحیتوں کے بہتر انضمام جیسے اقدامات شامل ہیں۔ فریقین نے کہا کہ ان اقدامات کا مقصد مشترکہ دفاعی صلاحیت کو مضبوط بنانا اور خطے میں مؤثر دفاعی بازداریت پیدا کرنا ہے۔ تینوں ممالک نے اپنے عوام اور مسلح افواج کے درمیان دیرینہ تعلقات اور باہمی اعتماد کو بھی اجاگر کیا۔ عسکری سربراہان کے مطابق ریاض کا اجلاس اس دفاعی شراکت داری کی مضبوطی کی عکاسی کرتا ہے اور مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے میں کیے گئے وعدوں کو عملی فوجی تعاون میں تبدیل کرنے کے عزم کو ظاہر کرتا ہے۔ یہ پیش رفت ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب خطے میں سکیورٹی کشیدگی بڑھ رہی ہے اور سعودی عرب کو اپنی سرحدوں، اہم تنصیبات اور مقدس مقامات کے تحفظ سے متعلق نئے چیلنجز کا سامنا ہے۔

بقیہ 2 ڈی آئی خان دھماکہ

علاقے میں شدید فائرنگ کا سلسلہ شروع ہوگیا جو کئی گھنٹوں تک جاری رہا ذرائع کے مطابق حملے کے بعد وڈیرہ غلام نبی شہبانی کے بھائی وڈیرہ ہدایت شہبانی کی زیرنگرانی قبائلی امن فورس نے فوری طور پر جوابی کارروائی کرتے ہوئے حملہ آوروں کا بھرپور مقابلہ کیا بیبہ لوٹی اور اس کے گردونواح میں رات بھر فائرنگ اور جھڑپوں کا سلسلہ جاری رہا جس کے باعث علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا قبائلی ذرائع کا کہنا ہے کہ قبائلی امن فورس اور مسلح افراد کے درمیان طویل جھڑپ کے بعد حملہ آوروں نے فرار ہونے کی کوشش کی تاہم امن فورس کے جوانوں نے ان کا تعاقب کیا۔ تعاقب اور جوابی کارروائی کے دوران 16 مسلح افراد ہلاک ہوگئے جبکہ متعدد دیگر کے زخمی ہونے کی اطلاعات بھی موصول ہوئی ہیں، تاہم ان کی سرکاری طور پر تصدیق نہیں ہوسکی جھڑپوں کے دوران قبائلی امن فورس کا بھی ایک جوان جاں بحق جبکہ تین دیگر زخمی ہوگئے زخمی اہلکاروں کو وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے خصوصی احکامات پر ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد مزید علاج معالجے کے لیے حکومت بلوچستان کے ایئر ایمبولینس کے ذریعے کراچی منتقل کردیا گیا قبائلی ذرائع کے مطابق قبائلی امن فورس کے جوانوں نے بروقت اور مؤثر کارروائی کرتے ہوئے حملہ آوروں کے عزائم ناکام بنادیئے ذرائع کا دعویٰ ہے کہ اگر فوری ردعمل نہ دیا جاتا تو علاقے میں بڑے پیمانے پر جانی و مالی نقصان کا خدشہ تھا واقعے کے بعد بیبہ لوٹی اور ملحقہ علاقوں میں سکیورٹی مزید سخت کردی گئی ہے جبکہ حالات پر کڑی نظر رکھی جا رہی ہے۔ سرکاری سطح پر واقعے کی تفصیلات اور ہلاکتوں کی تعداد کے حوالے سے آخری اطلاعات آنے تک کوئی باضابطہ بیان جاری نہیں کیا گیا۔ دوسری جانب۔ ڈیرہ اسماعیل خان میں درازندہ میں پولیس اور کسٹمز کی مشترکہ چیک پوسٹ کے قریب دھماکے میں 12 افراد شہید اور 35 زخمی ہوگئے ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ڈیرہ اسماعیل خان کے علاقے درازندہ میں مبینہ خودکش دھماکا ہوا ہے، دھماکا ڈی آئی خان، کوئٹہ روڈ پر انسداد اسمگلنگ امن میلہ پولیس چیک پوسٹ پر ہوا، بارود سے بھری گاڑی انسداد اسمگلنگ چیک پوسٹ سے ٹکرائی گئی۔ انسداد اسمگلنگ چیک پوسٹ پر حملہ، دہشت گردوں اور جرائم پیشہ کے گٹھ جوڑ کا ثبوت ہے، خوارج کی جانب سے ایک بار پھر سکیورٹی فورسز اور شہریوں کو نشانہ بنایا گیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ چیک پوسٹ پر دھماکے میں 2 سال کے بچے اور 2 خواتین سمیت 12 افراد شہید ہوئے ہیں۔ آر پی او غلام مبشر میکن کے مطابق شہداء میں ایک کسٹمز اہلکار بھی شامل ہے۔ دھماکے میں کسٹم، پولیس اہلکاروں اور شہریوں سمیت 35 سے زائد افراد زخمی بھی ہوئے ہیں، زخمیوں میں بعض کی حالت تشویشناک ہے، شہداء کی تعداد میں اضافے کا خدشہ ہے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے ڈیرہ اسماعیل خان میں چیک پوسٹ پر خودکش حملے کی مذمت کرتے ہوئے دھماکے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ محسن نقوی نے شہداء کے لواحقین سے ہمدردی و اظہار تعزیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ خوارج کی بزدلانہ کارروائیاں دہشتگردی کے خلاف قوم کا عزم کمزور نہیں کرسکتیں۔ انہوں نے کہا کہ خیبرپختونخوا دہشتگردی کے خلاف جنگ میں فرنٹ لائن پر ہے۔ اس جنگ میں زندگی کے ہر طبقے نے بے شمار قربانیاں دی ہیں۔ شہداء کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ڈیرہ اسماعیل خان میں پولیس چیک پوسٹ پر ہونے والے دہشت گرد حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعظم نے حملے میں شہید ہونے والے افراد کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا اور اللہ تعالیٰ سے شہداء کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔ محمد شہباز شریف نے دھماکے میں زخمی ہونے والے افراد کی جلد صحتیابی کے لیے بھی دعا کی اور متعلقہ اداروں کو زخمیوں کو ہر ممکن طبی سہولیات فراہم کرنے کی ہدایت کی۔ وزیراعظم نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں قوم کے محافظوں کی دی جانے والی قربانیاں ہرگز رائیگاں نہیں جانے دیں گے۔ ملک کے امن و استحکام کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء، پوری قوم کے لیے باعث فخر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ملک سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے پرعزم ہے اور دہشت گرد عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔ وزیراعظم نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ریاستی ادارے اور قوم مل کر دہشت گردی کے ناسور کا خاتمہ کریں گے اور ملک میں پائیدار امن و سلامتی کے قیام کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جائیں گے۔

بقیہ 3 12 اغواء

ہتھیاروں کے ساتھ حملہ کیا اور ایک سکیورٹی گارڈ کو شہید اور 2 افراد کو زخمی کرنے کے بعد کیمپ میں موجود بھاری مشینری اور 4 گاڑیوں کو نذر آتش کرکے وہاں پر موجود مزدوروں کے شناختی کارڈ چیک کیے اور 12 مزدوروں کو اغواء کر کے لے گئے جن میں سے 10 کا تعلق پنجاب اور ایک مقامی جبکہ ایک کا تعلق خیبرپختونخوا سے بتایا جاتا ہے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی مقامی پولیس اور سیکیورٹی فورسز کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی۔ سیکیورٹی اہلکاروں نے علاقے کو گھیرے میں لے کر زخمیوں اور نعشوں کو ہسپتال منتقل کردیا اور ملزمان کی تلاش کے لیے سرچ آپریشن اور واقعے کی مزید تفتیش شروع کر دی ہے۔ دریں اثناء اغوا ہونیوالے مزدوروں میں نعمان احمد، باسط خان، سکندر، شاہد، احتشام، نعیم اللہ، سمیع اللہ، اشفاق احمد، شمس، میر حسن، فضل الرحمٰن اور آفتاب شامل ہیں۔

بقیہ 4 وزیر خزانہ

وزیر خزانہ نے دہشتگرد حملے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر افسوس کرتے ہوئے فرض کی ادائیگی کے دوران شہید ہونے والے اہلکاروں کے اہلخانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔ محمد اورنگزیب نے حملے میں شہید ہونے والے کسٹمز اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں کی بہادری، فرض شناسی اور عظیم قربانی کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ملک کے امن و سلامتی کے لیے قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں کی قربانیاں گراں قدر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف قومی عزم کو کسی بھی بزدلانہ کارروائی سے کمزور نہیں کیا جاسکتا۔

بقیہ 5 عطاء اللہ تارڑ

بھی فارغ ہیں، پی ٹی آئی کی لانگ مارچ کی کوئی تیاری ہی نہیں تھی، 27 ستمبر کا لانگ مارچ ''کھودا پہاڑ نکلا چوہا'' ثابت ہوا۔ عطا تارڑ نے کہا کہ 27 ستمبر کے مارچ کی تاریخ انہوں نے ہی دی تھی، پی ٹی آئی اتنی کمزور کبھی نہیں تھی جتنی اب ہوچکی ہے، پی ٹی آئی کا دہشتگردوں کے ساتھ گٹھ جوڑ ہے، یہ دہشتگردوں کی مذمت کرنے سے بھی گریزاں ہیں، پولیس اور سیکیورٹی فورسز دہشتگردی کے خلاف قربانیاں دے رہے ہیں، ہم ڈنکے کی چوٹ پر کہتے ہیں کہ دہشتگردوں کا مکمل خاتمہ کریں گے۔ وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا کہ یو این جنرل اسمبلی میں وزیراعظم نے پوری امت مسلمہ کا مقدمہ لڑا، فلسطینی نمائندوں نے دل کھول کر وزیراعظم کی تقریر کو داد دی، ہمارے فلسطینیوں کیلئے جذبات عملی طور پر سب کے سامنے ہیں، فلسطینیوں کیلئے امدادی سامان بھی بھجوایا گیا، وزیراعظم نے فلسطین کے طلباء کی میڈیکل تعلیم کیلئے بھی کردار ادا کیا۔

بقیہ 6 وزیراعظم

مابین تجارت کا حجم موجودہ علاقائی تجارت کا محض 8 فیصد ہے، جسے بڑھانا مشترکہ ہدف ہونا چاہیے۔ انہوں نے مزید کہا کہ 50 کروڑ آبادی پر مشتمل اس خطے کی ترقی کے لیے اجتماعی کوششیں درکار ہیں۔ پاکستان خطے میں امن اور تنازعات کے پرامن حل کے لیے بین الاقوامی قوانین کا پابند ہے۔ اس کے علاوہ مشرق وسطیٰ اور خطے کی بدلتی سکیورٹی صورتحال پر پاکستان کو گہری تشویش لاحق ہے۔ اسحاق ڈار نے زور دیا کہ وسطی ایشیا کو بحیرہ عرب کی بندرگاہوں سے جوڑنے والے کوریڈور منصوبوں کی رفتار بڑھانا وقت کی ضرورت ہے۔ موسمیاتی تبدیلی خطے کی زرعی اور آبی سلامتی کے لیے سنگین خطرہ بن چکی ہے، جس کے لیے پائیدار توانائی اور موسمیاتی مزاحمت والے بنیادی ڈھانچے پر تعاون کو یقینی بنانا ہوگا۔

بقیہ 7 اہم پیشرفت

متعلق پالیسی مکالمے کی مشترکہ میزبانی کی، جبکہ وزیر مملکت اور چیئرمین پاکستان ورچوئل ایسٹس ریگولیٹری اتھارٹی (PVARA) بلال بن ثاقب نے عالمی مالیاتی نظام کی تشکیل نو میں گلوبل ساؤتھ کی مؤثر شرکت پر زور دیا۔ بلال بن ثاقب نے کہا کہ عالمی مالیاتی نظام کے نئے قواعد تشکیل دیے جارہے ہیں، اس لیے گلوبل ساؤتھ کے ممالک کو محض نئی ٹیکنالوجیز کے صارفین کے بجائے قواعد، معیارات اور بنیادی ڈھانچے کی تشکیل کے عمل میں بھی شریک ہونا ہوگا۔

بقیہ 8 ایاز صادق

تعزیت کا اظہار کیا۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے زخمیوں کی جلد صحتیابی کے لیے دعا کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردوں کی بزدلانہ کارروائیاں دہشت گردی کے خلاف قوم کے پختہ عزم کو متزلزل نہیں کرسکتیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں زندگی کے ہر شعبے سے تعلق رکھنے والے افراد نے لازوال قربانیاں دی ہیں۔

بقیہ 9 صدر مملکت

کو مزید مؤثر بنایا جائے۔ صدر مملکت نے کہا کہ معصوم شہریوں اور قانون نافذ کرنے والے اہلکاروں کو دہشت گردی کا نشانہ بنانا انتہائی قابل مذمت ہے۔ دہشت گرد عناصر ملک میں امن و استحکام کو نقصان پہنچانے کی کوشش کررہے ہیں، تاہم ان کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ بیرونی سرپرستی میں مبینہ طور پر مذموم کارروائیوں میں ملوث ''فتنہ الہندوستان'' اور ''فتنہ الخوارج'' کے دہشت گرد عناصر کے خلاف کارروائیوں کو مزید مؤثر بنایا جائے۔ صدر مملکت نے اس عزم کا اظہار کیا کہ دہشت گردی کے خاتمے اور ملک میں امن و سلامتی کے قیام کے لیے ریاستی ادارے اپنی ذمہ داریاں پوری کرتے رہیں گے۔

بقیہ 10 مذاکرات کی پیشکش

آبنائے ہرمز بند ہونیکا ذمہ دار امریکا ہے، جب ایران کے راستے بند کیے جائیں گے تو آبنائے ہرمز بند کرنا فطری عمل ہے، آبنائے ہرمز تنازع کا حل طاقت سے نہیں بات چیت سے ہی ممکن ہے۔ امریکا کے بار بار حملوں، پابندیوں کے بعد امریکا سے بات چیت پر بھروسہ نہیں رہا، پاکستان اور قطر ایران اور امریکا کے درمیان ثالثی کررہے ہیں اور ایران کے پیغامات امریکا تک پہنچا رہے ہیں، یہ پہلے طے کی گئی مفاہمتی یادداشت کی بنیاد پر ہو رہا ہے، امریکا کو اس حوالے سے اپنا موقف واضح کرنا ہوگا۔ مسعود پزشکیان نے مزید کہا کہ خطے کی سلامتی علاقائی ممالک کے باہمی تعاون سے ممکن ہے، خطے کو کسی چوکیدار یا بیرونی طاقت کی ضرورت نہیں ہے، امریکی پابندیوں اور اسرائیلی مؤقف کے باوجود ایران ثابت قدم رہیگا۔

بقیہ 11 سعودی سفیر

ذمہ داریاں سنبھالیں گے۔ سعودی سفارتخانے کے مطابق اسلام آباد آمد پر وزارت خارجہ کے پروٹوکول ڈیپارٹمنٹ کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر خوشنان سعید اور سعودی سفارتی مشن کے حکام نے نئے سفیر کا استقبال کیا۔ ڈاکٹر راجح تامی العتیبی ریٹائرڈ میجر جنرل ہیں اور انہوں نے سعودی وزارت خارجہ میں سفیر کی حیثیت سے ذمہ داریاں سنبھالی ہیں۔

بقیہ 12 ملاقاتیں

میں ملاقات کی۔ ملاقات میں ملکی و سیاسی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دوسری جانب پیپلز پارٹی آزاد جموں و کشمیر کے صدر چوہدری یاسین نے بھی زرداری ہاؤس میں بلاول بھٹو زرداری سے ملاقات کی۔ ملاقات میں آزاد جموں وکشمیر سے متعلق سیاسی امور اور موجودہ صورتحال پر گفتگو کی گئی۔

بقیہ 13 پی ٹی آئی

کردیا۔ انسداد دہشتگردی عدالت کے جج طاہر عباس سپرا نے کیس کی سماعت کی۔ یہ مقدمہ تھانہ سیکرٹریٹ میں پی ٹی آئی کارکنان کے خلاف درج ہے۔ سماعت کے دوران مقدمے میں نامزد ایک ملزم نے آج ہی فیصلہ سنانے پر اصرار کیا۔ ملزم نے کہا کہ مجھے یقین ہے فیصلہ انصاف پر مبنی ہوگا اور مجھے عدالت پر اعتماد ہے، اسی وجہ سے پیش ہو رہا ہوں۔ ملزم نے عدالت سے کہا کہ آج ہی فیصلہ سنادے تاکہ روز کا جھنجٹ ختم ہو۔

بقیہ 14 ایرانی صدر

کو انٹرویو میں مسعود پزشکیان نے کہا کہ سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای کو صحت کا کوئی خاص مسئلہ درپیش نہیں ہے، مجتبیٰ خامنہ ای طبی طور پر مکمل صحت مند ہیں۔ مسعود پزشکیان کا کہنا تھا مجتبیٰ خامنہ ای سے 2 مرتبہ ملاقات ہوئی، مجتبیٰ خامنہ ای سے ایک ملاقات 7 گھنٹے سے زائد جاری رہی، مجتبیٰ خامنہ ای کے چہرے اور ٹانگوں پر آنے والے زخم ٹھیک ہو چکے ہیں۔ ایران جوہری ہتھیار بنانے کی کوشش نہیں کر رہا، جوہری ہتھیار تیار کرنا حرام ہے۔ آبنائے ہرمز کھولنے سے متعلق سوال پر مسعود پزشکیان کا کہنا تھا ایرانی پیشکش قبول کیے جانے پر ایران آبنائے ہرمز کھولنے اور مذاکرات بحال کرنے پر کیے وعدوں کی پاسداری کرے گا۔

بقیہ 15 آبنائے ٹرمپ

مارشل سید عاصم منیر کی جرات مندانہ قیادت میں بہادر پاک فوج نے دشمن کو منہ توڑ جواب دیا، وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا تھا کہ پاک فوج نے مہارت اور پیشہ ورانہ صلاحیت کے ساتھ دشمن کو ایسا سبق سکھایا جسے وہ کبھی نہیں بھولے گا۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر آبنائے ہرمز کا ایک نقشہ شیئر کیا، جس میں اس اہم آبی گزرگاہ کو ''StraitTrump'' کے نام سے ظاہر کیا گیا۔ یہ پیش رفت ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب ایران نے ایک نئے معاہدے کی تجویز دی ہے اور اس معاملے پر امریکا کے ساتھ بالواسطہ مذاکرات بھی ہوئے ہیں۔ وائٹ ہاؤس نے جمعہ کے روز ایران جنگ کے حوالے سے کہا کہ امریکی حکام ثالثوں کے ذریعے مثبت اور تعمیری بات چیت کر رہے ہیں۔ حکام نے مذاکرات کی تفصیلات کے بارے میں مزید معلومات فراہم نہیں کیں۔ رواں ہفتے ایران اور امریکا کے درمیان کئی گھنٹوں تک بالواسطہ مذاکرات جاری رہے، جن میں موجودہ کشیدگی کم کرنے اور ممکنہ معاہدے کے امکانات پر بات چیت کی گئی۔

بقیہ 16 جعلی سرٹیفکیٹس

پر 41 سال قید اور 92 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی ہے۔ یہ مقدمہ 92 نرسوں کو جعلی تجربہ سرٹیفکیٹس کی بنیاد پر سعودی عرب بھیجنے اور بعد ازاں ایک ماہ میں واپس ڈی پورٹ کیے جانے کے سنگین واقعے سے متعلق تھا۔ اس انتہائی اہم مقدمے کی پیش رفت رپورٹس باقاعدگی سے وزیراعظم آفس کو بھی ارسال کی جاتی رہیں۔ ملزم نمبر 1 — غلام ذوالفقار علی عرف میاں ذوالفقار ولد دین محمد، عدالت نے درج ذیل سزائیں عائد کیں (تمام سزائیں بیک وقت جاری رہیں گی)

بقیہ 17 یمن

میزائل فضا میں ہی تباہ کردیا۔

بقیہ 18 درازندہ

میں زخمی ہونے والے شہری مریضوں کو علاج اور مزید طبی امداد کے لیے درازندہ سے ڈیرہ اسماعیل خان منتقل کررہی تھی کہ راستے میں مسلح افراد کی جانب سے ایمبولینس کو فائرنگ کا نشانہ بنایا گیا۔ فائرنگ کے نتیجے میں ایمبولینس میں موجود ریسکیو 1122 کے دو اہلکار شدید زخمی ہوئے، جو بعد ازاں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے شہید ہوگئے۔ واقعے کے بعد علاقے میں سکیورٹی کی صورتحال مزید کشیدہ ہوگئی، جبکہ سکیورٹی فورسز نے کارروائی شروع کردی۔ ذرائع کے مطابق سکیورٹی فورسز کی جانب سے حملہ آوروں کی تلاش اور علاقے کو محفوظ بنانے کے لیے آپریشن جاری ہے۔ واقعے کے محرکات، حملے میں ملوث افراد اور کارروائی کے دوران ہونے والے دیگر نقصانات سے متعلق مزید تفصیلات سامنے آنا باقی ہیں۔ ریسکیو اہلکاروں پر حملے کے باعث امدادی سرگرمیوں سے وابستہ حلقوں میں تشویش پائی جاتی ہے۔

بقیہ 19 شوکاز جاری

میں پیش نہ کرنے پر اڈیالہ جیل کے سپرنٹنڈنٹ کو شوکاز نوٹس جاری کردیا۔ اسلام آباد کی انسداد دہشت گردی کی عدالت کے جج طاہر عباس سپرا نے ضمانت کی درخواستیں دائر کرنے کے لیے ایمان مزاری اور ہادی علی کے وکالت نامے نہ ملنے کے کیس کی سماعت کی۔

بقیہ 20 ڈاکو ہلاک

سائیکلیں برآمد کریں۔ نعشوں اور زخمی کو ہسپتال منتقل کردیا گیا پولیس کے مطابق گزشتہ شب پولیس کو اطلاع ملی کہ ڈکیتی کی غرض سے ملزمان علاقے میں موجود ہے، جس پر پولیس نے سی روڈ پر غازی اسٹیل مل کے قریب ملزمان کا تعاقب کیا تو انہوں نے پولیس پر فائرنگ کردی پولیس کی جوابی فائرنگ میں 3 ملزمان شفیع اللہ، نور اللہ اور ظہیر احمد کو زخمی حالت میں گرفتار کرکے ان کے قبضے سے 3 پسٹل بمعہ راؤنڈ 3 موٹر سائیکلیں برآمد کرکے ملزمان کو ہسپتال منتقل کردیا جہاں پر شفیع اللہ اور نور اللہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے چل بسے نعشیں ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئیں مزید کارروائی پولیس کررہی ہے۔

بقیہ 21 سوال اٹھادیا

اجازت لینا ہوگی۔ انہوں نے سوال کیا کہ اگر کوئی رکن صوبائی اسمبلی کسی شخص کو قتل کرے تو کیا پولیس گرفتاری سے پہلے بھی اسپیکر کی اجازت لے گی؟ قانون کی نظر میں برابری کا یہ کیسا تصور ہے؟ محسن نقوی نے مزید سوال کیا کہ کیا یہی ریاست مدینہ ہے؟ خیال رہے کہ 26 ستمبر 2026 کو خیبر پختونخوا اسمبلی کے اسپیکر بابر سلیم سواتی کی جانب سے آئی جی پولیس کو بھیجے گئے مراسلے میں کہا گیا ہے کہ کسی رکن اسمبلی کو فوجداری مقدمے میں گرفتار یا عدالتی حکم پر حراست میں لینے سے قبل اسپیکر سے پیشگی اجازت لی جائے۔

بقیہ 22 کشیدہ کاری

کاری کی ہے۔ اس کڑھائی کو ڈاکٹر یاسمین راشد نے خود ''Beyond the bars'' کا نام دیا ہے۔ پی ٹی آئی کی 76 سالہ اسیر رہنما، ممتاز گائناکولوجسٹ ڈاکٹر یاسمین راشد کی سالگرہ کا دن 21 ستمبر ہے، اس دن سوشل میڈیا پر نمودار ہونے والی ان کی ایک اور مہارت اور فن نے لوگوں کو حیرت میں مبتلا کردیا۔

بقیہ 23 خواجہ آصف

رہے ہیں۔ خواجہ آصف نے مزید کہا کہ پاکستان اور عالمی سطح پر درپیش تمام مسائل کو وزیراعظم نے اقوام متحدہ میں اجاگر کیا، شہباز شریف نے بھارت کو خبردار کیا کہ ہم پر جنگ مسلط کی گئی تو پچھلے سال کی طرح حشر کریں گے۔

بقیہ 24 ڈائیلاسز

ماندہ اضلاع میں بھی رواں سال کے اختتام تک مزید ڈائیلاسز مراکز قائم اور فعال کردیئے جائیں گے صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کے مطابق صوبے کے مختلف اضلاع میں ڈائیلاسز مراکز کے قیام کا مقصد گردوں کے امراض میں مبتلا مریضوں کو ان کے اپنے علاقوں میں علاج کی سہولت فراہم کرنا اور انہیں ڈائیلاسز کیلئے دور دراز شہروں کا سفر کرنے کی مشکل سے نجات دلانا ہے اس سلسلے میں ضلع زیارت میں امراض گردہ کا مرکز فعال کردیا گیا ہے، جہاں مریضوں کو ڈائیلاسز سمیت ضروری طبی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں صوبائی وزیر صحت کے مطابق باقی ماندہ اضلاع میں بھی ڈائیلاسز مراکز کے قیام اور فعال بنانے کا عمل جاری ہے، جسے رواں سال کے اختتام تک مکمل کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے صوبے کے دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں صحت کی بنیادی و ضروری سہولیات کی فراہمی سے مقامی سطح پر مریضوں کو بروقت علاج کی سہولت میسر آئے گی اور انہیں پیچیدہ امراض کے علاج کیلئے بڑے شہروں کا رخ کرنے کی ضرورت کم ہوگی۔

بقیہ 25 اظہار اطمینان

) کے درمیان چوتھے اقتصادی جائزے پر پالیسی سطح کے مذاکرات پیر سے اسلام آباد میں شروع ہوں گے، جبکہ کراچی میں ہونے والے تکنیکی سطح کے مذاکرات کے پہلے مرحلے میں آئی ایم ایف جائزہ مشن نے اسٹیٹ بینک حکام کی بریفنگ پر اطمینان کا اظہار کیا ہے۔

بقیہ 26 گارڈ زخمی

سابق صوبائی وزیر زراعت سردار محمد اسلم بزنجو کے آبائی گھر نال میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کردی جس سے ان کے ایک گارڈ زخمی ہوگئے۔ تاہم اس وقت سردار محمد اسلم بزنجو اپنے گھر میں موجود نہیں تھے۔ سردار محمد اسلم بزنجو کے گھر پر فائرنگ سے عوام میں غم و غصے کی لہر دوڑ گئی۔

بقیہ 27 عمارتوں پر حملہ

مطابق ضلع کچھی کے علاقے حاجی شہر میں اچانک مسلح افراد داخل ہوکر اہم سرکاری عمارتوں پولیس تھانہ سکولوں بنیادی صحت کے مراکز و دیگر پر حملہ جبکہ پولیس تھانہ کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا گیا جس سے تھانے کے مین گیٹ سمیت عمارت کا بیشتر حصہ زمین بوس ہوگیا مسلح افراد کچھ دیر کے بعد فرار ہوگئے۔ دوسری جانب پولیس تھانہ و عمارت خالی ہونے کی وجہ سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔

بقیہ 28 1 شخص گرفتار

خاتون سمیت 2 افراد کے خلاف بغاوت کا مقدمہ درج کیا ہے۔ پولیس کے مطابق ملزم نے بیان دیا کہ ایک خاتون نے جتھہ تیار کرنے کا ٹاسک دیا اور احتجاج کے لیے نوجوانوں کی ٹریننگ کروائی، ملزم کے موبائل فون سے خاتون کی آڈیو ریکارڈنگ ملی ہے۔ کارروائی کے دوران گرفتار ملزم کے تین ساتھی فرار ہوگئے، گرفتاری کی کوششیں جاری ہیں۔

بقیہ 29 ہتک آمیز مواد

سی آئی اے) اسلام آباد میں درخواست دائر کردی۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ میاں داؤد نے سماجی رابطوں کے ذرائع پر کیپٹن (ر) محمد صفدر کے خلاف توہین آمیز اور ہتک آمیز مواد نشر کیا، جبکہ ان کی نجی اور ازدواجی زندگی سے متعلق بھی مبینہ طور پر نامناسب مواد اور سوالات اٹھائے گئے۔ رپورٹ کے مطابق کیپٹن (ر) محمد صفدر نے این سی سی آئی اے سے مطالبہ کیا ہے کہ متعلقہ مواد کے الیکٹرانک شواہد اور دیگر معلومات محفوظ کی جائیں۔

بقیہ 30 آئی جی پولیس

ادا کر رہی ہے۔ فرائض کی انجام دہی کے دوران پولیس افسران اور جوانوں کی لازوال قربانیاں ناقابل فراموش ہیں اور ان قربانیوں کو ہمیشہ قدر و احترام کی نگاہ سے دیکھا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پولیس دربار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ڈی آئی جی کوئٹہ عمران شوکت، ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز طاہر علاؤالدین کاسی، ڈپٹی کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری محترمہ شیلا قریشی دیگر افسران اور اہلکار بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ پولیسنگ کے نظام کو عصر حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ اور مزید مؤثر بنانے کے لیے جدید آلات، وسائل اور سہولیات بروئے کار لائی جا رہی ہیں، جبکہ پولیس افسران اور جوانوں کی پیشہ ورانہ استعداد میں اضافے کے لیے جدید خطوط پر تربیت کی فراہمی کو بھی خصوصی اہمیت دی جا رہی ہے۔ اور اس بات پر ان میسر جدید آلات سیف سٹی کے علاوہ موجودہ انفارمیشن اینڈ ٹیکنالوجی کے شعبے سے استفادہ حاصل کیا جارہا ہے۔

بقیہ 31 گورنر بلوچستان

متحرک ہونے کا اظہار ہوتا ہے۔ انہوں نے سابق وفاقی وزیر خلیل جارج کو کرسچن کیمونٹی کے اتنے بڑے شمولیتی جلسے کے انعقاد پر مبارکباد پیش کی۔ گورنر بلوچستان نے یہ بات کوئٹہ میں سابق وفاقی وزیر خلیل جارج کی قیادت میں کرسچن کیمونٹی کے زیر اہتمام منعقدہ شمولیتی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ جلسے میں گورنر بلوچستان کی آمد پر منتظمین اور شرکاء نے کھڑے ہو کر ان کا پرجوش استقبال کیا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) وہ جماعت ہے جس نے قیام پاکستان میں تاریخی کردار ادا کیا۔ قائداعظم محمد علی جناح کے ہاتھ میں جو قومی پرچم تھا آج وہی پرچم مسلم لیگ (ن) کے قائد محمد نواز شریف نے تھام رکھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ قیادت نے ملک کو مشکل معاشی حالات سے نکالنے اور ڈیفالٹ کے خطرے سے بچانے کیلئے اہم اقدامات کیے۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور دیگر قومی قیادت نے پاکستان کی کامیاب خارجہ پالیسی کے ذریعے خطے میں امن اور استحکام کیلئے اہم کردار ادا کیا۔

بقیہ 32 جرمانے ہونگے

کی منظوری دیدی، صدر مملکت آصف علی زرداری نے اسلام آباد کیپٹل ٹیریٹری سیف سٹی کیمرا اور سرویلینس انفرااسٹرکچر کے تحفظ اور نقصان کی تلافی سے متعلق آرڈیننس کی منظوری دے دی۔ آرڈیننس کا مقصد سیف سٹی کیمروں اور نگرانی کے نظام کو نقصان سے محفوظ بنانا اور نقصان کی صورت میں اس کی تلافی یقینی بنانا ہے۔

بقیہ 33 نظام متعارف

کے تحت کمپیوٹرائزڈ نظام کے ذریعے سامنے آنے والے حقائق، قانونی غلطیوں یا تضادات کی نشاندہی رجسٹرڈ افراد کو آئی آر آئی ایس کے ذریعے آن لائن ایڈوائس یا پیشگی اطلاع کی صورت میں کی جاسکے گی، تاکہ کسی قانونی یا تعزیری کارروائی سے قبل متعلقہ شخص وضاحت پیش، غلطیوں کی اصلاح یا دیگر ضروری تدارک کرسکے۔

بقیہ 34 امیر مقام

کی ترجیحات میں دہشت گردی کے خاتمے کا کوئی واضح ایجنڈا نہیں، خیبرپختونخوا کے باشعور عوام نے انتشاری سیاست کو مسترد کردیا ہے۔

بقیہ 35 مذاکرات کی پیشکش

کرتے، 7 دن میں وفاقی حکومت مسئلہ حل کرنا چاہتی ہے تو افہام و تفہیم سے کرلے، چاہتے ہیں کہ مسئلہ حل ہو جائے۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان ہمارے پاس آجائیں تو انہیں خوش آمدید کہیں گے، سیاسی کمیٹی کا فیصلہ تھا کہ تھوڑا وقت دیا جائے، لانگ مارچ میں تاخیر بھی حکمت عملی کا حصہ ہے، 4 اکتوبر کو مارچ کا فیصلہ اٹل ہے۔ وزیراعلیٰ کے پی نے کہا کہ ہم نے لانگ مارچ کی کال سے پہلے ہی مذاکرات کا کہا تھا، احتجاج کرنے پر وزارت اعلیٰ کی کرسی چلی گئی تو فرق نہیں پڑے گا، مجھے نااہل کیا گیا تو میرا متبادل بانی پی ٹی آئی طے کریں گے۔

بقیہ 36 عبدالمالک بلوچ

کمیٹی کے اراکین، پارٹی کے اراکین پارلیمنٹ اور بلوچ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے چیئرمین بوہیر بلوچ نے بھی خصوصی طور پر شرکت کی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ ملک اس وقت شدید سیاسی، معاشی اور انتظامی بحرانوں میں گھرا ہوا ہے۔ بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے حالات انتہائی گھمبیر ہیں، جبکہ حکومتی رٹ کئی علاقوں میں نہایت کمزور ہوچکی ہے سیاسی عمل میں مسلسل رکاوٹیں پیدا کی جارہی ہیں، میڈیا اور دیگر اداروں پر پابندیاں عائد ہیں، پارلیمنٹ اور دیگر جمہوری ادارے مشکلات کا شکار ہیں، جبکہ انصاف کے ادارے بھی مؤثر انداز میں اپنا کردار ادا کرتے ہوئے نظر نہیں آرہے انہوں نے کہا کہ ملک کی بڑی سیاسی و جمہوری جماعتیں بھی مختلف نوعیت کے سمجھوتوں کا شکار دکھائی دیتی ہیں، جس کے باعث ملک کو درپیش بنیادی مسائل کے سیاسی حل کیلئے مؤثر اور سنجیدہ کوششیں نہ ہونے کے برابر ہیں۔ طاقت کے ذریعے سیاسی اور سماجی مسائل حل کرنے کی حکمت عملی مسائل کو ختم کرنے کے بجائے مزید پیچیدہ بنارہی ہے ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ بلوچستان میں ناقص پالیسیوں کے نتیجے میں حکومت اور عوام کے درمیان موجود خلیج مسلسل بڑھ رہی ہے۔ اس خلیج کو کم کرنے کیلئے طاقت کے استعمال کی بجائے سیاسی مکالمے، جمہوری عمل، آئین کی بالادستی، پارلیمنٹ کی خودمختاری اور عوام کے سیاسی، معاشی و قومی حقوق کو تسلیم کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے موجودہ حالات میں نئے صوبوں کے قیام یا قومی وحدتوں کو انتظامی بنیادوں پر تقسیم کرنے کی پالیسی انتہائی حساس معاملہ ہے ایسی پالیسی ملک میں پہلے سے موجود سیاسی، قومی اور وفاقی پیچیدگیوں کو مزید بڑھا سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ قومی وحدتوں کو تقسیم کرنے یا ان کی تاریخی و سیاسی شناخت کو کمزور کرنے والی کسی بھی پالیسی سے ملک کے وفاقی ڈھانچے، سیاسی استحکام اور قومی یکجہتی پر منفی اثرات مرتب ہوسکتے ہیں۔

بقیہ 37 روک تھام

جان و مال کے تحفظ اور علاقے میں امن و امان برقرار رکھنے کیلئے پولیس اہلکار دن رات اپنے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ حساس مقامات اور مختلف علاقوں میں پولیس گشت میں بھی اضافہ کیا گیا ہے، جبکہ مشکوک سرگرمیوں پر نظر رکھی جارہی ہے۔ علاقہ مکینوں کے مطابق پولیس کی موجودگی اور مسلسل نگرانی کے باعث شہریوں میں تحفظ کا احساس پیدا ہوا ہے۔ شہریوں نے پولیس حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ امن وامان کی بہتری کیلئے جاری اقدامات کو مزید مؤثر بنایا جائے اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیوں کا سلسلہ جاری رکھا جائے۔

بقیہ 38 نیشنل پارٹی

قومی اقدار کو روندھا گیا جو نہ صرف افسوسناک بلکہ شدید قابل مذمت ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ تال شعور، عمل و کردار کا گڑھ ہے اور لاکھوں سیاسی کارکنوں کی تربیت کا ذریعہ بنا جو قومی جدوجہد کا حصہ ہے بیان میں کہا گیا کہ اس طرح کے منفی واقعات قومی سیاسی عمل کے لئے نقصان دہ اور جو روایات و اقدار کی منافی ہیں بیان میں زخمی گارڈ کی جلد صحت یابی کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا گیا۔

بقیہ 39 فیصل خان جمالی

کی سرگرمیوں، عوامی رابطہ مہم اور مختلف اہم معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ضلع اوستہ محمد سمیت بلوچستان کے مختلف علاقوں میں عوام کو درپیش مسائل، ان کے حل کیلئے جاری اقدامات اور مستقبل کے لائحہ عمل پر بھی گفتگو ہوئی۔ پارٹی رہنماؤں نے تنظیمی سطح پر رابطوں کو مزید مؤثر بنانے، کارکنوں کو فعال کردار ادا کرنے کے مواقع فراہم کرنے اور عوامی مسائل کو متعلقہ فورمز پر اجاگر کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ رہنماؤں نے کہا کہ پارٹی کارکن عوام کے ساتھ قریبی رابطہ برقرار رکھتے ہوئے ان کے مسائل کے حل کیلئے اپنا کردار ادا کریں۔ سردارزادہ فیصل خان جمالی نے پارٹی رہنماؤں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی عوامی خدمت اور جمہوری جدوجہد کی سیاست پر یقین رکھتی ہے پارٹی کارکنوں اور عوام کے درمیان مضبوط رابطہ ہی عوامی مسائل کے مؤثر حل میں معاون ثابت ہوسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کی فلاح و بہبود، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور ترقیاتی عمل کو آگے بڑھانے کے لیے دستیاب وسائل کو بروئے کار لانے کی ضرورت ہے۔ ملاقات کے اختتام پر پارٹی رہنماؤں نے باہمی رابطوں کو مزید مضبوط بنانے اور پارٹی تنظیم کو نچلی سطح تک فعال و منظم کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ 40 جمال شاہ کاکڑ

کا واضح ثبوت ہے کہ عوام اب حقیقی، مستحکم اور کارکردگی پر مبنی سیاست کو ترجیح دے رہے ہیں جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) واحد جماعت ہے جس نے ماضی میں ثابت کیا کہ وہ محض نعروں کی نہیں بلکہ عملی ترقی، معاشی استحکام اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کی سیاست پر یقین رکھتی ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کو یہ باور ہوچکا ہے کہ ان کے مسائل چاہے وہ روزگار، تعلیم و صحت ہوں یا بنیادی انفراسٹرکچر کے ان کا حقیقی حل صرف مسلم لیگ (ن) کی متوازن اور دور اندیش پالیسیوں میں ہے۔ انہوں نے نئے شامل ہونے والے کارکنوں اور رہنماؤں کو خوش آمدید کہتے ہوئے واضح کیا کہ آج سے یہ سب پارٹی کے اس عظیم قافلے کا حصہ ہیں جو بلوچستان کی محرومیوں کے خاتمے اور صوبے کو قومی دھارے میں باعزت مقام دلانے کیلئے کوشاں ہے۔

بقیہ 41 عبدالرحیم کاکڑ

عناصر کے خلاف قانونی کارروائی کرکے انصاف کے تقاضے پورے کریں ہمارے پاس تمام شواہد موجود ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا اس موقع پر حاجی یاسین مینگل، حضرت علی اچکزئی، میر احمد، سعد اللہ اچکزئی، زاہد، آغا جان درویش سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ سید محمد ایاز آغا اور عبدالرحیم کاکڑ نے کہا کہ نیشنل ویلفیئر آرگنائزیشن نامی غیر سرکاری تنظیم جو کہ بلوچستان میں مختلف ٹھیکیداروں سے سامان کی فراہمی کیلئے ٹینڈر کرواکر ورک آرڈر جاری کئے اور سامان اپنے ویئر ہاؤس میں وصول کرنے کے بعد رقم کی ادائیگی نہیں کی گئی جس کے ہمارے پاس مختلف دستاویزات، ورک آرڈرز، ریکارڈ، تصاویر، آڈیوز اور دیگر شواہد موجود ہیں جنہیں ہم متعلقہ تحقیقاتی اداروں، عدالتوں میں پیش کریں گے۔ ان غیر قانونی اقدامات کے حوالے سے انصاف کے حصول کیلئے ہم نے ایف آئی اے، بلوچستان پولیس، ڈپٹی کمشنر آفس، محکمہ داخلہ اور دیگر دفاتر میں درخواستیں دے چکے ہیں تاحال کوئی شنوائی نہیں ہوئی معلومات اور دستاویزات ریکارڈ کے مطابق اس معاملے میں بعض افراد نے نیشنل ویلفیئر آرگنائزیشن کے نام کو استعمال کرتے ہوئے سیلاب زدہ علاقوں، بالخصوص نصیر آباد، جھل مگسی، سبی اور جعفر آباد کے متاثرین کیلئے مختلف سامان کی فراہمی کے نام پر ٹھیکیداروں سے رابطے کیے اور متعلقہ افراد نے این جی اوز اور سیاسی عہدہ کا استعمال کرتے ہوئے بلوچستان کے پسماندہ اضلاع کو سامان فراہم کرنے جس میں سولر پینلز گھروں کی چھتوں کیلئے سریا، اشیائے خورونوش اور دیگر ضروری سامان شامل تھا ٹھیکیداروں نے مذکورہ سامان کی فراہمی کیلئے ان کی کمپنی کے نام سے ٹینڈر کروائے اور ورک آرڈرز کے ذریعے ان سے کافی سامان مارکیٹ سے فراہم کرنے اور پہنچانے کے عمل کو بروئے کار لاتے ہوئے ان کو سامان دیا ہم متعلقہ اداروں اور حکومت سے اپیل کرتے ہیں کہ اس کے خلاف سخت کارروائی کرکے فراڈ میں ملوث عناصر کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔

بقیہ 42 محکمہ موسمیات

میں 34 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ ہوا محکمہ موسمیات کے مطابق بلوچستان کے ساحلی علاقوں میں گوادر کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 34 جبکہ جیوانی میں 33 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا محکمہ موسمیات نے آئندہ دنوں میں بھی صوبے کے بیشتر اضلاع میں موسم گرم اور خشک رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔

بقیہ 43 صوبائی وزیر

ملازمین کی حاضری اور مجموعی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے انتظامیہ اور عملے کی کاوشوں کو سراہا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ عوام کو معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائے اور ہسپتال میں نظم و ضبط، صفائی اور بہترین سروس کا بھی معیار برقرار رکھا جائے۔ سول ہسپتال لورالائی میں چیف منسٹر ہیلتھ انیشیٹو پروگرام کا افتتاح، آپریشن تھیٹر کے لیے فیومیگیشن مشین کا اعلان سول ہسپتال لورالائی میں صحت عامہ کی سہولیات کو مزید بہتر بنانے کے سلسلے میں ایک اہم پیش رفت سامنے آئی، جہاں حاجی محمد خان طور اتمانخیل نے چیف منسٹر ہیلتھ انیشیٹو پروگرام برائے بلڈ پریشر و شوگر کے دفتر کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ اس موقع پر حاجی محمد خان طور اتمانخیل نے سول ہسپتال کے آپریشن تھیٹر کے لیے فیومیگیشن (Fumigation) مشین فراہم کرنے کا اعلان بھی کیا۔ یہ مشین ڈاکٹرز کی جانب سے پیش کیے گئے مطالبے کی روشنی میں فراہم کی جائے گی۔ فیومیگیشن مشین آپریشن تھیٹرز میں جراثیم کے خاتمے اور ماحول کو جراثیم سے پاک رکھنے میں معاون ثابت ہوتی ہے، جس سے آپریشن کے دوران مریضوں کو جراثیمی انفیکشن کے خطرات سے محفوظ رکھنے میں مدد ملتی ہے۔ افتتاحی تقریب کے موقع پر ڈی ایچ او ڈاکٹر فہیم اتمانخیل، ڈاکٹر زین اللہ اور دیگر ڈاکٹرز و طبی عملہ بھی موجود تھا۔ ہسپتال انتظامیہ اور ڈاکٹرز نے حاجی محمد خان طور اتمانخیل کو مختلف شعبہ جات، طبی سہولیات اور درپیش مسائل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ بعد ازاں حاجی محمد خان طور اتمانخیل نے سول ہسپتال کے مختلف وارڈز کا دورہ کیا اور زیر علاج مریضوں کی عیادت کرتے ہوئے ان کی خیریت دریافت کی۔

بقیہ 44 جمعیت کوئٹہ

کسی صورت قابل قبول نہیں۔ قوم کی بیٹیوں کو نامناسب انداز میں رقص کراتے یا ان کی عزت و وقار کو مجروح کرنے کے عمل کو ثقافت کا نام دینا نہ صرف ہماری تہذیبی اقدار کے منافی ہے بلکہ قومی ثقافت کے حقیقی تشخص کو مسخ کرنے کے مترادف ہے۔ بلوچستان میں آباد تمام اقوام کی اپنی اپنی روایات اور ثقافتی خصوصیات ضرور ہیں تاہم حیا، غیرت، شرافت، رواداری، احترام انسانیت اور مہمان نوازی وہ مشترکہ اقدار ہیں جو اس خطے کی اجتماعی تہذیبی شناخت کا حصہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ثقافت کے نام پر اخلاقی حدود و پامال کرنا باعث شرم اور ہماری تہذیبی اقدار کی توہین ہے۔ رقص و سرور اور فحاشی کو ثقافت سے جوڑنا ہماری صدیوں پر محیط روایات، اقدار اور تہذیبی ورثے کے ساتھ ناانصافی ہے۔ ثقافت وہی ہے جو معاشرے کی مثبت اقدار، تہذیبی روایات اور اجتماعی شناخت کو اجاگر کرے نہ کہ حیا، وقار اور اخلاقی حدود کو مجروح کرے۔ انہوں نے کہا کہ ثقافت اور کلچر کے نام پر منعقد ہونے والی تقریبات میں معاشرتی اخلاق اور تہذیبی اقدار کا احترام یقینی بنایا جائے اور کسی بھی ایسے عمل کی حوصلہ شکنی کی جائے جو معاشرے میں بے حیائی یا اخلاقی بے راہ روی کے فروغ کا سبب بنے۔

بقیہ 45 مولانا عبدالقادر لونی

کی دعا کرتے ہوئے کہا کہ حکمرانوں کی نااہلی سے ملک جل رہا ہے ملک مسلسل دھماکے، خونریزی، بدامنی کے واقعات کے تسلسل سے اضطراب اور بے چینی کی کیفیت سے دوچار ہے پے در پے سانحات کے نتیجے میں سینکڑوں معصوم اور قیمتی جانیں لقمہ اجل بن چکی ہیں انہوں نے کہا کہ آئے روز دہشت گردی، اندوہناک اور دہشتناک واقعات میں قوم اپنے پیاروں کے جنازے اٹھا اٹھا کر تھک چکی حکمرانوں کے غیر سنجیدہ فیصلوں نے ملک کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا ہے امن وامان کے نام پر اربوں روپے خرچ ہونے کے باوجود بدامنی حکومت کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے شاہراہیں غیر محفوظ و حکومت کے قابو سے باہر ہوچکی ہیں ملک میں کہیں بھی حکومتی رٹ دکھائی نہیں دیتی۔ قومی شاہراہوں، اور صوبے کی تمام اضلاع میں بدامنی کے باعث عوام کہیں پر بھی محفوظ نہیں۔

بقیہ 46 سینیٹر عبدالقادر

سلامتی پر براہ راست حملہ ہوگی۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں چیئرمین قائمہ کمیٹی سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ بھارت سندھ طاس معاہدے کو یکطرفہ طور پر معطل رکھنے کے فیصلے کو پاکستان پر دباؤ ڈالنے کے لیے استعمال نہیں کرسکتا۔ پاکستان کا موقف واضح ہے کہ معاہدہ بدستور نافذ اور دونوں ممالک کے لیے پابند ہے۔ ثالثی عدالت کی کارروائی اور فیصلوں کو بھی پاکستان کو عالمی سفارتی فورمز پر اپنے مؤقف کی تائید میں مسلسل پیش کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ دریاؤں کے پانی کو سیاسی ہتھیار بنانے کے سنگین نتائج پورے خطے کے لیے ہو سکتے ہیں۔ عالمی برادری کو بھارت پر زور دینا چاہیے کہ وہ سندھ طاس معاہدے کے تحت اپنی ذمہ داریاں پوری کرے اور پانی کے بہاؤ سے متعلق تنازعات معاہدے میں طے شدہ طریقہ کار کے ذریعے حل کرے۔ سینیٹر محمد عبدالقادر نے مزید کہا کہ وزیراعظم کے خطاب کے بعد ضروری ہے کہ پاکستان اس معاملے پر ایک مسلسل اور مربوط سفارتی مہم چلائے۔

بقیہ 47 ولی افغان

اسٹیشن اور عسکری پارک کے قریب چیک پوسٹوں کا قیام شہریوں کی سمجھ سے بالاتر ہے۔ دنیا بھر میں سکیورٹی چیک پوسٹیں عموماً شہروں کے داخلی و خارجی راستوں پر قائم کی جاتی ہیں، لیکن کوئٹہ میں شہر کے اندر ہی عوام کو روکنے، گھنٹوں قطاروں میں کھڑا کرنے اور ان کی نقل و حرکت کو مشکلات سے دوچار کرنے کا سلسلہ جاری ہے رحیم آغا نے کہا کہ کوئٹہ کے عوام پہلے ہی بدامنی، مہنگائی، بجلی، ٹریفک اور دیگر مسائل کا شکار ہیں، ایسے میں شہر کے اندر جگہ جگہ چیک پوسٹیں قائم کرکے شہریوں کی زندگی مزید اجیرن بنائی جارہی ہے۔ بلیلی کسٹم، بائی پاس، لک پاس اور دیگر مقامات پر قائم چیک پوسٹوں پر عوام اور تاجروں کو طویل انتظار کا سامنا کرنا پڑتا ہے، جس سے معمولات زندگی بری طرح متاثر ہورہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کیا ایک مریض کی زندگی سے زیادہ اہم چند گھنٹوں کی چیکنگ ہے؟ مریض ایمبولینس یا نجی گاڑی میں ہسپتال جانے کیلئے قطار میں پھنس جاتے ہیں، خواتین، بچے اور بزرگ شدید مشکلات برداشت کرتے ہیں، طلباء اپنی کلاسوں سے تاخیر کا شکار ہوتے ہیں جبکہ ملازمین اور تاجر اپنے کام اور کاروبار تک بروقت نہیں پہنچ پاتے۔ اگر سکیورٹی کا مقصد عوام کو تحفظ فراہم کرنا ہے تو ایسا انتظام کیوں بنایا جارہا ہے، جس سے عوام ہی پریشان اور بددل ہوں؟

بقیہ 48 سلیم احمد خان کھوسہ

ورزی ہے بلکہ صوبے میں روزگار اور معاشی سرگرمیوں کو متاثر کرنے کی کوشش بھی ہے میر سلیم احمد کھوسہ نے کہا کہ حکومت ترقیاتی منصوبوں اور ان پر کام کرنے والے مزدوروں کے تحفظ کیلئے ہر ممکن اقدامات کرے گی انہوں نے حملے میں شہید ہونے والے سکیورٹی گارڈ کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے لواحقین سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا جبکہ زخمی کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کی انہوں نے مغوی مزدوروں کی جلد اور بحفاظت بازیابی کیلئے ہر ممکن کوشش کرتے ہوئے کہا کہ حکومت متاثرہ خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے۔

بقیہ 49 تبلیغی اجتماع

نے شرکاء پر زور دیا کہ وہ اپنی زندگیوں کو اللہ تعالیٰ اور نبی کریم حضرت محمد ﷺ کی تعلیمات کے مطابق ڈھالیں، نماز کی پابندی کریں، نیکی اور بھلائی کو عام کریں اور معاشرے میں امن، محبت، رواداری اور بھائی چارے کے فروغ کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔ مقررین نے دین اسلام کی دعوت کو حکمت اور اچھے اخلاق کے ساتھ عام کرنے اور انسانیت کی خدمت کو دینی ذمہ داری قرار دیتے ہوئے شرکاء کو اپنی عملی زندگی میں اسلامی تعلیمات اپنانے کی تلقین کی۔ تین روزہ اجتماع کے آخری روز بھی شرکاء کی بڑی تعداد موجود رہی، جہاں علماء کرام کے بیانات کے بعد خصوصی دعا کرائی گئی۔ دعا میں اللہ تعالیٰ سے ملک پاکستان کی سلامتی، امن و استحکام، امت مسلمہ کی سربلندی، ملک و قوم کی خوشحالی، باہمی اتحاد و اتفاق اور معاشرے سے نفرت و انتشار کے خاتمے کے لیے خصوصی دعائیں کی گئیں اس موقع پر ہر آنکھ اشک بار تھی۔ دعا کے ساتھ ہی تین روزہ اجتماع اختتام پذیر ہوگیا۔ اجتماع میں دور دراز علاقوں سے آنے والے افراد کے لیے انتظامات کیے گئے تھے، جبکہ ضلعی انتظامیہ، پولیس اور دیگر متعلقہ اداروں کی جانب سے سکیورٹی، ٹریفک اور دیگر بہترین انتظامات بھی کیے گئے۔ اجتماع کے اختتام پر شرکاء نے نظم و ضبط اور انتظامی امور میں تعاون کا مظاہرہ کیا اور مختلف علاقوں سے آنے والے افراد اپنے اپنے علاقوں کی جانب روانہ ہوگئے۔

بقیہ 50 جمال رئیسانی

کہا کہ میرے گھر کے دروازے عوام کیلئے ہر وقت کھلے ہیں میں عوام کا منتخب نمائندہ ہوں اور علاقے کے مکینوں اور پارٹی ورکروں کے مسائل کے ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے لئے کوشاں ہوں سراوان ہاؤس کوئٹہ میں آنے والی شخصیات میرے لئے قابل احترام ہے اس موقع پر ملنے والے وفود اور معززین نے اپنے اپنے علاقوں میں درپیش مسائل اور عوامی مشکلات سے نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی کو آگاہ کیا اور ان کے حل کے لیے توجہ دلائی۔ جس پر انہوں نے وفود کی جانب سے پیش کیے گئے مسائل کو غور سے سنا اور ان کے حل کی یقین دہانی کرائی۔

بقیہ 51 میر شاہ زین خان

مزید پیچیدہ ہونے کا خدشہ تھا۔ اس صورتحال کا نوٹس لیتے ہوئے چیف آف بیرک، سفیر امن نوابزادہ میر شاہ زین خان شاہوانی نے فریقین کے درمیان صلح اور امن قائم کرنے کیلئے خصوصی کردار ادا کیا انہوں نے دونوں فریقین کے معتبرین اور ذمہ دار افراد کو تخت ماڑی طلب کیا، جہاں تفصیلی گفت و شنید، جرگہ اور باہمی مشاورت کے ذریعے تنازع کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لیا گیا مشاورت کے بعد دونوں فریقین نے باہمی رضامندی سے اختلافات ختم کرنے، آئندہ بھائی چارے اور امن و امان کو برقرار رکھنے اور ایک دوسرے کے ساتھ خوشگوار تعلقات قائم رکھنے پر اتفاق کیا۔

بقیہ 52 اسلحہ برآمد

ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایت پر قائد آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے زوہیب علی کے قبضے سے ایک 10 گرام چرس برآمد کرلی۔ اسی طرح بروری پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم شہزاد سے 3 کلو چرس برآمد کرکے اسے گرفتار کرلیا۔ ہزارہ ٹاؤن پولیس نے جاوید احمد سے بغیر لائسنس کے پسٹل بمعہ راؤنڈ برآمد کرکے گرفتار کرلیا ایک اور کارروائی نبی شاہ سے پسٹل بمعہ راؤنڈ برآمد کرلئے اور دوران چیکنگ 10 گاڑیوں سے کالے شیشے اور 18 موٹر سائیکلیں بغیر نمبر پلیٹ کے بند کیں۔ پولیس نے تمام ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرکے کارروائی شروع کردی۔

بقیہ 53 گھر پر حملہ

سزا کا مطالبہ کرتے ہیں نیشنل پارٹی کی صوبائی پریس ریلیز جاری کرتے ہوئے صوبائی ترجمان نے کہا کہ نیشنل پارٹی کے خلاف ایک منظم طریقے سے گھناؤنی سازش کھیلی جارہی ہے کبھی پارٹی کے رہنماؤں کو ہراساں کیا جاتا ہے تو کبھی اغوا جب یہ ہتھکنڈوں سے پارٹی اور رہنما مرعوب نہ ہوئے تو اب پارٹی کے مرکزی رہنما سابق صوبائی وزیر سردار محمد اسلم بزنجو کے گھر پر حملہ کیا گیا چادر و چار دیواری کا تقدس پامال کرنے بلوچستان کی روایات کو مسخ کرنے اور حالات کو مزید خراب کرنے کے مترادف ہے جس کی نیشنل پارٹی کسی صورت اجازت نہیں دے گی

بقیہ 54 اینٹی کرپشن

کی گرفتاری کیلئے چھاپے جاری پولیس کے مطابق جعفرآباد کے تحصیل جھٹ پٹ موضع دارو تمائی چہ محبت پور میں واقع 16 ایکڑ زیادہ زرعی اراضیات کو مالکانہ کے بغیر انتقال نمبر 371 مورخہ 2022/4/4 کے تحت جعلی سازی کرپشن اختیارات کا ناجائز استعمال کرنے پر اینٹی کرپشن نے انکوائری مکمل کرکے مقدمہ درج کرلیا گیا مقدمے میں نائب تحصیلدار ظریف گولہ قانون گو عبدالغنی پٹواری بخت گولہ نیاز احمد اور محمد خان کے خلاف درج کرکے نائب تحصیلدار کو گرفتار کرکے دیگر کی گرفتاری کیلئے چھاپے مارے جارہے ہیں۔

بقیہ 55 ایف بی آر

سے بھی آگاہ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ ایف بی آر نے فیلڈ فارمیشنز کو حکومتی فیصلے پر مکمل عملدرآمد یقینی بنانے کا کہا ہے۔

بقیہ 56 پشتونخوا میپ

مراکز میں چوری کی وارداتیں ہورہی ہیں، جبکہ مسلح رہزن سرعام شہریوں کو لوٹ رہے ہیں۔ پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ عوام اپنے گھروں اور کاروباری مراکز میں بھی خود کو محفوظ تصور نہیں کرتے۔ چور اور رہزن کھلے عام گھوم رہے ہیں، جبکہ پولیس اور متعلقہ ادارے عوام کو تحفظ فراہم کرنے میں مکمل طور پر ناکام ہوچکے ہیں۔

بقیہ 57 مسافروں کو لوٹ لیا

قومی شاہراہ پر مسلح ڈاکو کوئٹہ سے جیکب آباد جانے والی دو ویگن کے مسافروں سے ہزاروں روپے نقدی درجنوں موبائل فون و دیگر سامان چھین کر فرار ہوگئے۔

بقیہ 58 قبائلی رہنما

غلام نبی سیاہ پاد میر نوید سیاہ پاد کے والد اور مرحوم میر سرور سیاہ پاد میر غلام مصطفیٰ سیاہ پاد کے بھائی تھے دریں اثناء کوئٹہ سے آن لائن کے مطابق مچھ کے علاقے میں 2 گاڑیوں کے درمیان تصادم کے نتیجے میں 2 افراد جاں بحق اور 2 زخمی ہوگئے زخمیوں اور نعشوں کو ہسپتال منتقل کردیا گیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز کوئٹہ سے سکھر اور سکھر سے کوئٹہ آنے والی گاڑیوں کے درمیان مچھ کے علاقے میں حادثے کے دوران قربان علی اور لال جان موقع پر جاں بحق جبکہ نثار احمد اور احسان علی زخمی ہوگئے حادثے کی اطلاع ملتے ہی مقامی انتظامیہ اور پولیس موقع پر پہنچ گئی زخمیوں اور نعشوں کو ہسپتال منتقل کردیا گیا نعشیں ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے مزید کارروائی پولیس کررہی ہے

بقیہ 59 دیہات ڈوب

دو مختلف مقامات پر چالیس چالیس فٹ کے شگاف پڑنے سے درجنوں دیہی علاقے ڈوب گئے اور کھڑی فصلوں کو بھی نقصان پہنچا واقعے پر محکمہ آبپاشی کے حکام موقع پر پہنچ گئے اور مرمت و شگاف پر کرنے کا کام شروع کردیا گیا۔

بقیہ 60 شدید فائرنگ

انکا حملہ پسپا ہوا واقعے کے بعد پولیس اور اہل علاقے کی عوام بڑی تعداد میں اہل گاؤں پہنچ گئے تاہم فائرنگ سے کسی جانی ومالی نقصان کی اطلاع نہیں ملی

بقیہ 61 نصر اللہ زیرے

کردار ادا کرنا ہوگا۔ سیاست ہماری قومی اور اجتماعی ذمہ داری ہے اور طلبہ کو اس ذمہ داری سے دور نہیں رکھا جا سکتا۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار پشتونخوا سٹوڈنٹ آرگنائزیشن بولان میڈیکل یونیورسٹی کالج کے زیر اہتمام سالانہ فیئر ویل اور ویلکم پارٹی سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر یونٹ سیکرٹری ڈاکٹر سمیع اللہ خان، ڈاکٹر فہیم خان، پشتونخوا سٹوڈنٹ آرگنائزیشن کے صوبائی ڈپٹی سیکرٹری زرینہ خیلواک اور دیگر نے بھی خطاب کیا۔

بقیہ 62 مولانا عبدالواسع

حقوق پر شب خون مارنے کی راہ ہموار کی جارہی ہے۔ جمعیت علماء اسلام ایسی تمام مخلاتی سازشوں کو بے نقاب کرے گی اور ان کے راستے میں مضبوط سیاسی بند باندھے گی انہوں نے کہا کہ جے یو آئی نے بلوچستان کے حقوق کی خاطر اقتدار کو ٹھوکر ماردی، لیکن اصولوں، آئین اور صوبے کے اجتماعی مفادات پر کبھی سمجھوتہ نہیں کیا۔ ریکوڈک ہو، سیندک ہو، این ایف سی کے معاملات ہوں یا اٹھارہویں آئینی ترمیم، جب بھی بلوچستان کے حقوق، وسائل اور صوبائی اختیار کا سوال آیا، جمعیت علماء اسلام نے میدان میں آکر صوبے کا مقدمہ پوری قوت سے لڑا۔ آج راتوں رات نجی ہوٹلوں میں سیاسی بندوبست اور مصنوعی سیاسی کیمپ تیار کرکے بلوچستان کے عوام کے حقوق پر ڈاکہ ڈالنے کی کوشش کی جارہی ہے، ایسے عناصر بلوچستان کے عوام کے حقیقی نمائندے ہونے کا دعویٰ نہیں کرسکتے۔ بلوچستان کی نمائندگی بند کمروں اور نجی ہوٹلوں میں نہیں بلکہ عوام کے ووٹ اور حقیقی مینڈیٹ سے ہوتی ہے۔

بقیہ 63 نعیم الرحمٰن

، جماعت اسلامی کے کارکنوں نے مکمل جوش و جذبے سے حکومتی کوششیں ناکام بنادیں۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے یہ بھی کہا ہے کہ ہمارے تمام مطالبات سادہ اور واضح ہیں، افسوس کہ ملک کی سیاسی جماعتوں نے عوامی مسائل کو بہتر انداز میں نہیں اٹھایا، پالیسی ریٹ کو نیچے آنا چاہیے۔

بقیہ 64 عبدالرؤف لالا

کا ایجنڈا تحصیل کانفرنس، تنظیمی سیاسی سرگرمیوں کو مزید بڑھانے اور تنظیمی فعالیت رہا۔ جس پر اراکین نے سیر حاصل بحث کی اور آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا۔ اجلاس سے عبدالرؤف لالا نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملک کی موجودہ حالات میں سیاسی جمہوری کارکنوں کے کندھوں پر ذمہ داریاں بڑھ چکی ہے، پارٹی کے محبوب چیئرمین تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ اور قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی کی ملک کو بحرانوں سے نکالنے کے لیے پیش کی گئی تجاویز پر عملدرآمد میں تاخیری حربے، آئین سے انحراف دراصل ملک کو مزید بحرانوں کی جانب دھکیلنے کے مترادف ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک اس وقت ایک ایسے نازک سیاسی اور سماجی دور سے گزر رہا ہے جہاں جمہوری اقدار، آئینی بالادستی، سیاسی آزادیوں اور عوام کے بنیادی حقوق کے تحفظ کی ضرورت پہلے سے کہیں زیادہ محسوس کی جارہی ہے۔

بقیہ 65 رحمت صالح

صوبائی وزیر سردار محمد اسلم بزنجو کی رہائش گاہ پر نامعلوم مسلح افراد کی جانب سے فائرنگ اور ان کے گھر کی محافظ کو زخمی کرنے کے واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتا ہوں جھالاوان کے معروف سیاسی قبائلی اور ہردلعزیز شخصیت سردار محمد اسلم بزنجو کی رہائشگاہ پر حملہ نہ صرف انتہائی افسوسناک اور بزدلانہ اقدام ہے بلکہ بلوچی قبائلی اور اسلامی روایات و اقدار کی بھی کھلی خلاف ورزی ہے سردار محمد اسلم بزنجو کو پورا بلوچستان کے عوام ایک امن پسند اور عوامی رہنما کی حیثیت سے اپنی سیاسی و سماجی خدمات کے باعث احترام کی نگاہ سے دیکھے جاتے ہیں ان کی رہائشگاہ کو نشانہ بنانا کسی بھی صورت قابل قبول نہیں ہم اس افسوسناک واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں حکومت وقت اور متعلقہ حکام سے پرزور مطالبہ کرتے ہیں کہ واقعے کی شفاف اور فوری تحقیقات کی جائیں اور حملے میں ملوث عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لاکر کڑی سزا دی جائیں

بقیہ 66 راحیلہ حمید درانی

صوبے کے طویل و دور افتادہ علاقوں میں طویل عرصے سے بند اسکولوں کو دوبارہ فعال کیا جارہا ہے، جبکہ گھوسٹ اساتذہ کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے انہیں محکمہ تعلیم سے فارغ کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان میں اسکولوں کے تعلیمی معیار کو بہتر بنانے کے لیے عملی اقدامات کررہی ہے، نصاب تعلیم میں ضروری تبدیلیاں لائی جارہی ہیں تاکہ طلباء کو جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ معیاری تعلیم فراہم کی جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ طلباء کی حوصلہ افزائی اور ان کے تعلیمی سفر کو آسان بنانے کے لیے اسکالرشپس فراہم کی جارہی ہیں جبکہ مستحق اور قابل طلباء میں لیپ ٹاپ بھی تقسیم کیے جارہے ہیں۔

بقیہ 67 مولانا ہدایت الرحمان

کے نام پر ہسپتال بنائے جاتے ہیں پنجاب کے سرمایہ دار اہل خیر فلاحی خدمات میں الخدمت فاؤنڈیشن کا ساتھ دیتے ہیں یہ کام بلوچستان کا سرمایہ دار سردار و نواب کیوں نہیں کررہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے الخدمت فاؤنڈیشن کے زیراہتمام کوئٹہ کے معذور مجبور افراد میں ویل چیئرز تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ 1300 یتیم بچوں کی بلوچستان میں جماعت اسلامی کفالت کررہی ہے ان میں ایک ہزار یتیم کی کفالت میں پنجاب کے لوگ معاونت کررہے ہیں بلوچستان کے اہل خیر صرف 50 یتیم بچوں کی کفالت کررہے ہیں۔ نظام کی تبدیلی، حقوق کے حصول، امن کیلئے جماعت اسلامی کا ساتھ دیا جائے۔ اس موقع پر 30 معذور افراد میں مفت ویل چیئرز تقسیم کئے گئے تقریب سے الخدمت و جماعت اسلامی کے رہنماؤں عبدالمجید سربازی، عبدالفتح بھنگر، عبداللہ خان، شاہ فیصل بلوچ و دیگر نے اپنے خطاب میں کہا کہ الخدمت فاؤنڈیشن خصوصی افراد جس کو معذور کہا جاتا ہے خصوصی خیال رکھ رہی ہے آج کے ویل چیئرز ان افراد کیلئے الخدمت کی طرف سے تحفہ ہیں الخدمت فاؤنڈیشن آفت مصیبت زلزلہ سیلاب سمیت ہر مشکل میں بلوچستان بھر میں سرگرم عمل رہتی ہے

ملک شدید سیاسی و انتظامی بحرانوں سے دوچار ہے، ڈاکٹر مالک بلوچ

سیاسی عمل میں مسلسل رکاوٹیں پیدا، میڈیا پر پابندیاں عائد، پارلیمنٹ اور دیگر جمہوری ادارے مشکلات کا شکار ہیں' مرکزی صدر نیشنل پارٹی

بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے حالات انتہائی گھمبیر'' قومی وحدتوں کو انتظامی بنیادوں پر تقسیم کرنے کی پالیسی حساس معاملہ ہے

حکومت طاقت کا استعمال کر کے درپیش سیاسی و سماجی مسائل کو مزید پیچیدہ بنا رہی ہے' مرکزی کمیٹی کے اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی مرکزی کمیٹی کا اجلاس پارٹی کے مرکزی صدر اور سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کی زیر صدارت کوئٹہ میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں مرکزی سیکرٹری جنرل میر کبیر محمد شہی، پنجاب وحدت کے صدر ایوب ملک، پختونخوا وحدت کے صدر ڈاکٹر سرفراز احمد، بلوچستان وحدت کے صدر اسلم بلوچ اور سندھ وحدت کی نمائندگی کامریڈ رمضان نے کی اجلاس میں مرکزی۔۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

سمنگلی روڈ پر نامعلوم افراد کی فائرنگ، ایک شخص جاں بحق

کوئٹہ (سی رپورٹر) سمنگلی روڈ پر نامعلوم افراد کی فائرنگ، ایک شخص جاں بحق ہوگیا پولیس کے مطابق تھانہ صدر کے علاقے سمنگلی روڈ پر دادا خان اسکیم کے قریب نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے فرار ہوگئے فائرنگ کے نتیجے میں گل زمان ولد خادم حسین، قوم کھوسہ، سکنہ جیکب آباد، موقع پر جاں بحق ہوگیا۔ اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے کر لاش کو ہسپتال پہنچایا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثا کے حوالے کردی

گنداخہ امن وامان کی صورتحال میں بہتری کی جانب گامزن

ڈی ایس پی اور ایس ایچ او کی نگرانی میں جرائم کے سدباب کیلئے اقدامات جاری

گنداخہ (اے این این) گنداخہ میں امن وامان کے قیام اور جرائم کی روک تھام کیلئے پولیس کی جانب سے اقدامات کے مثبت نتائج سامنے آنے لگے ہیں ڈی ایس پی اور ایس ایچ او گنداخہ کی نگرانی میں پولیس کی جانب سے علاقے میں گشت، نگرانی اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق شہریوں کے۔۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

نیشنل پارٹی کی سردار اسلم بزنجو کی رہائش گاہ پر فائرنگ کی مذمت

واقعہ قومی' سیاسی روایات اور اقدار کے منافی ہے' ترجمان

کوئٹہ (آئی این پی) نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان نے جاری بیان میں پارٹی کے مرکزی رہنماء و سابق وزیر سردار اسلم بزنجو کی رہائش گاہ پر فائرنگ کی شدید الفاظ مذمت کرتے ہوئے کہا کہ نال کی حیثیت قومی سیاست کی بنیاد رکھنے والے میں ہیں اور بزنجو خاندان قومی سیاست کے بلند کردار و عمل کے مالک ہیں افسوس ہے اس حملے سے روایات۔۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ اپنے دفتر میں حلقے کے عوام کے مسائل سن رہے ہیں

پانی کو سیاسی دباؤ کا ہتھیار بنانا ناقابل قبول ہے، سینیٹر عبدالقادر

پاکستان اپنے جائز آبی حقوق کے تحفظ کیلئے ہر سفارتی وقانونی راستہ اختیار کرے گا

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے خطاب میں پاکستان کی آبی سلامتی کا معاملہ بھرپور انداز میں اٹھایا پاکستان کے حصے کے پانی کو روکنے، محدود کرنے یا اس کا رخ موڑنے کی کوئی بھی کوشش ملک کی زراعت، خوراک، توانائی اور قومی۔۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ شہر میں چیک پوسٹوں کا قیام سمجھ سے بالاتر ہے' رحیم آغا

شہر کے اندر ہی عوام کو روکنے، گھنٹوں قطاروں میں کھڑا کرنے کا سلسلہ جاری ہے' ولی افغان

کاروباری حضرات کو اجتماعی طور پر مشکوک سمجھ کر ہراساں کرنا قابل قبول نہیں' نصرالدین کاکڑ

کوئٹہ (آن لائن) انجمن تاجران بلوچستان کے صدر رحیم آغا جنرل سیکرٹری ولی افغان حاجی نصرالدین کاکڑ میر محمد رحیم ہنگوڑی حاجی یعقوب شاہ کاکڑ حاجی فاروق شاہوانی حاجی سید حیدر حاجی حبیب اللہ حاجی اسلم ترین خان کاکڑ حاجی ظہور کاکڑ سید شفیع آغا طاہر خان جدون ملک محمد حسین شاہوانی سید غنی آغا ودیگر نے کوئٹہ شہر اور صوبے کی مختلف شاہراہوں پر قائم چیک پوسٹوں کے خلاف شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہر کے وسط میں ریلوے۔۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

فائرنگ ودیگر واقعات میں قبائلی رہنما سمیت 6 افراد جاں بحق' 57 زخمی

میر غلام نبی سیاہ پاد گھر کے قریب فائرنگ سے ہلاک' مچھ میں گاڑیوں کے درمیان تصادم میں قربان علی اور لال جان جاں بحق

تمبو میں سانپ کے ڈسنے سے خاتون اور ڈیرہ مراد جمالی ایریگیشن کالونی میں 2 کمسن بچیاں کنویں میں ڈوب کر جاں بحق ہوگئیں

25 ستمبر کو مختلف شاہراہوں پر پیش آنے والے حادثات میں 55 افراد زخمی جبکہ 1 شخص جاں بحق ہوا' مرکز 1122 کی رپورٹ

خضدار/ نال/ کوئٹہ/ ڈی ایم جمالی (آن لائن + این این آئی + آئی این پی) قبائلی رہنما میر غلام نبی سیاہ پاد نامعلوم افراد کی فائرنگ سے جاں بحق ہوگئے' نال سیاہ پاد قبائل کی سرکردہ شخصیت اور قبائلی رہنماء میر غلام نبی سیاہ پاد کو نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے شہید کردیا۔ واقعہ تقریباً رات دس بجے پیش آیا جب میر غلام نبی سیاہ پاد اپنے گھر کے سامنے موجود تھے حملہ آور موقع سے فرار ہوگئے ۔شہید۔۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

وفاقی محتسب کے حکم، گیس کے بل پر درخواست گزار کو ریلیف مل گیا

کوئٹہ (این این آئی) درخواست گزار امین نے بتایا کہ انہیں گیس آفس کی جانب سے غیر منصفانہ بل موصول ہوا۔ جس کی درستگی کے لیے انہوں نے متعدد بار گیس آفس سے رجوع کیا لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ لہٰذا، انصاف کے حصول کے لیے انہوں نے وفاقی محتسب ریجنل آفس کوئٹہ سے رجوع کیا اور متعلقہ محکمے کے خلاف درخواست دائر کی درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کر دی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔

جعفرآباد، بالان شاخ میں شگاف، درجنوں دیہات ڈوب گئے

کھڑی فصلوں کو نقصان، شگاف کے مرمت کا کام شروع کردیا گیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) جعفرآباد میں بالان شاخ کو دو مقامات پر چالیس چالیس فٹ کے شگاف پڑنے سے درجنوں دیہات ڈوب گئے کھڑی فصلوں کو نقصان تفصیلات کے مطابق جعفرآباد بالان شاخ کے علاقے گوٹھ روشن رند جمالی کے۔۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

ڈیرہ مراد جمالی، نامعلوم مسلح افراد کا گاؤں پر حملہ شدید فائرنگ

اہل گاؤں نے بھی مسلح افراد پر شدید فائرنگ کی، پورا علاقہ گونج اٹھا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب لانڈھی مروڑ میں نامعلوم مسلح افراد کا گاؤں پر حملہ شدید فائرنگ سے پورا علاقہ گونج اٹھا پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے قریب لانڈھی پولیس تھانے کی حدود گوٹھ مروڑ میں گزشتہ شب نامعلوم مسلح افراد نے گاؤں پر حملہ کیا اور شدید فائرنگ کی جبکہ اہل گاؤں نے بھی مسلح افراد پر شدید فائرنگ کی جس سے۔۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

ایف سی بلوچستان ویسٹ تفتان رائفلز کی جانب سے عوامی خدمت کا سلسلہ جاری

نوکنڈی (آن لائن) ایف سی بلوچستان ویسٹ تفتان رائفلز کی جانب سے ویکی، دور دراز اور سرحدی علاقوں میں عوامی خدمت کا سلسلہ جاری ہے۔ ایف سی اہلکار مشکل حالات میں خراب گاڑیوں اور راستے میں پھنسے مسافروں کو فنی معاونت فراہم کرنے کے ساتھ گاڑیوں کی مرمت میں بھی مدد کرتے ہیں۔ بزرگوں، خواتین اور دیگر ضرورت مند شہریوں کی بھی موقع کے مطابق معاونت کی جاتی ہے۔ عوام کے مطابق مشکل وقت میں بروقت تعاون سے شہریوں کو مشکلات سے نکالنے میں مدد ملتی ہے۔

پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے اجلاس میں صوبائی رہنما اظہار خیال کر رہے ہیں

کوئٹہ: رکن صوبائی اسمبلی زرک خان مندوخیل ڈاکٹر فرحت کو بہترین خدمات پر سوینئر دے رہے ہیں

محنت کش صوبے کی تعمیر وترقی میں کردار ادا کر رہے ہیں' سلیم کھوسہ

فتنہ الہندوستان نے نانا صاحب زیارت میں کمپنی کے کیمپ پر حملہ کیا جو بلوچستان کی ترقی وخوشحالی کے دشمن ہیں' صوبائی وزیر

مغوی مزدوروں کی بحفاظت بازیابی کیلئے ہر ممکن کوشش کی جائے گی' حکومت متاثرہ خاندانوں کو تنہا نہیں چھوڑے گی' مذمتی بیان

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم احمد خان کھوسہ نے ضلع زیارت کے علاقے نانا صاحب زیارت میں سڑک تعمیر کرنے والی کمپنی کے کیمپ پر حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایسے بزدلانہ حملے بلوچستان میں ترقی تعمیر نو اور معاشی سرگرمیوں کو سبوتاژ کرنے کی کوشش ہیں اپنے مذمتی بیان میں میر سلیم احمد کھوسہ نے کہا کہ کالعدم تنظیم بی ایل اے (فتنہ الہندوستان) کی جانب سے نانا صاحب زیارت میں سڑک تعمیراتی کمپنی کے کیمپ کو نشانہ بنانا بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی کے دشمن عناصر کی ایک اور کارروائی ہے انہوں نے کہا کہ صوبے میں سڑکوں، بنیادی ڈھانچے اور دیگر ترقیاتی منصوبوں پر کام کرنے والے محنت کشوں کو نشانہ بنانا انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت ہے صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ نے کہا کہ بلوچستان میں ترقیاتی منصوبوں پر کام کرنے والے محنت کش صوبے کی تعمیر وترقی میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں اور انہیں نشانہ بنانا نہ صرف انسانی حقوق کی سنگین خلاف۔۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

لورالائی تین روزہ تاریخی تبلیغی اجتماع اختتام پذیر

ملک بھر سے بڑی تعداد میں افراد کی شرکت ملک کی سلامتی کیلئے دعائیں

لورالائی (آن لائن) لورالائی میں منعقد ہونے والا تین روزہ تبلیغی اجتماع اختتام پذیر ہوگیا۔ اجتماع میں ملک کے مختلف علاقوں سے بڑی تعداد میں افراد نے شرکت کی۔ تین روز تک جاری رہنے والے اجتماع میں علماء کرام نے قرآن وسنت کی تعلیمات، سیرت طیبہ ﷺ، دعوت وتبلیغ، اصلاح معاشرہ، انسانیت کی خدمت، باہمی محبت، اخوت و بھائی چارے اور اسلامی اقدار کے فروغ کے حوالے سے تفصیلی بیانات کیے۔ اجتماع کے دوران علماء کرام۔۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

اے سی برووری کا مکمل شدہ ترقیاتی سکیمات کا دورہ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے احکامات اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ منیر احمد درانی کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر برووری کاشف امر نے لوکل گورنمنٹ ڈپارٹمنٹ کے مالی سال 2025-26 کی مکمل شدہ ترقیاتی سکیمات کا تفصیلی دورہ کیا اسسٹنٹ کمشنر برووری نے کوئٹہ ایونیو، برووری روڈ اور سریاب کے مختلف علاقوں میں مکمل کی گئی ترقیاتی سکیمات کا موقع پر معائنہ کیا

فیصل خان جمالی سے پیپلز یوتھ آرگنائزیشن اور پیپلز پارٹی کے رہنماؤں کی ملاقات

بلوچستان میں عوامی مسائل کے حل، عوامی رابطہ مہم اور پارٹی سرگرمیوں کو موثر بنانے پر زور

عوام اور پارٹی کارکنوں کے درمیان مضبوط رابطہ مسائل کے حل میں معاون ثابت ہوسکتا ہے، صوبائی وزیر

کوئٹہ (آئی این پی) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنما و صوبائی وزیر لائیو اسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ سردارزادہ میر فیصل خان جمالی سے پیپلز یوتھ آرگنائزیشن بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری شان ثاقب ابڑو اور پاکستان پیپلز پارٹی ضلع صحبت پور کے ضلعی صدر میر محمد یعقوب خان کھوسہ نے ایم پی اے ہاسٹل کوئٹہ میں ملاقات کی۔ ملاقات میں بلوچستان کی مجموعی سیاسی و علاقائی صورتحال، پاکستان پیپلز پارٹی کے تنظیمی امور، پارٹی۔۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

سیاست سے طلبہ کو دور رکھنا مسائل کا حل نہیں، نصراللہ زیرے

سیاست ہماری قومی اور اجتماعی ذمہ داری ہے، پشتونخوا نیپ

صوبے میں کم وبیش لاکھوں بچے سکولوں سے اس وقت باہر ہیں

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی صدر و سابق ممبر صوبائی اسمبلی نصراللہ خان زیرے، پشتونخوا اسٹوڈنٹ آرگنائزیشن کے صوبائی سیکرٹری وارث افغان اور پشتونخوا نیپ ڈاکٹرز یونٹ سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر عبدالصمد پانیزئی نے کہا ہے کہ طلبہ پر پشتون قومی ذمہ داریاں دیگر طبقات کی نسبت زیادہ عائد ہوتی ہیں، بالخصوص طب کے شعبے سے وابستہ ڈاکٹرز اور زیر تعلیم میڈیکل طلبہ کو اپنی قوم کی فلاح وبہبود کے لیے ہر میدان میں آگے بڑھ کر اپنا۔۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر کو پولیس لائن کوئٹہ آمد پر پولیس کا چاق وچوبند دستہ سلامی پیش کر رہا ہے

میرے گھر کے دروازے عوام کیلئے ہروقت کھلے ہیں، جمال رئیسانی

علاقہ مکینوں کے مسائل کے حل کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و رکن قومی اسمبلی نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے کہا ہے کہ علاقہ مکینوں کے مسائل کے حل اور بنیادی ضروریات کی فراہمی کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہے ہیں تاکہ علاقہ مکینوں کو مشکلات سے چھٹکارا مل سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے حلقہ این اے 264 سریاب سے تعلق رکھنے والے پارٹی ورکروں اور علاقہ مکینوں کے وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے۔۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر جعفر خان مندوخیل' جمال شاہ کاکڑ' خلیل جارج' زرک خان مندوخیل ودیگر ن لیگ شمولیت کرنے والوں سے خطاب کر رہے ہیں

عوام کے اجتماعی حقوق پر سمجھوتوں کی راہ ہموار کی جارہی ہے' مولانا عبدالواسع

عوام کے حقیقی مینڈیٹ کو نظر انداز اور مصنوعی سیاسی کھیپ تیار کرنے کا مقصد حق حاکمیت پر حملہ ہے' صوبائی امیر جمعیت

شاہوانی قبائل محمود زئی وحسن زئی کے درمیان تنازعہ حل' فریقین بغلگیر

نوابزادہ میر شاد ین خان شاہوانی نے فریقین کے درمیان صلح اور امن قائم کرنے کیلئے خصوصی کردار ادا کیا

بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

مسلم لیگ ن بلوچستان کی محرومیوں کے خاتمے کیلئے کوشاں ہے' جمال شاہ کاکڑ

بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، منشیات فروش سمیت 4 افراد گرفتار، اسلحہ برآمد

ملزمان کیخلاف الگ الگ مقدمات درج، کارروائی شروع کردی

بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

سردار بزنجو کے گھر پر حملہ بلوچستان کی روایات کیخلاف ہے

حملہ حالات کو مزید خراب کرنے کے مترادف، عوام کی حق حاکمیت کو مقدم سمجھتے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما سابق صوبائی وزیر سردار محمد اسلم بزنجو کے گھر پر حملہ بلوچستان کی روایات کے خلاف اور حالات کو مزید خراب کرنے کے مترادف ہے جس کی پرزور الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے حملہ آوروں کو گرفتار کر کے قرار واقع۔۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت فراڈ میں ملوث این جی او کیخلاف کارروائی کرے' انجمن تاجران

ٹھیکیداروں کو جعلی ورک آرڈر دیکر ان سے کروڑوں روپے کا سامان وصول کرنے کے باوجود انہیں ادائیگیاں نہیں کی گئیں' عبدالرحیم کاکڑ

ایف آئی اے، پولیس، ڈپٹی کمشنر آفس، محکمہ داخلہ اور دیگر دفاتر میں درخواستیں جمع کرانے کے باوجود تاحال کوئی شنوائی نہیں ہوئی' سید محمد ایاز آغا

کوئٹہ (آن لائن) مرکزی انجمن تاجران رجسٹرڈ بلوچستان اور متاثرہ ٹھیکیداران کے رہنماؤں عبدالرحیم کاکڑ، سید محمد ایاز آغا نے غیر سرکاری تنظیم نیشنل ویلفیئر آرگنائزیشن کی جانب سے ٹھیکیداروں کو جعلی ورک آرڈر دیکر ان سے کروڑوں روپے کا سامان وصول کرنے کے باوجود تاحال ادائیگیاں نہیں کی گئیں جس کی وجہ سے ہمیں مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے وزیراعلیٰ بلوچستان اور تحقیقاتی وفاقی ادارے اس جعلی این جی او کے نام سے لوگوں کے ساتھ فراڈ کرنے کا نوٹس لیتے ہوئے تحقیقات کر کے ہماری رقم واپس دلا کر اس میں ملوث۔۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

انتظار رہے کب وزیراعظم پاکستان کے دورے پر آئینگے' نعیم الرحمن

حکومت کو عوام پر بوجھ ڈالنے کے بجائے اپنے خرچے کم کرنے چاہئیں، حکومت عوام پر سارا بوجھ ڈال دیتی ہے

سیاسی طور پر ایم این ایز کو نوازا جاتا ہے، یہ سیاسی رشوت ہے، 11 ارب روپے کا جہاز مریم نواز نے لیا، پریس کانفرنس

لاہور (بیورو رپورٹ) جماعت اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ انتظار کر رہے ہیں کہ کب وزیر اعظم پاکستان کے دورے پر آئیں گے۔ لاہور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت کو عوام پر بوجھ ڈالنے کے بجائے اپنے خرچے کم کرنے چاہئیں، حکومت عوام پر سارا بوجھ ڈال دیتی ہے۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ سیاسی طور پر ایم این ایز کو نوازا جاتا ہے، یہ سیاسی رشوت نہیں تو اور کیا ہے؟ 11 ارب روپے کا جہاز مریم نواز نے لیا۔ انہوں نے کہا کہ کل کے ہمارے جلسے کو روکنے کے لیے حکومت نے ناکام کوشش کی۔۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

جعفرآباد، نائب تحصیلدار سمیت پانچ اہلکاروں کیخلاف مقدمہ درج ایک گرفتار

زرعی اراضیات جعلی دستاویزات بنانے اور فراڈ کے ذریعے منتقلی اینٹی کرپشن کا ایکشن

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) جعفرآباد میں سولہ ایکڑ زرعی اراضیات جعلی دستاویزات بنانے اور فراڈ کے ذریعے منتقلی اینٹی کرپشن کا ایکشن نائب تحصیلدار پٹواری قانونگو سمیت ریونیو ڈیپارٹمنٹ کے پانچ اہلکاروں کے خلاف مقدمہ درج ایک گرفتار دیگر۔۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

میر مددخان سنجرانی کی دوبارہ پارٹی میں شمولیت خوش آئند ہے، سربراہ نیشنل پارٹی

کوئٹہ (آئی این پی) میر مدد خان سنجرانی نیشنل پارٹی کے دیرینہ ساتھی ہے ان کی دوبارہ پارٹی میں شمولیت ایک مثبت، خوش آئند اور حوصلہ افزا عمل ہے۔ ان خیالات کا اظہار نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے میر مدد خان سنجرانی کی نیشنل پارٹی میں دوبارہ شمولیت کے موقع پر کیا۔ اس موقع پر نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اسلم بلوچ اور میر مدد سنجرانی نے بھی خطاب کیا۔

بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم گرم وخشک رہنے کی پیشنگوئی

گزشتہ روز کوئٹہ میں درجہ حرارت 31 اور سبی میں 42 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا' محکمہ موسمیات

کوئٹہ (یو این اے) محکمہ موسمیات نے بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم گرم اور خشک رہنے کی پیشگوئی کی ہے، جبکہ صوبے کے مختلف علاقوں میں درجہ حرارت میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق کوئٹہ میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 31، قلات میں 28، زیارت میں 23 اور ژوب میں 32 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق سبی میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 42، تربت میں 43، نوکنڈی میں 40 اور چمن۔۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

پرامن احتجاج شہریوں کا بنیادی جمہوری حق ہے، عبدالرؤف لالا

آئین سے انحراف ملک کو بحرانوں کی جانب دھکیلنے کے مترادف ہے

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ مربوط تحصیل صدر کمیٹی کا اجلاس تحصیل سیکرٹری تیمور علیزئی کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں پارٹی کے مرکزی ڈپٹی چیئرمین عبدالرؤف لالا، صوبائی لیبر سیکرٹری حبیب الرحمن بازئی، صوبائی سیکرٹری برائے پارلیمانی امور حضرت عمر ایڈووکیٹ، ضلع ایگزیکٹیو وضلع کمیٹی کے اراکین نے شرکت کی۔ اجلاس کی کارروائی تحصیل سینئر معاون سیکرٹری راحت بازئی نے سرانجام دی۔ اجلاس۔۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: ن لیگ بلوچستان کے جنرل سیکرٹری ورکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ شمولیتی جلسہ سے خطاب کر رہے ہیں

ایف بی آر کی سرکاری ایندھن میں 50 فیصد کمی پر عملدرآمد کی ہدایت

اقدام 3 ماہ کے لیے ہوگا، فیصلہ فوری طور پر نافذ العمل قرار دیا گیا، ایندھن کی ضرورت سے بھی آگاہ کرنے کی ہدایت

ضروری خدمات انجام دینے والی اور ایف بی آر کی آپریشنل گاڑیاں ایندھن کی کمی کے فیصلے سے مستثنیٰ ہوں گی، مراسلہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ایف بی آر نے تمام فیلڈ فارمیشنز کو سرکاری گاڑیوں کے لیے ایندھن کی فراہمی میں 50 فیصد کمی کے حکومتی فیصلے پر من وعن عملدرآمد کی ہدایت کردی۔ ایندھن میں کمی کا یہ اقدام 3 ماہ کے لیے ہوگا جبکہ فیصلہ فوری طور پر نافذ العمل قرار دیا گیا ہے۔ مراسلے میں کہا گیا ہے کہ سرکاری گاڑیوں کے لیے ایندھن کی فراہمی میں 50 فیصد کمی فوری طور پر نافذ کی جائے گی۔ ایف بی آر کی جانب سے تمام متعلقہ فیلڈ فارمیشنز کو حکومتی فیصلے کے مطابق ضروری اقدامات کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ مراسلے کے مطابق آپریشنل گاڑیوں کے لیے ایندھن کی فراہمی میں 50 فیصد کمی نہیں ہوگی۔ ضروری خدمات انجام دینے والی گاڑیاں اور ایف بی آر کی آپریشنل گاڑیاں بھی ایندھن کی کمی کے فیصلے سے مستثنیٰ ہوں گی۔ ایف بی آر نے واضح کیا کہ مستثنیٰ اداروں کی انتظامی اور غیر آپریشنل گاڑیوں پر ایندھن میں کمی کا فیصلہ لاگو ہوگا۔ اس طرح استثنیٰ صرف ضروری خدمات اور آپریشنل نوعیت کی گاڑیوں تک محدود رہے گا۔ مراسلے میں تمام متعلقہ حکام کو آپریشنل گاڑیوں کے ایندھن کے بجٹ کی ضرورت۔۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

واشک، نامعلوم شخص کی گولیوں سے چھلنی لاش برآمد

پنجگور (یو این اے) ضلع واشک کی تحصیل ناگ کے حدود بالی سوراپ سے ایک نامعلوم شخص کی لاش برآمد ہوئی ہے، جسے شناخت کے لیے پنجگور ٹیچنگ اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ موصول تفصیلات کے مطابق مقتول کے جسم پر گولیوں کے کئی نشانات پائے گئے ہیں، جس سے بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ اسے گولیاں مار کر قتل کیا گیا ہے۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 ایمرجنسی سروس کے عملے نے موقع پر پہنچ کر لاش کو اپنی تحویل میں لیا۔

عوام کو طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے، صوبائی وزیر

حاجی محمد خان طور اتمانخیل کا ٹیچنگ ہسپتال لورالائی کا اچانک دورہ

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر حاجی محمد خان طور اتمانخیل نے ٹیچنگ ہسپتال لورالائی کا اچانک دورہ کیا، جہاں انہوں نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا تفصیلی معائنہ کیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر (DHO) نے انہیں ہسپتال کی مجموعی کارکردگی، مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، عملے کی حاضری، صفائی ستھرائی اور انتظامی امور کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ صوبائی وزیر نے ہسپتال میں صفائی کے انتظامات۔۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

تہذیبی اقدار کا احترام یقینی بنایا جائے، جمعیت کوئٹہ

حیا، غیرت اور مہمان نوازی یہاں کی مشترکہ تہذیبی اقدار ہیں

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، مولانا محب اللہ، مولانا محمد ایوب، شیخ مولانا عبدالاحد محمد حسنی، مولانا سعید احمد، حافظ سراج الدین، مفتی محمد روزی خان بادیزئی، مولانا محمد شعیب جدون، رحیم الدین ایڈووکیٹ اور مولانا محمد عارف شمشیر نے کہا ہے کہ فیشن اور ثقافت کے نام پر حیا وعفت کی پامالی اور قابل اعتراض حرکات کو فروغ دینا۔۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

سردار محمد اسلم بزنجو کی رہائشگاہ پر فائرنگ قابل مذمت ہے، رحمت صالح

فائرنگ بلوچ روایات کیخلاف ہے، واقعے کی شفاف تحقیقات کی جائیں

پنجگور (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما حاجی صالح محمد بلوچ نے اپنے مذمتی بیان میں سابق صوبائی وزیر زراعت سردار محمد اسلم بزنجو کی رہائشگاہ پر فائرنگ کی مذمت کرتے ہوئے شدید غم وغصے کا اظہار کیا ہے، حاجی صالح محمد بلوچ نے کہا کہ یہ حملے اور بزدلانہ حرکت جس گروہ یا شخص نے کی ہے انتہائی افسوسناک بلوچ روایات کے خلاف ہے اور چادر وچار دیواری کی پامالی ہے، انہوں نے مزید کہا کہ نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنماء و سابق۔۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

گھوسٹ ملازمین کے خلاف کارروائی جاری رہے گی' راحیلہ حمید درانی

حکومت اسکولوں کے تعلیمی معیار کو بہتر بنانے کیلئے عملی اقدامات کر رہی ہے

مستحق اور قابل طلباء میں لیپ ٹاپ بھی تقسیم کیے جا رہے ہیں' صوبائی وزیر تعلیم

نصیر آباد (اے این این) پاکستان مسلم لیگ (ن) خواتین ونگ بلوچستان کی صدر اور صوبائی وزیر تعلیم بلوچستان راحیلہ حمید درانی سے پاکستان مسلم لیگ (ن) نصیر آباد ڈویژن کے جنرل سیکرٹری میاں محمد حسین گولہ نے ان کے دفتر سیکرٹریٹ میں ملاقات کی۔ ملاقات میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کوئٹہ ڈویژن کے سینئر نائب صدر ارباب اقبال کانسی اور مکران ڈویژن کے رہنما قدیر بلوچ بھی موجود تھے۔ اس موقع پر صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی نے بلوچستان میں شعبہ تعلیم کی بہتری کے لیے کیے جانے والے اقدامات پر تفصیلی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ۔۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

عوام کو جرائم پیشہ عناصر کے رحم وکرم پر نہیں چھوڑا جاسکتا، پشتونخوا میپ

شہریوں کو تحفظ فراہم کرنا ریاست اور حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے

علاقوں میں امن وامان کی صورتحال تشویشناک ہوچکی ہے، بیان

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ کے پریس ریلیز میں گزشتہ کئی ماہ سے کوئٹہ شہر، بالخصوص ہزار گنجی، نیو اڈہ، سریاب، تختانی بائی پاس اور ملحقہ علاقوں میں چوری، ڈکیتی اور رہزنی کی بڑھتی ہوئی وارداتوں پر شدید تشویش اور سخت مذمت کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ ان علاقوں میں امن وامان کی صورتحال انتہائی تشویشناک ہوچکی ہے۔ آئے روز شہریوں کو دن دہاڑے لوٹا جا رہا ہے، گھروں، دکانوں اور کاروباری۔۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

ژوب، اسکول میں توڑ پھوڑ وچوری میں ملوث ملزمان گرفتار

ژوب (یو این اے) ژوب پولیس نے ایک کامیاب کارروائی کے دوران گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول کلی برج میں توڑ پھوڑ کرنے، سرکاری ریکارڈ کو نقصان پہنچانے اور قیمتی سامان چوری کرنے والے ملزمان کو گرفتار کرلیا ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق ایس پی ژوب سید عبدالصبور کی خصوصی ہدایت پر ایس ایچ او عبدالرحمن مندوخیل نے کارروائی کرتے ہوئے صرف دو دن کے اندر اندر مطلوبہ ملزمان کو دبوچ لیا اور ان کے قبضے سے تمام چوری شدہ سامان بھی برآمد کرلیا گیا۔

اے سی کوئٹہ کاشف امر لوکل گورنمنٹ کے مکمل ہونیوالے ترقیاتی منصوبوں کا معائنہ کر رہے ہیں

بختیارآباد، ڈاکوؤں نے پیٹرول پمپ، دو ویگن کے مسافروں کو لوٹ لیا

ڈاکو لاکھوں روپے نقدی درجنوں موبائل فون ودیگر سامان چھین کر فرار

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) نوتال اور بختیارآباد کے علاقوں میں ڈاکو راج قومی شاہراہ پر پیٹرول پمپ اور دو ویگن کے مسافروں کو ڈاکوؤں نے لوٹ لیا لاکھوں روپے نقدی درجنوں موبائل فون ودیگر سامان چھین کر فرار پولیس کے مطابق ربی پل کے قریب گوٹھ میر ایوب مینگل آباد کے ایریا میں گزشتہ شب نامعلوم مسلح افراد نے گن پوائنٹ پر مولانا پیٹرول پمپ پر عملے کو یرغمال بنا کر لاکھوں روپے نقدی چھین کر فرار ہوگئے جبکہ بختیارآباد کے قریب میں۔۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: مولانا ہدایت الرحمن' عبدالمجید سرابازی ودیگر الخدمت فاؤنڈیشن ویل چیئرز تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

سیاسی ومذہبی پارٹیوں کو جماعت اسلامی کی تقلید کرنی چاہیے' مولانا ہدایت الرحمن

بلوچستان میں 1300 یتیم بچوں کی کفالت جماعت اسلامی کر رہی ہے اس کار خیر میں پنجاب کے لوگ بھرپور تعاون کر رہے ہیں' صوبائی امیر

الخدمت فاؤنڈیشن قدرتی آفات زلزلہ وسیلاب سمیت ہر مشکل میں سرگرم عمل رہی ہے' معذور افراد میں ویل چیئرز تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ سیاسی ومذہبی پارٹیوں کو جماعت اسلامی کی فلاحی دینی سیاسی خدمات کی تقلید کرنی چاہیئے فلاحی کام دیانت داری سے جماعت اسلامی کر رہی ہے دیانت وخدمت میں کوئی پارٹی جماعت اسلامی کا مقابلہ نہیں کرسکتی کروڑوں کی گاڑیوں میں گھومنے والے سرمایہ داروں کو خدمات کیلئے الخدمت فاؤنڈیشن کا ساتھ دینا چاہیے بلوچستان میں کسی سردار نواب نے اپنے والد کے نام پر کوئی ہسپتال نہیں بنایا البتہ سرکار کے بجٹ میں اپنے بڑوں۔۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: مشرقی بائی پاس پر نالے کے بندش کے باعث سڑک کنارے گندا پانی جمع ہے

حکمرانوں کے غیر سنجیدہ فیصلوں نے ملک کو نقصان پہنچایا' جمعیت نظریاتی

امن وامان پر اربوں خرچ ہونے کے باوجود بدامنی ودہشتگردی کے واقعات کا رونما ہونا حکومتی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے' مولانا عبدالقادر لونی

ڈی آئی خان میں دھماکہ اور دکی سے مزدوروں کا اغواء قابل مذمت' حالات حکومت کے قابو سے باہر ہوچکے' مولانا محمود الحسن قاسمی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی صوبائی امیر خیبر پختونخوا قاضی گل الرحمان تکیال مرکزی سرپرست مولانا محمد طیب مرکزی ناظم سوم ڈاکٹر امداد اللہ سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ مفتی فداالرحمان ودیگر نے کہا کہ ڈیرہ اسماعیل خان میں دھماکے اور بلوچستان میں مزدوروں کے اغواء کی شدید الفاظ سے مذمت اور شہادتوں پر غم وافسوس کا اظہار، اور اہل خانہ کیلئے صبر جمیل اور زخمیوں کی جلد صحت یابی۔۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر